باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 33 | بروز پیر 12 جون 2023ء/ 23 ذوالقعدہ 1444ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 162

WWW.Dailysahafatquetta.com

جمہوری مضبوطی کیلئے انتخابات کا بروقت انعقاد ہونا چاہیے

شہباز شریف

مشکلات کے باوجود آئندہ مالی سال کے بجٹ میں سرکاری ملازمین کو تنخواہوں اور پنشنوں میں بڑا اضافہ دیا، وزیر اعظم

وزیراعظم کو کمشنر لاہور کی طرف سے لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے زیر نگرانی سپورٹس کے جاری دیگر منصوبوں پر بریفنگ دی گئی

لاہور (پ ر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ نواز شریف کی قیادت میں ملک میں سیاسی استحکام لائیں گے اس کے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں، مشکلات کے باوجود آئندہ مالی سال کے بجٹ میں سرکاری ملازمین کو تنخواہوں اور پنشروں کو پنشن میں بڑا اضافہ دیا ہے، عمران نیازی کے اکسانے پر پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار فوجی تنصیبات پر حملہ کیا گیا، ایسے عناصر کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ اسی ماہ ہونے کی توقع ہے، اگر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 1)

خیبر پختونخوا اور پنجاب میں بارش اور طوفان کے متاثرین کی امداد کی جائے گی، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (یو این اے) وزیر مملکت اور ترجمان پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 2)

2 سے 3 ہفتوں میں عمران خان کیخلاف قانونی کارروائی کا آغاز ہو جائیگا، رانا ثنا اللہ

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کا کہنا ہے کہ دو سے تین ہفتوں میں چیئرمین پی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 3)

کمرے میں تاحیات ایکسٹینشن کی آفر کرنیوالا باہر میر جعفر کے نعرے لگاتا تھا، مریم اورنگزیب کی عمران پر تنقید

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے پاکستان تحریک ا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 4)



لاہور، وزیراعظم محمد شہباز شریف سبزار اسپورٹس کمپلیکس کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈاکٹر فوزیہ اور عافیہ کے بچوں کو قتل کی دھمکیاں دی جا رہی ہے، مشتاق احمد خان

ہماری حکمرانوں میں اتنی بھی غیرت نہیں ہے کہ وہ عافیہ کی رہائی کے لئے آواز اٹھائے

ملاقات کے دوران عافیہ صدیقی کو زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا، رہنما جماعت اسلامی

پشاور (یو این اے) جماعت اسلامی کے رہنماء سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا ہے کہ ڈاکٹر فوزیہ اور عافیہ کے بچوں کو قتل کی دھمکیاں دی جا رہی ہے، ہماری حکمرانوں میں اتنی بھی غیرت نہیں ہے کہ وہ عافیہ کی رہائی کے لئے آواز اٹھائے، ملاقات کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 7)

سکول ہو یا کالج، ہسپتال ہو یا کھیل کا میدان، ہیلتھ کارڈ ہو یا گرین بس کا منصوبہ یہ سب عوام کے اپنے پیسے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

سرکاری اداروں میں زیر تعلیم بچوں سے سکول کا افتتاح کرائیں گے سرکاری ہسپتالوں میں زیر علاج غریب مریضوں سے ہسپتالوں کا افتتاح کرائینگے

عوامی منصوبوں کا افتتاح اب عوام کرینگے

عبدالقدوس بزنجو

تمام محکمے ایک ہفتے کے اندر اپوائنٹمنٹ آرڈرز جاری کردیں جنکے ٹیسٹ اور انٹرویو اپریل تک مکمل ہوچکے ہیں، وزیراعلیٰ کی ہدایت

کچھ عرصہ پہلے ہی بم اور بلٹ پروف گاڑیوں کے استعمال پر پابندی عائد کردی تھی، جو ہمارا خالق و مالک ہے وہی ہماری حفاظت کا ذمہ دار بھی ہے اس لئے ہمیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ کچھ عرصہ پہلے ہی بم اور بلٹ پروف گاڑیوں کے استعمال پر پابندی عائد کردی تھی جسکے بعد انہوں نے سی ایم سیکریٹریٹ کی بم اور بلٹ پروف گاڑیوں کا استعمال نہیں کیا۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ وہ اس پاک ذات اور اسکی قدرت پر کامل یقین رکھتے ہیں جس نے ہمیں پیدا کیا اور ہم نے لوٹ کر اسکے پاس ہی جانا ہے اور وہی ہماری جانوں کا محافظ ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جو ہمارا خالق و مالک ہے وہی ہماری حفاظت کا ذمہ دار بھی ہے اس لئے ہمیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 5)

حکومت اقتصادی استحکام لانے کیلئے طویل مدتی پالیسیاں وضع کر رہی ہے، احسن اقبال

60 فیصد حصہ جاری ترقیاتی منصوبوں، 40 فیصد نئی سکیموں کے لئے مختص کیا گیا ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

سرکاری شعبے کے پروگرام کے بجٹ کا 60 فیصد حصہ جاری ترقیاتی منصوبوں اور 40 فیصد نئی سکیموں کے لئے مختص کیا گیا ہے

لاہور (یو این اے) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک میں اقتصادی استحکام لانے کے لئے طویل المیعاد پالیسیوں کے ساتھ ساتھ حقیقت پسندانہ اہداف بھی مقرر کئے ہیں، حکومت نے بجٹ میں نئے ٹیکس عائد کرنے کی بجائے ٹیکس کے دائرۂ کار کو وسعت دینے اور محصولات کی چوری میں موجود خامیوں کو دور کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ ایک انٹرویو میں احسن اقبال نے کہا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 11)

سابق صدر آصف علی زرداری آنکھ کا چیک اپ کرانے دبئی پہنچ گئے

سابق صدر کے ہمراہ بختاور بھٹو بھی بچوں اور خاوند سمیت دبئی پہنچے ہیں، ذرائع

لاہور (یو این اے) سابق صدر آصف علی زرداری دبئی پہنچ گئے، پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آنکھ کا چیک اپ کرانے دبئی گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سابق صدر آصف علی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 6)

کراچی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سندھ اسمبلی میں پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سٹی سے سیٹ ایڈجسٹمنٹ انتخابی اتحاد نہیں ہوگا، جاوید لطیف

پی ٹی آئی چیئرمین نے ملک کو نقصان پہنچانے کیلئے جو خودکش جیکٹ پہنی تھی اس کے سہولت کاروں کو سامنے لایا جائے

لیول پلیئنگ فیلڈ صرف میرا نہیں بلکہ 23 کروڑ عوام کا مطالبہ ہے، مائنس نواز شریف اور باقی سب ہوں ایسا نہیں ہوسکتا

لاہور (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے چیئرمین نے ملک کو نقصان پہنچانے کیلئے جو خودکش جیکٹ پہنی تھی اس کے سہولت کاروں کو قوم کے سامنے لایا جائے، نواز شریف سے ہونے والی ناانصافیوں پر معافی مانگی جائے اور ریڈ کارپٹ بچھا کر بلایا جائے، مسلم لیگ (ن) عام انتخابات میں کسی سے سیٹ ایڈجسٹمنٹ اور انتخابی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 8)

چودھری پرویز الٰہی کو میڈیکل چیک اپ کے بعد جیل منتقل کر دیا گیا

سابق وزیراعلیٰ کو دل میں تکلیف ہونے پر چیک اپ کیلئے جیل سے پی آئی سی لایا گیا

لاہور (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر و سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کو جیل میں دل میں تکلیف ہونے پر چیک اپ کے لیے پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی لایا گیا، چیک اپ کے بعد ٹیسٹ بہتر ہونے پر ان کو واپس جیل منتقل کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کو کیمپ جیل میں اچانک دل میں تکلیف محسوس ہوئی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 10)

نئے پاور ٹرانسفارمر کی تنصیب سے گوجرانوالہ کے لاکھوں صارفین مستفید ہونگے، وزیر توانائی

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر توانائی انجینئر خرم دستگیر خان نے کہا ہے کہ 132 کے وی اروپ گرڈ اسٹیشن میں 6 کروڑ روپے کی لاگت سے 37.5 میگاواٹ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 9)

پنجاب کی نگران حکومت 4 ماہ کا بجٹ آئندہ ہفتے پیش کرے گی

لاہور (یو این اے) پنجاب کا آئندہ مالی سال کے چار ماہ کا بجٹ نگران حکومت کی جانب سے آئندہ ہفتے میں پیش کئے جانے کا امکان ہے، نئی ترقیاتی سکیمیں الیکشن کمیشن (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 13)

پاکستان ماحولیاتی تبدیلی کا سبب نہیں پھر بھی گراؤنڈ زیرو بن چکا ہے، شیری رحمان

پنجاب اور کے پی کے میں بارشوں کی وجہ سے مختلف حادثات میں 29 افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس ہوا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (یو این اے) پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما و سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ پاکستان ماحولیاتی تبدیلی کا سبب نہیں اس کے باوجود ہم ماحولیاتی تبدیلی کا گراؤنڈ زیرو بن چکے ہیں۔ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا کہ خیبر پختونخوا اور پنجاب میں طوفانی بارشوں کی وجہ سے مختلف حادثات میں 29 افراد کے جاں بحق ہونے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 12)

بجٹ آنے والی حکومت کیلئے مشکلات پیدا کرنے کا ایجنڈا ہے، شیخ رشید

(ن) اور پیپلز پارٹی آمنے سامنے آنے والی ہیں، الیکشن میں کسی نے جھرلو پھیرا تو عوام مرلو پھیر دینگے

لاہور (یو این اے) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ 14 کھرب کے بجٹ میں 7 کھرب کا خسارہ کہاں سے پورا ہوگا، جب کارخانے نہیں چلیں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 20)

قوم سے ایک اور وعدہ پورا کر دیا ہے، روس سے خام رعایتی تیل کا پہلا کارگو کراچی پہنچ گیا ہے، وزیراعظم

روس سے کراچی پہنچنے والے جہاز سے تیل کا اخراج (آج) سے شروع ہو جائے گا

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ قوم سے ایک اور وعدہ پورا کر دیا ہے، روس سے خام رعایتی تیل کا پہلا کارگو کراچی پہنچ گیا ہے، آج ایک تبد (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 19)

ملتان، مسلم لیگ (ن) کی مرکزی نائب صدر مریم و ناز شجاع آباد میں یوتھ کنونشن سے خطاب کر رہی ہیں

ہماری حکومت نے گزشتہ سال حقیقت پسندانہ بجٹ پیش کیا، بلال اظہر کیانی کا حماد اظہر کا جواب

پی ٹی آئی حکومت کے 3 سال میں ایف بی آر کا ٹیکس ہدف پورا نہ کیا جا سکا، کوآرڈینیٹر وزیراعظم کا بیان

اسلام آباد (یو این اے) وزیر اعظم شہباز شریف کے کوآرڈینیٹر بلال اظہر کیانی نے تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری حکومت نے گزشتہ سال حقیقت پسندانہ بجٹ پیش کیا، بجٹ میں ڈیفالٹ کے خدشات کم کرنے کے لیے اقدامات کیے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 17)

کوئٹہ میں کسٹمز حکام کی مختلف کاروائیاں میں 12 کروڑ روپے مالیت کی سگریٹ برآمد

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ میں کسٹمز حکام نے مختلف کاروائیاں کرتے ہوئے 12 کروڑ روپے مالیت کی سگریٹ برآمد کر لی۔ ترجمان کسٹمز حکام کے مطابق چیف کلکٹر بلو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 15)

خضدار میں لیویز فورس کی کاروائی اشتہاری ملزم گرفتار

کوئٹہ (پ ر) خضدار میں لیویز فورس نے کاروائی کرتے ہوئے اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ریٹائرڈ جمیل بلوچ و اسسٹنٹ کمشنر نال اکبر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 16)

بلوچستان سمیت ملک بھر میں ساڑھے 7 لاکھ افغان مہاجرین کا رجسٹریشن کی تجدید نہ کرائے جانے کا انکشاف

رجسٹریشن تجدید نہ کرانے والے افغان مہاجرین کہاں گئے؟ کھوج شروع کر دی گئی

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان سمیت ملک بھر موجود 7 لاکھ 50 ہزار افغان مہاجرین کا رجسٹریشن کی تجدید نہ کرائے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ لاکھوں افغان مہاجرین کہاں گئے کھوج شروع کر دی گئی نادرا اور ایف آئی اے میں موجود افغانیوں کا ڈیٹا بلوچستان (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 18)

لاہور، وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

فوج کیخلاف بغاوت کیلئے نکلنے والا اب ان سے بھیک مانگ رہا ہے، مریم نواز

26 سال کی محنت کر کے پارٹی بنانے کی بات کرنے والے کی پارٹی 26 منٹ میں کرچی کرچی ہوگئی، جس کے جہاز میں جماعت بنی تھی اسی کے جہاز میں واپس گئی ہے

کہتا تھا میں ان کو رلاؤنگا، مسلم لیگ (ن) کو رلانے والے با جماعت دھاڑے مار مار کر رو رہے ہیں، نواز شریف نے بار بار چھینی ہوئی حکومت واپس چھینی ہے

شجاع آباد (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کو توڑنے والے کی اپنی جماعت اتنی رہ گئی ہے جو ایک پنچکی میں بھی آ جائیگی، 26 سال کی محنت کر کے پارٹی بنانے کی بات کرنے والے کی پارٹی 26 منٹ میں کرچی کرچی ہوگئی، جس کے جہاز میں جماعت بنی تھی اسی کے جہاز میں واپس گئی ہے، کہتا تھا میں ان کو رلاؤنگا، مسلم لیگ (ن) کو رلانے والے با جماعت دھاڑے مار مار کر رو رہے ہیں، نواز شریف نے بار بار چھینی ہوئی حکومت واپس چھینی ہے، اب بھی ایسا ہی ہوگا، نومسی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 21)

لاہور، چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر اشرفی میں استحکام پاکستان علماء مشائخ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سنا تھا حکومت نے سیاسی عدم استحکام پیدا کیا، مولانا عبدالواسع

پاکستان کو ایک بار پھر ایشین ٹائیگرز بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس

9 مئی کو ہونے والے واقعات کی تیاری پہلے سے کی گئی تھی، ساری منصوبہ بندی زمان پارک میں کی گئی سیاست میں نفرت کا بیج بویا گیا، بیان

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ پاکستان کو ایک بار پھر ایشین ٹائیگرز بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے جمعیت علمائے اسلام آئندہ انتخابات میں بھرپور حصہ لیگی، پی ڈی ایم کی جماعتوں سے سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی جاسکتی ہے۔ حکمران اتحاد نے مالی مشکلات کے باوجود بجٹ میں عوام کو زیادہ ریلیف (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 14)

گوادر بھر کے ساحل پر دفعہ 144 نافذ، سمندر پر ہر قسم کی نقل و عمل پر پابندی عائد کر دی گئی

گوادر (پ ر) ضلع گوادر بھر کے ساحل پر دفعہ 144 نافذ، سمندر پر ہر قسم کی نقل و عمل پر، ہنگامی بنیادوں پر ضلع بھر کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی اور ضلع بھر میں ماہی گیروں کار (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 35)

استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر رہنما جہانگیر ترین برطانیہ روانہ

طبی معائنہ کرائینگے، اوورسیز پاکستانیوں سے ملاقاتیں کریں گے، ذرائع

لاہور (یو این اے) سیاسی جماعت استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر رہنما جہانگیر ترین برطانیہ روانہ ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق جہانگیر ترین برطانیہ میں اپنے قیام کے دوران اوورسیز پاکستانیوں سے ملاقاتیں کریں گے۔ جہانگیر ترین برطانیہ میں اپنا طبی معائنہ بھی کروائیں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 23)

نوشکی میں مسلح افراد اسلحے کے زور پر 2 موٹر سائیکلیں اور 7 موبائل فونز سمیت رقم چھین کر فرار ہونے میں کامیاب

نوشکی (پ ر) نوشکی میں مسلح افراد اسلحے کے زور پر 2 موٹر سائیکلیں اور 7 موبائل فونز سمیت رقم چھین کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کو نوشکی کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 34)

قلات میرا حلقہ اور میرا گھر ہے اس کی ترقی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ضیاء لانگو

حکومت میں شامل تمام اتحادی جماعتوں کو بلوچستان کے ترقی کیلئے ساتھ لیکر چلیں گے

قلات (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو کا ایک روزہ دورہ قلات، جاری ترقیاتی اسکیمات کا جائزہ لیا، کاموں میں کسی بھی قسم کی کوئی کمی کوتاہی برداشت نہیں کیا جائے گا صوبائی وزیر داخلہ، تفصیلات کے مطابق وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو کا قلات میں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 24)

علماء مساجد اور مدارس ہی دنیا میں امن محبت و اخوت کے سفیر ہیں

حافظ حمد اللہ

مغرب نواز لادین قوتوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے کیلئے دینی مدارس کے بہترین خدمات کو ہر فورم پر اجاگر کرنا معاشرے کے فرد فرد کی ذمہ داری ہے

ریاستی سرپرستی و تعاون کے بغیر اپنی مدد آپ کے تحت رضائے الٰہی کیلئے دینی مدارس ملک بھر کے ہزاروں بے سہارا غریب بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کر رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی ترجمان اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سینیٹر مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ اسلام ہمیں خدمت انسانیت اور احترام انسانیت کا درس دیتا ہے دینی مدارس کے طلباء معاشرے میں اعلیٰ اخلاق تہذیب و شرافت کا نمونہ بنے دنیا جانتی ہے کہ مغرب دینی مدارس کے مثبت اور تعمیری کردار کو مسخ کرنے کیلئے بے بنیاد پروپیگنڈوں کا سہارا لے رہا ہیں علماء مساجد اور مدا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 22)

قوم میرا حلقہ اور میرا گھر ہے اس کی ترقی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ضیاء لانگو

حکومت میں شامل تمام اتحادی جماعتوں کو بلوچستان کے ترقی کیلئے ساتھ لیکر چلیں گے

قلات (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو کا ایک روزہ دورہ قلات، جاری ترقیاتی اسکیمات کا جائزہ لیا، کاموں میں کسی بھی قسم کی کوئی کمی کوتاہی برداشت نہیں کیا جائے گا صوبائی وزیر داخلہ، تفصیلات کے مطابق وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو کا قلات میں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 24)

میران شاہ میں دہشتگردوں سے جھڑپ کے دوران تین فوجی جوان شہید

شہداء میں لکی مروت کے صوبیدار اصغر علی اور سپاہی نسیم خان جبکہ ایبٹ آباد کے سپاہی محمد زمان شامل ہیں

مسلح افواج دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں، بہادر سپاہیوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں

اسلام آباد (بیورو چیف) ضلع شمالی وزیرستان کے علاقے میران شاہ میں فورسز اور دہشت گردوں میں شدید جھڑپ کے دوران تین فوجی جوان شہید جبکہ تین دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فورسز کی کارروائی میں تین دہشت گرد جہنم واصل ہوئے اور چار (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 33)

قلعہ عبداللہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے 2 راہ گیر زخمی

کوئٹہ (پ ر) قلعہ عبداللہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے 2 راہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 32)

سنی کے علاقے میں نوجوان جو گولیاں مار کر قتل کر دیا گیا

بولان (پ ر) سنی کے علاقے میں نوجوان جو گولیاں مار کر قتل کر دیا گیا وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ لیویز ذرائع کے مطابق ضلع (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 31)

سمندری طوفان بائپر جوائے مزید شدت اختیار کر گیا

لہروں کی اونچائی زیادہ سے زیادہ 30 سے 40 فٹ ہے اور سمندری حالات غیر معمولی ہیں، محکمہ موسمیات

گوادر / گڈانی / کراچی / اسلام آباد (یو این اے) بحیرہ عرب میں موجود انتہائی شدید سمندری طوفان بائپر جوائے مزید شدت اختیار کر گیا ہے اور اس وقت کراچی کے جنوب سے تقریباً 760 کلومیٹر، ٹھٹھ کے جنوب سے 740 کلومیٹر اور اورماڑہ کے جنوب مشر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 30)

وفاقی بجٹ سے لنڈے کا کاروبار کرنے والوں کو فائدہ ہوگا، جان جمالی

کیونکہ جوتے، موزے سمیت ان اشیا پر رعایت دی گئی ہے جن کا تعلق لنڈے کے کاروبار سے ہے

اب لوگوں کو لنڈے کا کاروبار کرنا چاہیے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی نے آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ پر دلچسپ تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس بجٹ سے لنڈے کے کاروبار کرنے والوں کو فائدہ ہوگا۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ایک موقع پر اسپیکر میر جان محمد جمالی نے وفاقی بجٹ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 25)

سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

نامعلوم افراد سے اسپیشل برانچ کے انچارج اے ایس آئی رفیق احمد کو قتل کر دیا

تربت (یو این اے) تربت میں موٹر سائیکل سوار کی فائرنگ، پولیس آفیسر فائر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 26)

کالعدم بلوچ لبریشن آرمی کا حصہ رہنے والے فلک شیر مری اور جاوید مری قومی دھارے میں شامل

کوئٹہ (یو این اے) کالعدم بلوچ لبریشن آرمی کا حصہ رہنے والے قومی دھارے میں شامل ہونے پر خوش ہیں اور انہوں نے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 27)

خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع میں شدید طوفان اور بارش

پاک فوج تمام وسائل بروئے کار لا کر سول انتظامیہ کے ساتھ اس مشکل وقت میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) ضلع بنوں، لکی مروت اور کرک سب سے زیادہ متاثر ہوئے اب تک کی اطلاعات کے مطابق جانی اور مالی نقصان کی اطلاعات ہے پاک فوج کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی ہیں اور امدادی میں سرگرمیوں میں مصروف ہیں پاک فوج (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 29)

بھارتی طیارہ بھٹک کر پاکستانی فضائی حدود میں داخل

پرواز 30 منٹ تک پاکستانی حدود میں رہی

لاہور (یو این اے) بھارتی شہر امرتسر سے احمد آباد جانے والی انڈیگو ایئر لائن کی پرواز خراب موسم کی وجہ سے لاہور کے قریب پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوگئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق بھارتی میڈیا نے بتایا کہ پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہونے والی پرواز 30 منٹ بعد (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 28)

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر مشتمل مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کرتے ہوئے ملازمین کو دیگر صوبوں کی طرح سہولیات فراہم کی جائیں گزشتہ 5 دنوں سے اساتذہ اکرام تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہوئے ہیں لیکن حکومت وقت ٹس سے مس نہیں ہورہی ہے یہ عمل قابل تشویش ہے، معاشرے میں اساتذہ کے کردار کو نہایت ہی قدر و احترام کے ساتھ دیکھا جاتا ہے لیکن ہمارے صوبے میں ملازمین کو بالخصوص اساتذہ اکرام کو دیوار سے لگانے کا سلسلہ جاری ہے جس کے نتائج سنگین برآمد ہوں گے۔ بی این پی نے ہمیشہ محنت کشوں اور اساتذہ اکرام کے بنیادی حقوق کے لئے ہر پلیٹ فارم پر آواز بلند کی ہے جس کا واضح ثبوت 1996 کو پارٹی کے قائد سردار اختر جان مینگل کی قیادت میں قلات سے لیکر کوئٹہ تک ملازمین کی چالیس فیصد الائنس کی بحالی کے لئے تاریخی لانگ مارچ کی قیادت کی اور گرفتاری بھی پیش کی جب 1997 میں سردار اختر جان مینگل بلوچستان کے وزیر اعلیٰ بنے تو انہوں نے سنگین معاشی بحران کے باوجود اور بیورکریسی کے بہانوں اور رکاوٹ کے باوجود چالیس فیصد الائنس بحال کیا جس کے نتیجے میں بلوچستان بھر سے ملازمین استفادہ حاصل کررہے ہیں جو کہ بی این پی کی محنت کش، مزدور دوستی کا واضح ثبوت ہے۔ ہم محنت کشوں کو مشکل حالات میں کسی بھی صورت میں حکومتی ہٹ دھرمی کے لئے تن وتنہا نہیں چھوڑیں گے۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کا نقصان بھی عوام کو ہوا ہم عوام کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔عوام کے ووٹ سے منتخب ہوکر تمام تر مسائل کو حل کرینگے اور پیپلز پارٹی عوامی پارٹی ہے۔میر علی حسن زہری صدر پیپلز پارٹی حب کی قیادت میں اور میر عمران بنگلوئی کی سربراہی میں ساکران جہان آباد گرینڈ شمولیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف قبائلی شخصیات و سیاسی لوگوں سمیت بھوتانی برادران بی این پی مینگل پارٹی و پاک سرزمین پارٹی کو خیر آباد کرکے پیپلز پارٹی میں بڑی تعداد میں شامل ہونے کا باقاعدہ اعلان کردیا جن میں لہڑی، رئیسانی مری، مینگل، قلندرانی، دشتی، سیاپاد، گرگناڑی ریکی جاموٹ اور رودینی برادری سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد شامل ہیں۔اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنما و کارکنان میر اسحاق ریکی ۔میر رفیق سالانی ۔شکیل شیخ ۔میر سعید علیزئی، عبدالحمید شیخ ۔محمد جان مری منتخب کونسلر صوبائی نائب صدر پیپلز پارٹی نوید درانی ڈویژن جنرل سیکریٹری ڈاکٹر ثنا رونجہ۔جنرل سیکریٹری حب پیپلز پارٹی شریف پالاری، ضلعی نائب صدر سردار زادہ نعیم خان بلیدی، تحصیل صدر سرفراز سومرو، جنرل سکریٹری اسحاق زہری، ضلعی رہنما ابراہیم کریم، عامر سومرو بھی موجود تھے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ء نے سچر ڈے ویلفیئر گروپ کے تعاون سے 4000 ہزار فٹ پائپ لائن بچھائی، جو روزانہ کی بنیاد پر حاصل بازار کی عوام کو 500 گیلن میٹھا پانی فراہم کریگا۔ مقامی لوگوں نے ایف سی بلوچستان ساؤتھ اور سچر ڈے ویلفیئر گروپ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہا کہ اس معاملے کا صوبائی حکومت سے کوئی تعلق نہیں ہے یہ خالصتاً وفاقی معاملہ ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی دعوت پر غیر ملکی خصوصاً عرب ممالک سے سیاح اور اعلیٰ شخصیات پاکستان آتے ہیں اور ان کا تمام تر شیڈول وفاقی انتظامیہ طے کرتی ہے انہیں باقاعدہ چرند و پرند کے شکار کی اجازت ہوتی ہے اور یہ شیڈول دونوں حکومتوں کی جانب سے پہلے طے ہوتا ہے لہذا وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اخلاقیات کا مظاہرہ کرتے ہوئے بے اختیارات حکم نامہ کو فوری طور پر واپس لینا چاہیے۔ کہ شیخ زاہد النہیان شیخ خلیفہ النہیان شیخ محمد بن زاہد کی بلوچستان سمیت پورے پاکستان کیلئے صحت، تعلیم، پانی اور دیگر شعبوں میں بہت بڑی خدمات ہیں۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تھے شدید بارشوں کی وجہ سے کان بیٹھ گئی جس سے کان کن اندر ہی پھنس گئے تھے، ضلعی انتظامیہ کوئلہ کان میں پھنسے کارکنوں کے لواحقین کی ان کے زندہ لوٹنے کی امیدیں دم توڑ چکی ہیں لواحقین اب وہ ان کی میتیں ملنے کی امید لگائے بیٹھے ہیں یہ واقعہ 4 مئی کوئٹہ سے 320 کلومیٹر دور ضلع دکی میں واقع ایک کان میں پیش آیا تھا لواحقین نے کہا ہے کہ کوئلہ کان میں پھنسے کان کنوں میں ایک 22 سالہ عبدالباقی اور دوسرا 26 سالہ شرف الدین ہے ضلعی انتظامیہ سمیت دیگر محکموں کی جانب سے ریسکیو آپریشن بھی روک دیا گیا ہے کان کنوں کی جانب سے اپنی مدد آپ کے تحت جاری کان میں کھدائی کا کام بھی روک دیا گیا ہے ضلعی انتظامیہ کے مطابق ریسکیو ورکرز اب تک 900 فٹ گہرائی تک کھدائی کرکے جاچکے ہیں کان کنوں کے زندہ نکلنے کا امکان بہت کم ہے کیونکہ اب وقت بہت گزر چکا ہے اگر وہ اب بھی پھنسے کان کن زندہ نکل آتے ہیں تو یہ ایک معجزہ ہوگا بلوچستان میں کائلہ کانوں میں سیفٹی سمیت دیگر سہولیات کی عدم فراہمی کے باعث آئے روز واقعات رونما ہورہے ہیں کوئلہ کانوں میں مختلف حادثات میں اب تک سینکڑوں کان کن مزدوروں کی زندگیوں کے چراغ گل ہوچکے ہیں کان کن سہولیات کی عدم فراہمی کے باجود پہاڑوں کو سینہ چھیر کا کوئلہ تو نکال رہے ہیں کوئلہ کانوں میں آکسیجن، صحت کی بنیادی سہولیات سمیت کان کنوں کو کسی قسم کی آگاہی نہیں دی گئی ہے

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے جو آنے والے ترقیاتی منصوبوں پر برے آثرات مرتب ہو سکتے ہیں محکمہ خزانہ ذرائع کے مطابق حکومت کی ہدایت پر بجٹ تو بنایا گیا اور 16 جون کو پیش بھی ہوگا لیکن اس بار فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے بہت سی مشکلات درپیش ہونگے یعنی جو رقوم تعلیم صحت امن امان اور دیگر حوالوں سے مختص کیئے گئے وہ بھی مقررہ وقت میں ریلیز نہ ہونے کا خدشہ ہے اسی طرح اس بجٹ میں سب سے زیادہ خسارہ بھی شامل ہے جو بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے جو 120 ارب روپے خسارہ شامل ہے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عوام کا ایک بڑا حصہ اس وقت ایرانی پیٹرولیم مصنوعات کے کاروبار سے منسلک ہیں اور ان کے گھر کے چولہے چل رہے ہیں اگر حکومت بلوچستان کی جانب سے قیمتوں کو برقرار رکھنے کی بجائے ان کی پمپس اور دکانیں بند کی گئی تو اس سے نہ صرف بے روزگاری میں اضافہ ہوگا بلکہ لوگوں کے گھروں کے چولہے بھی بجھ جائیں گے جس کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال کی تمام تر ذمہ داری حکومت بلوچستان پر عائد ہوگی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) روزگار کے مواقع پر کسی بھی قسم کی قدغن کے خلاف ہیں ایک پالیسی تشکیل دی جائیں یا پھر کمیٹی تشکیل دی جائیں جو قیمتوں کو برقرار رکھنے کیلئے کام کرے۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چکزئی صدر رسول سنڈیمن جمال شاہ کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے خبروں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد میں پارلیمنٹ کے سامنے بھرپور احتجاج کے نتیجے میں وفاقی حکومت نے ملازمین کی تنخواہوں میں 35% کا اضافہ کیا جس کے لیے ملازمین کے قائدین نے اپنا خون پسینا بہایا ہے اگر صوبائی حکومت نے کوئی چالاکی دکھانے کی کوشش کی تو آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن سمیت بلوچستان بھر کے صوبائی ملازمین اور دیگر ملازم تنظیموں کے ساتھ مل کر ایسا احتجاج کرے گا کہ اس قدوسی حکومت کے درپردہ حمایتی بھی اس کو نہیں بچا سکیں گے۔ اس حوالے سے جلد ایک مشاورتی اجلاس بلا کر کرحکمت عملی مرتب کی جائے گی انہوں نے ملازمین سے اپیل کی کہ قیاس آرائیوں پر توجہ نہ دیں آپس میں اتحاد اتفاق قائم رکھیں اور ایک بھرپور احتجاج کے لیے ذہنی طور پر اپنے آپ کو تیار کریں آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن صوبائی حکومت کے بے بسانہ بیانات پر خدشہ ظاہر کرہیکہ وہ ایک بار پر ملازمین کو جھوٹی تسلی اور کمیٹی بنانے کا جو جھوٹی طریقہ واردات ہے اسکو بہت پہلے ازماچکیہیں ہم اپنے ممبران کو نہ پہلے مایوس کیا ہے نہ آئندہ مایوس کرینگے انکی حقوق کی جنگ ہرصورت لڑینگے صوبائی حکومت بلوچستان بھرکیتمام ملازمین کے پچھلے سال کے 10 فیصد ڈی آرائے کے مقروض ہے جو کہ خود معاہدہ بھی کیا تھا ملازمین کیساتھ

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حسینی امام بارگاہ سانگھڑ سٹی وہ شیعان حیدر کرار سانگھڑ سٹی کی جانب سے پرامن احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں سینکڑوں افراد شریک تھے، ریلی ایم اے جناح روڈ سے ہوتی ہوئی پریس کلب پر اختتام پذیر ہوئی جہاں علما کرام مولانا غلام علی حکیمی، مولانا غلام اکبر کربلائی، مولانا نثار احمد اور مولانا فیاض احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا اسلام ہمیں محبت ،خلوص، رواداری، صبر، توحید، رسالت وبھائی چارے کا درس دیتا ہے اور اسی کو بنیاد بنا کر نواسہ رسول حضرت امام عالی مقام نے معرکہ کربلائی میں شہادت دے کر دنیا میں ثابت کردیا، ہم اللہ تبارک و تعالیٰ کی واحدانیت پر یقین رکھتے ہیں اور الحمدوللہ نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا نبی مانتے ہیں خداوند کریم ہمیں سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور ہماری صفوں میں اتحاد و محبت عطا فرمائے لیکن یزیدی لشکر کی باقیات آج بھی موجود ہیں جنکو بے نقاب کرنا اور نشان عبرت بنانا ہمارا فرض ہے، انہوں نے شدید الفاظ میں واقعی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حضرت امام مہدی علیہ السلام کی شان اقدس میں ملعون احسن باکسر کی جانب سے ہونے والی گستاخی پر اہل ایمان کے دلوں میں غم و غصے کی لہر دوڑ گی ء ہے اس لیے ہمارا حکومت وقت سے پرزور مطالبہ ہیکہ اس ملعون کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے اور سخت سے سخت سزا دی جائے، آخر میں قرارداد پیش کی گئی جس میں حکومت پاکستان سے پرزور مطالبہ کیا گیا کہ اس ملعون کو فوری طور پر گرفتار کیا۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آباد میں موسم خشک اور گرم رہے گا۔ کشمیر میں تیز ہواوں اور گرج چمک کے ساتھ بارش جبکہ گلگت بلتستان میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہے گا۔ جبکہ ایبٹ آباد، مانسہرہ، کرم اور کوہستان میں بارش کا امکان ہے۔ سندھ اور پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم رہے گا پنجاب میں بعد از دوپہر گرد آلود ہوائیں چلنے جبکہ مری، گلیات، خطہ پوٹھوہار، سیالکوٹ، گجرات، گوجرانوالہ اور لاہور میں بارش کا امکان ہے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے سے چائلڈ لیبر پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''چائلڈ لیبر کے خاتمے کے عالمی دن'' پر اپنے ایک پیغام میں کیا۔ منظور احمد بلوچ کا کہنا تھا کہ آئین پاکستان کا آرٹیکل 25(A) ریاست کو پابند کرتا ہے کہ وہ 6 برس سے 15 برس کی عمر کے بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم فراہم کرے جبکہ آرٹیکل 27 اور 28 میں چائلڈ لیبر کی روک تھام کے حوالے سے اقدامات کرنے کی بات کی گئی ہے، 18 ویں ترمیم کے بعد صوبائی حکومتوں نے آئین کی ان شقوں کی روشنی میں چائلڈ لیبر کے حوالے سے قانون سازی کی، بچوں کے حقوق کے عالمی کنونشن کے مطابق چائلڈ لیبر کو روکنے کیلئے ریاست کو کردار ادا کرنا ہوگا، آئی ایل او کنونشن 182 بچوں کی پرخطر ملازمت کی ممانعت کرتا ہے اور پندرہ سال سے کم عمر بچوں سے جبری مشقت کروانا قانون کی سنگین ترین خلاف ورزی قرار دیتا ہے، بچوں سے جبری مشقت کرانے کیخلاف قوانین موجود ہیں لیکن ان پر عمل درآمد نہ ہونے کی وجہ سے لاکھوں بچے آج بھی مزدوری کرنے پر مجبور ہیں لہٰذا چائلڈ لیبر کے خاتمے کیلئے بڑے پیمانے پر آگاہی مہم چلائی جائے اور قوانین پر عمل درآمد کیلئے زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنائی جائے۔ل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات منظور احمد بلوچ کا کہنا تھا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدور بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کیلئے ٹیکنیکل ایجوکیشن کے خصوصی ادارے قائم کیے جائیں تاکہ وہ ہنرمند بن کر اپنے خاندان کی کفالت بھی کرسکیں اور معاشرے کے ایک باشعور فرد کے طور پر ابھر کر سامنے آسکیں۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حمید درانی نے کہا کہ آمنہ پناہ ایک نفیس خاتون تھی جنہوں نے اپنے والد کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچایا نوائے وطن کو پہلے بلوچی روزنامے کا شرف حاصل ہوا وہ مرتے دم تک بلوچی زبان وادب کی خدمت کرتی رہیں ۔تعزیتی ریفرنس سے ایڈوکیٹ ظہور شاہوانی نے خطاب کرتے ہوئے آمنہ پناہ ایک بہادر خاتون تھی انہوں نے بیماری کا مقابلہ بہادی سے کیا چونکہ انکا تعلق ایک صحافتی گھرانے سے تھا۔ آم

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں سے 231 نمبرز حاصل کرکے سیکنڈ پوزیشن حاصل کرلی۔تفصیلات کے مطابق اسپیشل پبلک مڈل اسکول وندر کے جاری کیے گئے امتحانات کے نتائج میں وندر کے صحافی پون شیوانی کی شہزادی کیشوی رانی نے اپنی کلاس نرسری فرسٹ سمسٹر کے امتحانات میں کل 250 نمبروں میں سے 231 نمبرز حاصل کرکے سیکنڈ پوزیشن حاصل کرلی۔اس موقع پر صحافی پون شیوانی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اسپیشل پبلک مڈل اسکول وندر کا شمار تحصیل سونمیانی وندر کے بہترین نجی اسکولوں میں ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ اسپیشل پبلک مڈل اسکول وندر میں کم فیس میں جدید تعلیمات اور طلبا وطالبات کو مختلف پروگرامز میں حصہ لینے کے لیے انہیں تیار کرکے ان کے درمیان تعلیمی اور پروگراموں کے مقابلے کروائے جاتے ہیں ۔ یہ سب اسپیشل پبلک مڈل اسکول کی ہیڈمس اور پورے اسٹاف کی محنتوں کا نتیجہ ہے انہوں نے کہا کہ والدین کو چاہیے کہ وہ بھی اپنے بچوں کو پبلک مڈل اسکول وندر میں داخل کروائیں تاکہ آپ کے بچے بھی جدید تعلیم سے آراستہ ہوں۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بھی منصوبہ شامل نہیں ہوتا جب سے منتخب ہوا ہوں ہر سال کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں حلقے کی ترقی کیلئے اربوں کے منصوبے منظور کرائے ہے جو کہ ریکارڈ پر موجود ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیارت یونین کونسل کو اس شرقی کلی راغہ میں ایک بہت بڑے شمولیتی اجتماع سے خطاب اور کوئٹہ میں اساتذہ کی بھوک ہڑتالی کیمپ کا دورہ کرنے کے دوران اساتذہ کے عہدیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا زیارت کو اس شرقی کلی راغہ سے عبداللہ دوتانی، حبیب اللہ دوتانی، سلیم دوتانی، عجب دوتانی، ولی محمد دوتانی، دوست محمد دوتانی، شبیر احمد دوتانی، محمد ندیم، سید احمد، محمد ثاقب، محمد طفیل، شمس اللہ، خلیل احمد، محمد نسیم، محمد آصف، محمد یونس، شعیب، محمد رضوان، محمد فاروق سمیت درجنوں افراد نے مختلف پارٹیوں سے مستعفی ہوکر بی اے پی وکاروان حاجی نور محمد خان دمڑ میں شمولیت کا اعلان کیا اس موقع پر بی اے پی ضلع زیارت کے عہدیداران و کارکن بھی کثیر تعداد میں موجود تھے حاجی نور محمد خان دمڑ نے شمولیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے حلقے میں بلاامتیاز تمام علاقوں کو اجتماعی ترقی دی اور تمام شعبوں میں کام کیا پانچ سال میں وفاق اور صوبائی حکومت سے اربوں روپے کی فنڈز منظور کرایا ہے اور تقریباً کم وبیش 1500 سو بیروزگار نوجونوں کو روزگار دیا ہے انہوں نے ضلع زیارت سے مختلف پارٹیوں خصوصاً مذہبی جماعت کے لوگ ہمارے ساتھ شامل ہورہے ہیں اور حلقے کے عوام نے عام انتخابات سے قبل ہی ہمارے حق میں فیصلہ دے دیا ہے انہوں نے کہا کہ زیارت کے مذہبی جماعت زیارت کی ترقی نہیں چاہتے ہے اور ہمیشہ زیارت کی ترقی کی راہ رکاوٹ بننے کی کوشش کررہے ہیں سنئیر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان پر زور دیا کہ وہ اپنے علاقے میں کاروان کو مزید فعال و منظم بنانے کیلئے گھر گھر عوام سے رابطہ کرکے انہیں اپنے کاروان کا حصہ بنائے سنئیر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کوئٹہ میں اساتذہ کی جانب سے اپنے مطالبات کے حق میں جاری احتجاج اور تادم مرگ بھوک ہڑتالی کیمپ کا دورہ کیا بھوک ہڑتالی اساتذہ اور اساتذہ تنظیم کے عہدیداروں سے ملاقات کی اساتذہ نے اپنے جائز مطالبات اور مطالبات کے نوٹیفکشن میں حائل رکاوٹوں سے انہیں آگاہ کیا سنئیر صوبائی وزیر نے اساتذہ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہے انکے تمام جائز مطالبات کی حمایت کرتا ہوں اور انکے حل کیلئے پرفورم پر آواز بھی اٹھاونگا سنئیر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ سپیکر صوبائی اسمبلی نے اساتذہ کے مطالبات کا جائزہ لینے اور حل کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل دی گئی امید ہے جلد ہی اساتذہ کے جائز مطالبات کا نوٹیفکشن جاری ہوجائے گا

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پڑھا لکھا بلوچستان ہے لہذا نیشنل پارٹی کے تمام کارکنوں سے گزارش ہے کہ بلوچستان میں تعلیم عام کرنے کے لیے اپنے قومی فریضہ اور ذمہ داری پورا کرنے کے لیے گھر گھر جا کر بچوں کے والدین سے ملاقاتیں کرکے انکو ذہن نشین کرلیں تاکہ اپنے بچوں کو زیادہ سے زیادہ تعلیمی اداروں میں داخل کروائیں تاکہ ہمارے خواب جو کہ پڑھا لکھا بلوچستان ہے وہ من وعن پوری ہوجائیں اس موقع پر نیشنل پارٹی کے ضلعی دفتر میں کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھے

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ین پی میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے مرکزی فنانس سیکرٹری پبلک اکانٹس کمیٹی کے چیئرمین رکن صوبائی اسمبلی اختر حسین لانگو، مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر وضلعی صدر غلام نبی مری، ضلعی جنرل سیکرٹری میر جمال لانگو، ڈاکٹر علی احمد قمبرانی، ملک ابراہیم شاہوانی، رضا جان شاہینزئی، حاصل خان بنگلوئی، ملک غلام علی محمد شہی، دوست محمد سربراہ اور جمیل احمد رند نے خطاب کرتے ہوئے شہید حمید بلوچ کی جدو جہد اور قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پھانسی کے پھندے کو قبول کرتے ہوئے حق اور سچائی، انصاف کے حصول، قومی نابرابری کے خلاف اپنی جان کا نظرانہ پیش کرکے پوری دنیا کے سامنے یہ ثابت کردیا کہ بلوچ قوم ایک مظلوم اور محکوم قوم ہے جو اپنے وطن کی قدرتی دولت، ساحل وسائل کی واک واختیار اور حق حکمرانی سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے مشن کو پائے تکمیل تک پہنچانے کے لئے بی این پی کی جدو جہد جاری رہے گی آج لوگوں کی جو درجوق پارٹی میں شمولیت اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ پارٹی کا بیانیہ، اصولی موقف اور نظریاتی جدو جہد سے یہاں کے عوام مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہیں۔ آج پارٹی کے پالیسیاں اراکین نے مختصر مدت میں علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے جال بچھائے گئے ہیں کیونکہ ہماری جود جہد کا مقصد عوام کے ساتھ وعدوں کی تکمیل کرنا ہے اور انکی گھروں کی دہلیز تک انکے حقوق پہنچانے ہیں۔ قومی حقوق کی خاطر جمہوری جدو جہد پر یقین رکھتے ہیں، پارلیمنٹ سمیت ہر پلیٹ فارم پر بلوچستان کے عوام کے بنیادی حقوق کے لئے آواز بلند کریں گے اور انکے اعتماد کو کسی بھی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔ یہاں کے لوگوں کے ساتھ ہمارا ایک نظریاتی اور فکری رشتہ ہے جو کہ خون کے رشتے سے بھی زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ بلا رنگ ونسل زبان، فرقے سے بالاتر ہوکر ہر قسم کی نفرت اور تعصب کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاست کو عبادت کا درجہ دیتے ہوئے گزشتہ کئی عشروں سے بلوچستان میں رونما ہونے والی ناانصافیوں کے خلاف آواز بلند کررہے ہیں۔ کوئی بھی سیاسی جماعت اور رہنما بی این پی کے اصولی نظریاتی فکری سیاست اور بیانیے کا مقابلہ نہیں کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کی بازیابی جملہ بلوچستان کے قومی حقوق سائل و ساحل کے حوالے سے بی این پی نے جو اسٹینڈ لیا اسکی کوئی مثال موجود نہیں ہے۔ اس موقع پر پارٹی کے ضلعی سینئر نائب صدر ملک محی الدین لہڑی، ضلعی انسانی حقوق کے سیکرٹری پرنس رزاق بلوچ، مرکزی سوشل میڈیا کے ممبر اسد سفیر شاہوانی، علا الدین سالانی، نصیب جان قمبرانی، لیاقت کیا زئی، ضلعی سوشل میڈیا کے ممبر غلام مصطفیٰ مری، ارباب نذیر دھوار، ظہور کرد، ابوبکر لانگو، فہیم لانگو، عبدالمالک لانگو، محمد دین گشکوری، نکری علی احمد مینگل، ملک اسرار شاہوانی اور پارٹی کے دیگر ذمہ داران، علاقے کے معتبرین اور عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ آخر میں حلقے کی ایم پی اے اختر حسین لانگو کی طرف سے منظور کئے گئے آب نوشی ٹیوب ویل کا افتتاح کیا گیا۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لے سے بات چیت کرتے رہے ہیں لیکن ابھی تک ہمارا مسئلہ حل نہ سکا۔ سابقہ حکومتوں نے ہمیشہ عوام دشمن بجٹ بنا کر عوامی پیسے میں کرپشن کرکے اپنے ذاتی مقاصد کیلئے خرچ کئے، جس کی وجہ سے بلوچستان کے لاکھوں تعلیم یافتہ نوجوان بے روزگار ہیں۔ انہوں کہا کہ ہمیشہ کی طرح ہم نے موجودہ حکومت کو بھی اپنے مسائل اور مطالبات سے آگاہ کیا ہے لیکن کوئی خاص پیش رفت دکھائی نہیں دے رہی ہے، اگر موجودہ حکومت ہمارے مسائل اور مطالبات کو نظرانداز کرکے بند کمروں میں اپنی مرضی کا بجٹ بنائے گی تو ہم اسے مسترد کرتے ہیں اور اپنا احتجاج شروع کرکے بلوچستان کے تمام بے روزگار نوجوانوں کے ساتھ سڑکوں پر نکلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں 1500 سے زائد ویٹرنری ڈاکٹر بے روزگار ہیں۔ ہمیں ہمیشہ یہ کہا گیا ہے کہ ملکی بجٹ خسارے میں ہے اس بار پوسٹ مت مانگو جبکہ دوسری طرف حکومتی اراکین کی مراعات و غیر ضروری اسکیمات کے لیے حکومتوں کے پاس پیسے ہوتے ہیں۔ ''ہمیشہ بجٹ ایک بند کمرے میں بنا کر حکمرانوں نے عوام کا پیسہ لوٹا ہے لیکن اگر اس بار بند کمروں میں بجٹ بنایا گیا اور ہمیں نظرانداز کرکے ہمارے لئے آسامیاں مختص نہ کی گئیں تو ہم اس بجٹ کو مسترد کرکے اپنے جمہوری و بنیادی حقوق کے حصول کیلئے سخت احتجاج کریں گے۔'' انہوں نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ مالی سال 24-2023 کے بجٹ میں بلوچستان کے 1500 بے روزگار ویٹرنری ڈاکٹر کے لیے 1500 ویٹرنری آفیسر (17-B) کی آسامیاں مختص کئے جائیں۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹی اے فلعہ سیف اللہ کیا گرگنائزر مسیح اللہ کاکڑ نے اپنے بیان میں کیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ جی ٹی اے بی کے صوبائی قائدین کے احکامات کی روشنی میں آج پانچویں روز سے جاری بلوچستان اسمبلی کیسامنے اساتذہ تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہوئے ہیں، اور ان کی حالت روز بروز بھگوتی جارہی ہے ہم انپیکٹر انوں کو بتا تیہیں، کہ بھوک ہڑتالی اساتذہ کرام کی جانیں بہت قیمتی ہیں، یہ معزز اساتذہ کرام اپنے فیملی کیسر براہ ہیں، انکے بال بچے ہیں، اگر خدانخواستہ کسی اساتذہ کو نقصان پہنچا تو یاد رکھیں، تاریخ ایسے حکمراں وں کو معاف نہیں کرتی۔ اس لئے اب بھی وقت ہے اس اہم مسئلے پر سنجیدگی سے غور کریں، اور بلاتعطل اپگر یڈیش اور پروموشن کینوٹیفکیش جاری کی جائے انھوں نے کہا کہ اساتذہ کرام اپنیشوق سیبھوک ہڑتال پر نہیں بیٹھے ہیں، بلکہ انپیجائز مطالبات کیلئے تادم مرگ بھوک ہڑتال پر ہیں۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹمی ہوگیا اطلاع پاتے ہی ریسکیو سیٹر ٹیارہ کے رضا کاروں نے موقع پر پہنچ کر شدید زخمی کو سول اسپتال بیلہ پہنچایا جہاں طبی امداد دینے کے بعد تشویشناک حالت میں کراچی منتقل کردیا یو این اے کو موصولہ اطلاع کے مطابق زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں جان کی بازی ہار گیا

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چتان اسمبلی کے سامنے دھرنے میں شرکت کو یقینی بنانے تاریخ گواہ ہے کہ اس بے حس نظام میں حق نہیں دیا جاتا یہاں حق چینا جاتا ہے واضح رہے کہ دو دن سے سوشل میڈیا پر چل رہا ہیں کہ بلوچستان حکومت ملازمین کی تنخواہیں دس فیصد بڑھئے گی اگر اس دفعہ ملازمین اگر نہ نکلے تو شاہد ان کو پچتاوے کے علاوہ کچھ نہ ملے انھوں نے کہا کہ ھم ملازمین سے اپیل کرتے ہیں کہ بجٹ والے دن 3 بجے تعلقات عامہ بلوچستان کے آفس زمرے روڈ پہنچ جائے جہاں سے ہم ریلی کے شکل میں بلوچستان اسمبلی جائے گے

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ضلع کی سیٹلمنٹ، آفیسران کے لئے گاڑیاں، محکموں کی فعالیت خاص کر محکمہ صحت، محکمہ تعلیم پر خاص توجہ شیرانی ٹاون میں دفاتر کی فعالیت کے اقدامات قابل تحسین ہیں جو ڈپٹی کمشنر کا ضلع کی ترقی میں خاص دلچسپی کو ظاہر کرتی ہے انھوں نے ضلع شیرانی میں خاص دلچسپی لینے پر چیف سیکرٹری کا بھی شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے شیرانی کے سیاسی پارٹیوں سماجی، قبائلی اور نوجوانوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ضلع کی ترقی میں ڈپٹی کمشنر کا ساتھ دیں۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرز خواتین کی نگرانی پر مقرر سفارشی، نااہل انچارج وغیرہ جو خود ٹھنڈے کمروں میں بیٹھ کر صرف معتبری جماتے ہیں۔ ان نااہل انچارجز نے ورکر خواتین کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ معمولی باتوں پر خطرات سے کھیلنے والی اور سنگتی دھوپ میں خوار خواتین کو بلاجواز پریشان کرتے ہیں۔ زرائع کے مطابق مشرقی بائی پاس تختانی کوئٹہ کے یوسنیز میں گنتی کے انچارج ان ورکرز خواتین کو زاتی ملازم سمجھکر ان سے بدترین رویہ رکھتے ہیں۔ اور بات بات پر انھیں نوکری سے نکالنے کی دھمکیاں دیتے ہیں۔ انسداد پولیو مہم کے اعلیٰ حکام کو اس کا نوٹس لینا چاہیئے اور گنتی کے ان نااہل انچارجز کیخلاف کاروائی کرنا چاہیے۔ جن کی وجہ سے شفیق، محنتی، قابل انچارج جو خواتین کیساتھ باپ بیٹی جیسا رویہ رکھتے ہیں وہ بھی بدنام ھورہے ہیں۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لیس افسران میں ہوتا ہے عبدالروف جمالی نے عوام کی جان ومال کی حفاظت اور اپنے علاقے کے حدود میں امن وامان کی صورت حال کو بہتر بنانے میں اپنا اہم کردار ادا کیا ہے اوستا محمد شہر میں ہونے والی چوری ڈکیتی میں ملوث ملزمان کے خلاف کاروائی کرکیانہیں قانون کے کٹہڑے میں کھڑا کیا اور ان کے قبضے سے برآمد ہونے والی مال مسروقہ سامان جن میں زیورات نقد رقم اور موٹر سائیکل مالکان کے حوالے کردیا جبکہ خطرناک ڈاکوؤں کے ساتھ مقابلہ کرکے انہیں زخمی حالت میں گرفتار کرلیا ایس ایچ او عبدالروف جمالی جیسے بہادر اور فرض شناص آفیسر پولیس کا سرمایہ ہیں اوستا محمد شہر میں اس وقت امن وامان کی صورت حال قائم ہے یہ سب ایس ایچ او عبدالروف کی محنت اور کاوشوں کا نتیجہ ہے عوامی حلقوں نے آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ سے اپیل کرتے ایسے آفیسر کی

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

بلوچستان میں ڈھائی سو سے زائد سرکاری ہسپتالوں کا وجود صرف کاغذات میں ہونے کا انکشاف

بلوچستان کے 887 طبی مراکز اور ہسپتالوں میں میڈیکل آلات طبی بنیادوں پر صاف کرنے کی سہولت موجود نہیں، 457 طبی اداروں میں لیٹرین کی سہولت سرے سے موجود نہیں ہے

صحت کے شعبہ کے حوالہ سے حکومتی ترجہات کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ گزشتہ پانچ برسوں میں ایک درجن سے زائد سیکرٹری صحت تبدیل ہوچکے ہیں لیکن محکمہ کی کارکردگی می بہتری نہ آسکی

کوئٹہ (یو این اے) اندھیر نگری، چوپٹ راج، بلوچستان کے 250 سے زائد سرکاری اسپتالوں کے صرف کاغذوں میں ہونے کا انکشاف، 656 طبی مراکز جزوی طور پر ہی فعال، بلوچستان کے پچاس فیصد بنیادی مراکز صحت بند، 80 فیصد اسپتالوں میں لیڈی ڈاکٹرز موجود نہیں، 50 فیصد سے زائد اسپتالوں میں ڈاکٹرز ڈیوٹیوں سے غائب، فنڈ جاری نہ ہونے کے باعث صوبے میں ادویات کی فراہمی شدید متاثر، تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں ڈھائی سو سے زائد سرکاری اسپتالوں کا وجود صرف کاغذات میں ہونے کا انکشاف ہوا ہے، عالمی ادارہ صحت کی بلوچستان میں صحت کی سہولیات سے متعلق رپورٹ کے مطابق صوبے میں سرکاری دستاویزات میں 1661 اسپتال، بنیادی مراکز صحت، اور رورل ہیلتھ سینٹرز اور دیگر طبی مراکز ہیں رپورٹ کے مطابق 257 طبی اداروں کا وجود صرف فائلوں کی حد تک محدود ہے، اس کے علاوہ 656 طبی مر (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 1)

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث ایک شہری موٹر سائیکل پر شمسی توانائی کا پلیٹ خرید کر گھر لے جارہا ہے

جیکب آباد کراچی کی میئرشپ میں پیپلز پارٹی کی دھاندلی کے خلاف احتجاج

پیپلز پارٹی اپنے روایتی ہتھکنڈوں، دھونس اور دھاندلی سے کراچی کی میئرشپ پر قبضہ کرنا چاہتی ہے

جیکب آباد (پ ر) جماعت اسلامی کی جانب سے کراچی کی میئرشپ میں پیپلز پارٹی کی دھاندلی کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں جماعت اسلامی کی جانب سے کراچی میں میئرشپ کے انتخاب میں پیپلز پارٹی کی جانب سے دھاندلی کے خلاف ایک احتجاجی جلوس دفتر جماعت اسلامی سے دیدار علی لاشاری کی قیادت میں نکالا گیا مظاہرین نے مختلف راستو (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 4)

رند قومی اتحاد کا یوسف رند کے اہلیہ کی وفات پر اظہار تعزیت

سبی (پ ر) رند قومی اتحاد کے مرکزی چیئرمین سردار زادہ میر سردار خان رند، سردار زادہ میر مہران خان رند، سردار زادہ میر بیرک خان رند، چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈھاڈر سید فرید احمد شاہ دوپاسی، رند قومی اتحاد کے مرکزی ترجمان وجنرل (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 3)

پیپلز پارٹی بلوچستان اور پاکستان کو مسائل سے نکال سکتی ہے، حسنین ہاشمی

ملک کو اقتصادی، سیاسی، سماجی مسائل سے نکالنے کے لئے طویل المدتی حکمت عملی اور حقیقی قیادت کی ضرورت ہے جو صرف اور صرف پاکستان پیپلز پارٹی کے پاس ہے

بلوچستان میں پسماندگی، مایوسی کے خاتمے اور خوشحالی کی بنیاد رکھنے کے لئے جو اقدامات پیپلز پارٹی نے کئے ہیں انکی مثال نہیں ملتی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء سید حسنین ہاشمی نے کہا ہے کہ ملک کو اقتصادی، سیاسی، سماجی مسائل سے نکالنے کے لئے طویل المدتی حکمت عملی اور حقیقی قیادت کی ضرورت ہے جو صرف اور صرف پاکستان پیپلز پارٹی کے پاس ہے، پارٹی قیادت نے ہر دور میں قربانیاں دیکر ملک کی بنیادوں کو مضبوط اور مستحکم کیا ہے، بلوچستان اور پاکستان کے عوام آئندہ عام انتخابات میں پیپلز پارٹی کو اپنے ووٹ کی طاقت سے منتخب کریں ہم عوام کو انکے مسائل حل کرکے دیں گے۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، سابق صدر آصف علی زرداری، فریال تالپور صوبائی صدر میر چنگیز جمالی، جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ سمیت مرکزی اور صوبائی (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 2)

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے تادم مرگ بھوک ہڑتالی کیمپ میں پروفیسر ایسوسی ایشن کے صدر طارق بلوچ اور دیگر حبیب الرحمٰن سے اظہار یکجہتی کررہے ہیں

بلوچستان کی مخلوط حکومت عوام دوست بجٹ پیش کریگی، زمرک اچکزئی

بجٹ پیش ہونے سے آنے والے وقت میں ان منصوبوں سے بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکے مرکز بلوچستان کے ساتھ سنجیدگی اختیار کریں، صوبائی وزیرخزانہ

وفاقی حکومت نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی ناراضی ختم کرنے کیلئے پی پی ایل اے کی صورت میں بقایات جات ادا کرنے کی ہدایت جاری کی ہے، وفد سے بات چیت

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیرخزانہ وخوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی مخلوط حکومت عوام دوست بجٹ پیش کریگی جس میں سرکاری ملازمین سمیت دیگر طبقات کیلئے میگا منصوبوں کے ساتھ تاریخی ریلیف یوگی، بجٹ میں روزگار کے مواقع کے ساتھ ساتھ جدید دنیا کے طریقوں سے بھرپور عوامی نوعیت کے اہم اقدامات ہوں گے جس کے دورس نتائج برآمد ہوں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا وژن پر امن ترقی یافتہ بلوچستان کو عملی جامہ پہنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ ہم اتحادی جماعتوں کے ساتھ ملکر عوام دوست اور تاریخی 2023-24 بجٹ پیش کرنے جارہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی ویژن اور انتھک محنت سے بلوچستان کے عوام کیلئے ایک متوازن بجٹ پیش کرینگے ہم دن رات محنت کررہے ہیں اور بجٹ کی تیاری آخری مراحل میں ہیں اس بجٹ میں بلوچستان کے غریب عوام اور بے روزگار نوجوانوں سمیت بلوچستان کے تمام سرکاری ملازمین کو ریلیف دیا جائے گا۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت عوام دوست بجٹ پیش کریگی جس میں سرکاری ملازمین سمیت دیگر طبقات کیلئے میگا منصوبوں کے ساتھ تاریخی ریلیف یوگی، بجٹ میں روزگار کے مواقع کے ساتھ ساتھ جدید دنیا کے طریقوں سے بھرپور عوامی نوعیت کے اہم اقدامات ہوں گے۔

اقتدار کی رسہ کشی نے سماج اور سیاست کو تباہ کردیا، فائق شاہ

وزیراعظم، اپوزیشن اور تمام سیاسی جماعتیں اس خطرناک بحران کو مزید ہوا نہ دیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) امن ترقی پارٹی کے چیئرمین محمد فائق شاہ نے کہا ہے کہ معاشی گرداب نے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں پنجے پھیلا لئے ہیں عوام کے اندر قوت خرید، روزگار کے مواقع اور کاروباری حالات ختم ہوچکے ہیں، ان حالات میں وزیراعظم، حکمران اتحاد اور تمام سیاسی جماعتیں رسہ کشی، اقتدار کی ہوس سے نکل کر پالیسیاں تشکیل دیں، سندھ بلوچستان، پنجاب، خیبرپختونخوا اور دیگر جگہوں پر عوام کی ضرورت اور بنیادی مسائل کا جائزہ لے کر پالیسیاں بنائی جائیں، بند کمروں میں بیٹھ کر پالیسیاں تشکیل دینا اور نافذ کرنا قابل عمل نہیں ہوتا، سیاست، سماج اور معیشت (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 22)

سردار یار محمد رند کا یوسف رند کی اہلیہ کی وفاد پر اظہار تعزیت

سبی (پ ر) رند قبائل کے سربراہ رکن صوبائی اسمبلی سینئر سیاست دان سردار یار محمد رند نے اپنے تعزیتی بیان میں میونسپل کمیٹی ڈھاڈر کے وائس چیئرمین حاجی محمد یوسف رند کی اہلیہ کی وفات کو دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حاجی محمد یوسف رند سے ان کی اہلیہ حاجی آصف رند حاجی عامر رند حاجی لعل محمد رند کی والدہ اور حاجی داؤد (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 21)

اساتذہ کے جائز مطالبات کو پوری طور پر تسلیم کیا جائے، باران خان کلیوال

اگر حکومت نے اساتذہ کے مطالبات ماننے سے انکار کیا تو انجمن تاجران اساتذہ کی احتجاجوں میں بھرپور شرکت کریں گے

ژوب (نامہ نگار) مرکزی انجمن تاجران ژوب کے زیر اہتمام ضلعی صدر باران خان کلیوال کہ زیر صدارت میں اجلاس ہوا اجلاس میں کابینہ کے تمام ممبران نے بڑی تعداد میں شرکت کی اجلاس میں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستانکی جانب سے اساتذہ کے ساتھ نامناسب رویہ اور ہٹ دھرمی کی پور زور مذمت کرتے ہیں اور حکومت بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اساتذہ کے جائز مطالبات کو پوری طور پر تسلیم کیا جائے مرکزی انجمن تاجران جی ٹی اے کی حمایت کرتے ہیں اگر حکومت نے اساتذہ کے مطالبات ماننے سے انکار کیا تو انجمن تاجران اساتذ (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 5)

مارکیٹ فیس ٹینڈر سبزی و فروٹ کے تاجروں کیساتھ ظلم زیادتی ہوگی، عبدالظاہر بڑیچ

صوبائی وزیر زراعت اور ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور چیئرمین مارکیٹ کمیٹی کی ملی بھگت سے ایک دفعہ پھر اسی پرائیویٹ ٹھیکدار کو مارکیٹ فیس 2023-24 ٹینڈر دیا جارہا ہے

ہم سبزی وفروٹ کے تاجروں کو بھتہ وصولی سے بچایا جائے بصورت دیگر ہمیں احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے ہم باعزت تاجر ہے ہمیں باعزت تجارت کرنے دیا جائے

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان آڑھتیان فروٹ اینڈ ویجیٹبل کمیشن ایجنٹ ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے صدر حاجی ظاہر بڑیچ جنرل سیکرٹری حاجی ظہور کاکڑ چیئرمین سید راز محمد آغا سرپرست اعلی حاجی احمد بلوچ وائس چیئرمین حاجی احمد شاہ پوپلزئی حاجی شمس اللہ اچکزئی ہدایت اللہ بازئی (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 8)

عبدالرؤف جمالی کا شمار بلوچستان پولیس کے بہادر اور فرض شناس پولیس افسران میں ہوتا ہے، عوامی حلقے

گنداخہ (نامہ نگار) ایس ایچ او سٹی پولیس تھانہ اوستہ محمد عبدالرؤف جمالی کا (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 7)

شہریوں کی جانب سے پینے کی پانی کی عدم فراہمی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

میونسپل کمیٹی کی جانب سے دو ہفتوں سے شہریوں کو پینے کی صاف پانی فراہم نہیں کررہے ہیں

جیکب آباد (پ ر) جے یو آئی اور شہریوں کی جانب سے پینے کی پانی کی عد (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 9)

بھوک ہڑتالی کیمپ میں بیٹھے اساتذہ کی طبعیت دن بدن بڑھتی جارہی ہے، غلام نبی جاگیرانی

بلوچستان میں موجودہ حکومت کی وجہ سے تمام طبقات اپنے بنیادی ضروریات سے محروم ہیں

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل گنداخہ کے امیر قاری نذیر احمد شاکر، جنرل سیکرٹری مولانا امان اللہ حقانی، مولانا محمد انور مینگل، حافظ محمد زمان مٹھازئی، قاری سلطان احمد سلطانی، مولانا غلام نبی جاگیرانی، مولانا اللہ وسایا جاگیرانی، قاری کفایت اللہ زہری محمد نواب برڑہ، عطاء محمد جمالی ودیگر کابینہ اراکین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کا بلوچستان اسمبلی کے سامنے 05 روز سے جاری بھوک ہڑتالی کیمپ کی صوبائی حکومت کے لیے سوالیہ نشان ہے اگر حکومت بلوچستان دیگر صوبوں کی طرح اساتذہ کے جائز مطالبات دلواتی تو آج اساتذہ روڈوں پر نہیں ہوتے، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے جائز مطالبات کو حکومت بلو (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 6)

بلوچستان کے نوجوان شعوری طور پر بہت آگے ہیں، ثمینہ ممتاز زہری

نوجوان اپنی علمی وفنی صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کی ترقی اور روشن مستقبل کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے

ہر شعبے میں علمی وفنی تعلیم حاصل کرکے دنیا کے لئے اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے آئندہ آنے والی نسلوں کے لئے ایک نئی راہ متعین کریں گے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کا نوجوان باشعور ہوچکا ہے اور آج کا پڑھا لکھا نوجوان ہی ہمارے آنے والے کل کی بنیاد اور مستقبل کا معمار ہے۔ کل انہی نوجوانوں نے ملک وقوم کی باگ ڈور سنبھالنی ہے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی نائب صدر بلوچستان عوامی پارٹی وسینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کے ایک وفد سے ملاقات میں کیا۔ انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اندرونی و بیرونی، معاشی اور انسانی سیکیورٹی پر مبنی جامع پالیسی پر کاربند ہے۔ جغرافیائی سرحدوں کی محافظ افواج پاکستان ہیں جبکہ نظریاتی سرحدوں کی حفاظت قوم کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ اس ذمہ داری میں اگر دیکھا جائے تو نوجوانوں پر سب سے زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ کسی بھی قوم میں نو (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 20)

آئی جی پولیس بلوچستان کی جانب سے حکم نامہ جاری

بیلا (نمائندہ خصوصی) آئی جی پولیس بلوچستان کی جانب سے جاری حکم نامے پر ڈی آئی جی قلات ریج پرویز عمرانی ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل اوتھل بیلہ محبوب علی گچکی کی نگرانی میں ایس ایچ او بیلہ یار محمد کمانڈو سی ائی اے لسبیلہ انچارج انسپکٹر محمد (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 19)

فتو گوٹھ کے قریب منی پٹرول پمپ پر آگ بھڑک اٹھی

بیلا (نمائندہ خصوصی) فتو گوٹھ کے قریب منی پٹرول پمپ پر آگ بھڑک اٹھی اطلاع پاتے ہی میونسپل کمیٹی بیلا کے فائر بریگیڈ عملے نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا تفصیل کے مطابق اتوار کے فتو گوٹھ کے قریب منی پٹرول پمپ پر اچانک آگ بھڑک اٹھی ایک موٹر سائیکل جل کر خاکستر ہوگئی اطلاع پاتے ہی میونسپل کمیٹی بیلا (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 16)

پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی میڈیا کوآرڈینیٹر اقبال قمر کے اعزاز میں عصرانے کا اہتمام

اوتھل (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی میڈیا کوآرڈینیٹر اقبال قمر کے اعزاز میں عصرانے کا اہتمام کیا گیا، گلاب کے پھولوں کی پتیاں نچھاور کرکے اور روایتی اجرکیں پہنا کر مبارک باد دی گئی، تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی رابطہ آفس بیلہ میں ضلعی میڈیا کوارڈینیٹر اقبال قمر کے اعزاز میں عصرانے کا اہتمام کیا گیا (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 15)

کوئٹہ، نوابزادہ میر لشکری رئیسانی سے وڈھ سے تعلق رکھنے والے رئیسانی قبائل کے معتبرین کا وفد ملاقات کررہا ہے

بلوچستان ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر کریں گے، حاجی علی شیر جمالی

ٹھیکیدار نے اس وقت تک خزانہ سے آٹھ کروڑ روپے وصول کرلئے ہیں مگر کام مکمل نہیں ہوا ہے

گنداخہ (نامہ نگار) ایم کیو ایم پاکستان نصیرآباد ڈویژن کے سینئر رہنماء حاجی علی شیر جمالی نے اپنے بیان میں کہا کہ محکمہ اریگیشن اور ان کے من پسند ٹھیکیداروں کی جانب قبولہ ریگولیٹر کے تعمیراتی کام میں ناقص میٹریل کے استعمال خلاف آواز اٹھانے اور بھرپور احتجاج کے بعد محکمہ اریگیشن اے سی اریگیشن ایکسئن کھیرتھر کینال نے اپنے نااہلی کو چھپانے کیلئے قبولہ ریگولیٹر (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 17)

نیشنل پارٹی ایک جمہوری جماعت ہے، عدنان سعید گچکی

نیشنل پارٹی نے ہمیشہ عوام کی حقوق کے لئے جدوجہد کی ہے

پنجگور (پ ر) نیشنل پارٹی کے رہنما چیئرمین یوسی سریکوران عدنان سعید گچکی سے نیشنل پارٹی گچک کے سابق صدر حاجی الٰہی بخش بلوچ واجہ شاہ نواز مری کامریڈ عبدالبنی بلوچ یونٹ سکریٹری امیر بخش بلوچ، سلیمان اسحاق بلوچ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں موجود سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر چیرمین عدنان سعید گچکی نے کہا کہ نیشنل پارٹی ایک (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 18)

چمن ماسٹر پلان چند شرعناصر کی ہاتھ میں ہے، قہرمان ولی زئی

قبائلی مسائل پیدا ہونے سے بہتر ہے کہ ڈپٹی کمشنر کردار ادا کریں یہاں کچھ سازشی عناصر کی وجہ سے سیروتفریح کرنے والے لوگ بھی بدنام ہوئے ہیں

نااہل ضلعی انتظامیہ نے ان سازشی عناصر کے خلاف کوئی کاروائی عمل میں نہیں لایا گیا ہے صدافسوس ماسٹر پلانٹ تمام تر نقصانات کے ذمہ دار پھر کون ہے

چمن (رزوریار سے) چیف سیکٹری بلوچستان اور چمن ڈپٹی کمشنر سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ چمن ماسٹر پلانٹ کی حفاظت کیلئے قانونی راہ اختیار کریں۔ اگر آپ اس قیمتی کروڑوں روپے کی لاگت سے زیر تعمیر ماسٹر پلانٹ کی حفاظت نہیں کرسکتے ہیں تو ولی زئی یوتھ فورس مجبوراً اس چند عناصر کی شروتوڑ پھوڑ کا ڈٹ کر مقابلہ کرسکتا ہے۔ اور اس کی حفاظت کیلئے عملی اقدامات کرینگے اس خیالات کا اظہار قہرمان ولی زئی نے اپنے ایک اخباری بیان میں کرتے ہوئے کہا کہ ماسٹر پلانٹ چمن کا مستقبل ہے اسے علاقے میں کاروبار کو فروغ ملے گی۔ علاقے کی روشن مستقبل کیلئے یہ زمین ہم نے دیا تاکہ مستقبل میں غریب عوام ثمرہ حاصل کرسکے۔ اس کیلئے نہیں دیا ہے کہ لوگ اس کی دروازے کھڑکیاں اور تعمیرات کو توڑ کر اپنا فائدہ حاصل کریں ا (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 14)

حکومت اساتذہ کے مذاکرات حل کرنے میں مخلص نہیں ہے، نعمت اللہ جمالی

غلام ملازمین کی زندگی اجیرن بن چکی ہے شدید مہنگائی میں میں چھوٹے ملازمین کی زندگی بسر کرنا مشکل ہے

گنداخہ (نامہ نگار) حکومت اساتذہ کے مذاکرات حل کرنے میں مخلص نہیں ہے GTAB گزشتہ کئی سالوں سے اپنے جائز مطالبات کے حق میں وقتاً فوقتاً احتجاج کرتی آرہی ہے لیکن حکومت اور بیوروکریسی ہر بار ٹال مٹول، مذاکرات اور وعدے کرکے اپنی باتوں سے مکر جاتی ہے ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع اوستہ محمد ڈپٹی جنرل سیکریٹری مولانا نعمت اللہ جمالی، نائب صدر محبوب احمد جمالی نے تادم مرگ بھوک ہڑتالی کیمپ میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کے دیرینہ مسائل اپ گریڈیشن، پرموشن (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 10)

بھوتانی برادران حب کے ترقی کے مخالف ہیں، علی حسن زہری

عوام کے ووٹ سے منتخب ہوکر تمام تر مسائل کو حل کرینگے اور پیپلز پارٹی عوامی پارٹی ہے

حب (شاید سنیاں) بھوتانی برادران حب کے ترقی کے مخالف ہیں اور حب کے فنڈز ہڑپ کرتے آرہے ہیں جسکی وجہ سے حب شہر کھنڈرات کا منظر پیش کررہا ہے پیپلز پارٹی حب کے صدر علی حسن زہری نے گرینڈ شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جام غلام قادر ہسپتال کیلئے فنڈ ریلیز کرایا گیا جسے ایم این اے نے احسن اقبال کو کہہ کر کینسل کرادیا یہ عوامی فنڈ تھا جس کا نقصان بھی عوام کو ہوا ہم عوام کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔ عوام کے ووٹ سے منتخب ہوکر تمام تر مسائل کو حل کرینگے اور پیپلز پارٹی عوامی پارٹی ہے۔ میر علی حسن زہری صدر پیپلز پارٹی حب کی قیادت (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 11)

شعیہ علماء کونسل پاکستان کے صوبائی الیکشن کے موقع پر منعقدہ اجلاس سے سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر میتھی، زاہد علی اخوندزادہ، علامہ اکبر زاہدی، علامہ رضاء اخلاقی، علامہ آصف حسینی، علامہ اصغر عمرانی، سید سکندر شاہ اور دیگر خطاب کررہے ہیں

پارٹی کی ترقی، نظم وضبط اور نظریاتی ورکروں کے حصول کے لئے ہر قربانی دینگے، حنان خان بازئی

عمران خان کی 27 سال کی جدوجہد کا اہم نقطہ اور مقصد آئین وقانون کی پاسداری اور حکمرانی ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف میں جان بوجھ منفی ہتھکنڈوں سے اختلافات پھیلانا والے پارٹی کے دشمن ھے پاکستان تحریک انصاف کے اندر PDM اور سہولت کار بننے والوں کا محاسبہ کرینگے پارٹی کی ترقی، نظم وضبط اور نظریاتی ورکروں کے حصول کے لئے ہر قربانی دینگے یہ بات جوائنٹ ایکشن کمیٹی پاکستان جس میں مرکزی، صوبائی، ڈسٹرکٹ کوئٹہ اور دیگر ونگز کے مشترکہ منعقدہ اجلاس سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا اجلاس کی صدارت سینئر نائب صدر حنان خان بازئی، صوبائی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری زین العابدین خلجی، صوبائی نائب صدر سید میر علی آغا، صوبائی نائب صدر سردار زادہ ادریس تاج، صوبائی نائب صدر حاجی گل خان اچکزئی، ائی ایل ایف (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 12)

ہم نوجوانوں کے جنازے کب تک اٹھاتے رہیں گے، عوامی حلقے

لورالائی (پ ر) عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ نوجوانوں کے جنازے کب تک اٹھاتے رہیں گے جب اپنے کمیشن کے لئے کوئی رشوت خور ایم ایس لورالائی پر مسلط کریں گے تو ان ہسپتالوں کا یہی حال ہوگا شہید اقبال جیسے (صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 13)

کوئٹہ، جوائنٹ ایکشن کمیٹی پاکستان تحریک انصاف بلوچستان مشترکہ اجلاس سے مقررین خطاب کررہے ہیں

MINISTRY OF COMMUNICATIONS
NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY

e-Bidding System

شفاف، تیز اور جدید

INVITATION FOR e-BIDS

OPERATIONS, MANAGEMENT AND MAINTENANCE (OM&M) OF ALLIED FACILITIES OF 06x TUNNELS AT HAVELIAN - MANSEHRA - THAKOT SECTION OF CPEC IN 02x PACKAGES

1. National Highway Authority (NHA) **Invites e-Bids** from prospective bidders who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for provision of Operation, Management & Maintenance (OM&M) Allied Services on following Tunnels on National Highways for a period till ending **30.06.2024.**

S. No	TUNNEL NAME	RD	LENGTH (METER)
PACKAGER NO. TAF-ATB-T2-2023-24-04			
1	ABBOTTABAD TUUNEL NO.1	K73+260 to K75+025	1765
		ZK73+316 to ZK75+040	1724
2	ABBOTTABAD TUNNEL NO.2	K78+260 to K78+660	400
		ZK78+253 to ZK78+625	372
PACKAGER NO. TAF-MKBT-T4-2023-24-05			
1	MANSEHRA TUNNEL	K100+922 to K103+450	2528
2	KARMONG TUNNEL	K136+227 to K136+669	442
3	BATTAL TUNNEL	K144+874 to K147+780	2906
4	THAKOT TUNNEL	K176+150 to K176+765	615

2. Following services are required on Tunnels. The detail is given in the RFP.

Serial No.	Services
1	Fire Fighting Services
2	First Aid and Ambulance Services
3	Recovery Vehicles & Mobile workshop
4	Tunnel Operation and Maintenance

3. Bidding will be carried out by adopting **"Single Stage-Two Envelopes"** procedure.
4. Bidders are required to be registered with Pakistan Engineering Council PEC) in Category **O-4** or above as mentioned in the bidding documents, as well as possess NTN/STN and are on ATL of FBR.
5. Bid security amounting to **Rs. 5,000,000/-** per Package in the form, amount and validity period as mentioned in bidding documents must be accompanied with **"Technical e-Bid"**.
6. Blacklisted, Declared defaulters/de-barred firms within NHA or any other Government Department OR bidders having shortfall against current contracts with NHA will not be eligible to participate in bidding process. However, the bidder(s) whose case are/is already sub-judice or dispute/arbitration is in process, shall not be treated as Short fallers/ defaulter(s) and will be considered for bidding on case to case basis subject to the approval of NHA.
7. All Bidders are requested to submit, at the time of bid submission, written confirmation (power of attorney) authorizing the person to submit the bid. Written confirmation from owner/head, authorizing the signatory of the Bid to sign the Bid must also be accompanied with the **"Technical e-Bid"**.
8. Complete set of bidding documents containing details, terms & conditions, method of procurement (single stage – two envelop procedure) submission of e-bids bid security, bid validity, opening of e-bid, envelops criteria etc., will be available on NHA website **(www.ebidding.nha.gov.pk)** on **June 14, 2023** for download free of cost. Bidders are also advised to follow the NHA e-Bidding website for updates of bids schedule and addendums (if any).
9. The e-Bids must be prepared and submitted through NHA e-Bidding system in accordance with the instructions contained in the Bidding Documents. Hard copy of e-Bids generated through NHA e-Bidding system, must reach at the address mentioned below on or before **June 27, 2023 till 1000 Hours.** Technical e-Bids (submitted through NHA e-Bidding system) and envelope containing hard copy of Technical e-Bids, will be opened on the same day at **1030 Hours.**
10. The Bidders providing unsubstantiated and/or incorrect information are liable to legal action and disqualification.
11. The Bidders shall provide the undertaking regarding his firm is not black listed and he is not defaulter of any other Government Departments.
12. The Authority reserves the right to reject all bids at any time prior to the acceptance of bids in accordance with PPRA's rules 2004 (as amended in 2008).
13. This advertisement is also available on PPRA website at **www.ppra.org.pk**

GENERAL MANAGER (REVENUE)
National Highway Authority
28-Mauve Area, G-9/1, Islamabad
Tel: 051-9262153, 051-9032843 & 051-9260190

PID (I) No. 7720/22

Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 081-2828822 فیکس نمبر: 0333788777 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر: 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

انتخابی اتحاد نہیں ہوگا

وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے چیئرمین نے ملک کو نقصان پہنچانے کیلئے جو خودکش جیکٹ پہنی تھی اس کے سہولت کاروں کو قوم کے سامنے لایا جائے، نواز شریف سے ہونے والی ناانصافیوں پر معافی مانگی جائے اور ریڈ کارپٹ بچھا کر بلایا جائے، مسلم لیگ (ن) عام انتخابات میں کسی سے سیٹ ایڈجسٹمنٹ اور انتخابی اتحاد نہیں کرے گی اور پنجاب میں تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، امید ہے آنے والے دنوں میں اداروں میں بیٹھے لوگ یقیناً حقائق قوم کے سامنے رکھیں گے، انتخابات مقررہ وقت پر ہوں گے، لیول پلیئنگ فیلڈ صرف میرا نہیں بلکہ 23 کروڑ عوام کا مطالبہ ہے، مائنس نواز شریف اور باقی سب ہوں ایسا نہیں ہوسکتا، 9 مئی کے واقعات میں کن کن لوگوں نے کردار ادا کیا، منصوبہ بندی اور سہولت کاری کس نے کی، 2017 میں نواز شریف کو سزا کس نے دلوائی اور کس نے دی کون منصوبہ ساز تھا ان چیزوں کو منطقی انجام تک پہنچ کر اور نتیجہ خیز بنا کر قوم کے سامنے نہیں لائیں گے تو کوئی فائدہ نہیں ہے، پالیسی سازوں سے کہوں گا 9 مئی کا جو واقعہ رونما ہوا ایسا نہیں کہ واشنگ مشین میں دھل کر صاف ہوجائے، اگر 9 مئی واقعہ کے کرداروں کو صاف کیا گیا تو اس سے بڑا واقعہ رونما ہوسکتا ہے۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے میاں جاوید لطیف نے کہا کہ ادارے کے حاضر سروس لوگ حقیقت بتائیں عمران خان کن قوتوں کا آلہ کار تھا اور کن آلہ کاروں کے کہنے پر نواز شریف کو نکالنے، سی پیک کو روکنے، نیوکلیئر اور معیشت کو کمزور کرنے کے لئے سہولت کاری دی گئی، نواز شریف کو بے گناہ ہونے کے باوجود ڈاکو چور لٹیرا کہا گیا اور ہر زبان پر لائے، 9 مئی کے واقعہ کو ایک ماہ گزر گیا ہے اس عرصہ میں ریاست نے کیا کھویا اور اداروں نے کیا سیکھا، قوم کو سچ بتائیں عمران خان نے پاکستان کو نقصان پہنچانے کے لئے جو خودکش جیکٹ پہنی اس کے سہولت کار کون ہیں، 9 مئی کے بعد دنیا میں پاکستان پر انگلیاں اٹھائی جارہی ہیں کہ سہولت کار یا خودکش جیکٹ بنانے والے کس طرح بچ سکتے ہیں، عمران خان کا مجسمہ تیار کرنے والے قوم کے سامنے نہ آئے تو ایک طبقہ سیاستدان اور دوسرا دہشتگرد سمجھے گا، اداروں کی طرف سے بنائے گئے مجسمے کی کڑیاں عالمی قوتوں سے ملتی ہیں، قوم کو اس کے ثبوت دکھائے جائیں، اس کی سہولت کاری کرنے والے کچھ کردار ریٹائرڈ ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پانامہ میں نواز شریف کو سزا دینا ظلم اور زیادتی ہے جو قوم کے ساتھ زیادتی ہے۔

اتحاد سے انتشار کا سفر

اورنگزیب اعوان

کسی بھی شعبہ زندگی سے وابستہ افراد کا اتحاد اور یگانگت ہی اس شعبہ زندگی کی توقیر و عظمت کا باعث بنتا ہے. پاکستان کی وکلاء برادری کو معاشرے کا پسا ہوا طبقہ تصور کیا جاتا ہے. ان کی ماہانہ آمدن دیگر شعبہ زندگی کی طرح طے شدہ نہیں. شروعات کے کء ؒ سال تو ایک وکیل کے لیے بہت تکلیف دے ہوتے ہیں. اس کے ساتھ ساتھ انہیں تحفظ زندگی بھی حاصل نہیں ہوتا. ستم ظرفی کی بات تو یہ ہے. کہ دوسروں کو انصاف لیکر دینے والے آج خود عدم تحفظ کا شکار ہیں. انہیں کوئی بھی سر راہ قتل کر دیتا ہے. اس خوف کے ماحول میں وکالت کرنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے. وکلاء وکلاء ؒ برادری کو دیگر شعبہ جات سے وابستہ افراد کی طرح کی مراعات بھی میسر نہیں. میڈیکل، ایجوکیشن، ہاوسنگ جیسی بنیادی سہولیات بھی انہیں حاصل نہیں. اس کے باوجود وکلاء ؒ انتہائی خندہ پیشانی سے اپنے فرائض منصبی سرانجام دے رہے ہیں. ملک میں جمہوریت کی بحالی کی خاطر ہر آمر اور وقت کے فرعون کے آگے کلمہ حق ہمیشہ وکلاء ؒ نے بلند کیا ہے. سابق صدر پرویز مشرف کے دور حکومت میں جب چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کو زبردستی معزول کیا گیا. تو وکلاء برادری ان کے تحفظ کے لیے میدان عمل میں کود گئی. ملک بھر کی وکلاء ؒ برادری سیسہ پلائی دیوار کی طرح ڈٹ گئے. ان کے اسی اتحاد و اتفاق نے وقت کے آمر کو ان کے سامنے جھکنے پر مجبور کر دیا. اور چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کو بحال کرنا پڑا. اس بحالی تحریک نے وکلاء برادری کے اندر ایک نئی روح پھونک دی. انہیں طاقت ور طبقہ سے اپنا حق لینے کا سلیقہ سمجھ آ گیا. بحالی تحریک کے اتفاق و اتحاد نے معاشرے میں انہیں وہ مقام عطا کیا. جس کی مثال آج تک نہیں ملتی. ہر شعبہ زندگی میں انہیں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جانے گا. مگر عروج بھی کسی کسی سے سنبھالا جاتا ہے. جیسے ہی اس شعبہ نے دیگر شعبہ جات پر اپنی طاقت کی دھاک بیٹھا دی. جرائم پیشہ افراد کی اکثریت اس شعبہ میں داخل ہونا شروع ہوگئی. جن کے پاس وکالت کی ڈگری تک نہ تھی. یہ لوگ کالے کورٹ کا غلط استعمال کرنے لگے. اپنے مخالفین کو دبانے کے لیے وکلاء ؒ کی یونیفارم پہن کر عدالتوں میں انہیں رسوا کیا جاتا ہے. زمینوں پر ناجائز قبضہ جات کروائے جاتے ہیں. جس پر خود وکلاء ؒ برادری کی سنجیدہ قیادت بھی پریشان ہے. کیونکہ انہیں بخوبی اندازہ ہے. کہ یہ کالی بھیڑیں اپنے ساتھ ہمارے مقدس ترین پیشہ کے لیے بھی ایک ناسور بن جائیں گی. جس کو وقت نے درست ثابت کیا. آج ملک بھر کی وکلاء برادری اندرونی انتشار و خلفشار میں مبتلا ہے اس وقت وکلاء وکلاء ؒ برادری میں اتنی گروپ بندی ہو چکی ہے. کہ کوئی بھی ایک ساتھ بیٹھنے کو تیار نہیں. اس گروپ بندی میں شدت پاکستان تحریک انصاف کے دور حکومت میں واضح طور پر دیکھنے کو ملی ہے. اس گروپ بندی کی وجہ سے پاکستان بھر کے وکلاء ؒ مختلف دھڑوں میں تقسیم ہو گئے ہیں. اس سے قبل پاکستان مسلم لیگ ن اور پاکستان پیپلز پارٹی کے وکلاء ؒ ونگ بھی وجود پذیر رہے ہیں. مگر انہوں نے اتنی شدت سے بار کونسل میں دھڑا بندی نہیں کی. آج کسی بھی سرکاری ادارے میں وکلاء ؒ کی نہیں سنی جارہی. بلکہ اب تو بار کونسل کے اندر سے پولیس وکلاء کو گرفتار کر لے جارہی ہے. چند مٹھی بھر وکلاء ؒ نے اپنے ذاتی مفادات کی خاطر ساری وکلاء برادری کی عزت و توقیر کو داؤ پر لگا کر رکھ دیا ہے. سیاست کرنا ہر شہری کا بنیادی حق ہے. وکلاء ؒ بھی اسی معاشرے کا حصہ ہیں. وہ سیاست لازمی کرے. مگر سیاست کو اپنے شعبہ پر مسلط نہ کرے. ان کے وقتی مفادات نے شعبہ وکالت کی طویل جدوجہد کو تہس نہس کر کے رکھ دیا ہے. اسی لیے کہتے ہیں. کہ انسان کو دور اندیش ہونا چاہیے. اب بھی وقت ہے. وکلاء برادری باہمی اختلافات کو بھلا کر اپنے شعبہ کی عظمت کے لیے جدوجہد کرے. انتشار کسی بھی صورت کسی شعبہ زندگی و معاشروں کے لیے سودمند نہیں رہا. تو پھر ہم اس کا شکار کیوں ہو رہے ہیں

عوامی پارٹیوں سے جنم لیتی کنگ پارٹیاں

غلام حیدر شیخ

پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد سیاسی پارٹیوں میں جاگیرداروں اور زمینداروں کا غلبہ سیاسی پارٹیوں میں دھڑے بندیوں کا موجب بنا، 1906ء ؒ میں تقسیم ہند سے پہلے مسلمانوں نے آل انڈیا مسلم لیگ کی بنیاد ڈھاکہ میں رکھی جسے دوقومی نظریہ پر قائم کیا گیا تھا، اسی دوقومی نظریہ پر قائم رہتے ہوئے قائداعظم کی قیادت میں آل انڈیا مسلم لیگ نے مارچ 1940ء ؒ لاہور میں منعقدہ ایک اجلاس میں قرارداد پاکستان منظور کی، آزاد اسلامی ملک کے طور پر حاصل کیا گیا پاکستان قائدِ اعظم کی وفات اور خان لیاقت علی خان کی شہادت کے بعد پے در پے ہچکولے کھاتا رہا، پاکستان آج بھی ویسی ہی صورت حال سے دوچار ہے۔ جنرل ایوب خان کا آمرانہ دور سیاہ ترین دور تھا جس میں ایبڈو (EBDO) قانون کے تحت کئی سیاست دانوں کو نااہل قرار دیا گیا جس میں اہم مسلم لیگی رہنما بھی شامل تھے، آل پاکستان مسلم لیگ اس قانون کے وجود میں آتے ہی بکھر گئی ایوب خان نے مسلم لیگ کا ورکرز کنونشن بلا کر مسلم لیگ (کنونشن) بنالی، خواجہ ناظم الدین نے مسلم لیگ کی کونسل کا اجلاس بلا کر مسلم لیگ (کونسل) کی بنیاد رکھی، جنرل یحییٰ کی آشیرواد سے خان عبدالقیوم خان کی مسلم لیگ (قیوم) کے قیام کے بعد کنونشن مسلم لیگ کے فنڈ منجمند کروادیئے، جنرل ضیاء ؒ الحق کے دور میں ملک قاسم نے محمد حسین چٹھہ کی صدارت میں مسلم لیگ (چٹھہ) متعارف کروائی، محمد حسین چٹھہ نے جب سیاست سے کنارہ کشی کی تو خواجہ خیرالدین نے مسلم لیگ چٹھہ کو مسلم لیگ (خواجہ خیرالدین) کی شکل میں ڈھال دیا۔ خواجہ خیرالدین کے بعد کنگ میکر ملک قاسم مسلم لیگ (ملک قاسم) کے سربراہ بن گئے اور آمریت کے خلاف متحرک ہوگئے۔ ایسے حالات میں اعلانیہ کنگ پارٹی مسلم لیگ (فنکشنل) کا وجود عمل میں آیا جس کے سربراہ پیر پگارا سید شاہ مردان شاہ دوم تھے۔ مسلم لیگ (ف) پاکستان کی سیاست میں آج بھی پیر پگارا سید صبغت اللہ شاہ راشدی کی قیادت میں متحرک کردار ادا کر رہی ہے، جوڑ توڑ کی صورت میں عوامی پارٹیوں سے جنم لیتی کنگ پارٹیاں سیاست کے میدان میں ایک دوسرے کے مقابل ہیں، سیاست کے میدان میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانیوالے سیاسی پنڈت اپنی قائدانہ صلاحیتوں کے زعم میں پارٹیوں میں گروپ بندیاں بنا کر نظریاتی سیاست کو دفن کرنے اور معاشرے میں عدم برداشت کو پروان چڑھانے کے مرتکب ہیں۔ پاکستان کی خالق جماعت مسلم لیگ میں دھڑے بندیاں ابھی تک رکیں نہیں، جنرل ضیاء ؒ الحق نے اقتدار پر غیر آئینی طور پر قابض ہونے کے بعد 1985 میں غیر جماعتی انتخابات کرا کر ملک کی سیاست میں ایسی تفریق پیدا کی جس میں سیاسی احترام زمیں بوس ہو گیا، عدم برداشت بڑھتی چلی گئی، اگرچہ اسمبلی کا وجود غیر جماعتی تھا لیکن پارلیمنٹ آزاد گروپ اور سرکاری گروپ میں تقسیم ہوگئی، حسب روایت سرکاری گروپ پاکستان مسلم لیگ کے نام سے منظرِ عام پر آیا لیکن جلد ہی محمد خان جونیجو کے وزیراعظم بننے کے بعد مسلم لیگ سرکاری گروپ مسلم لیگ جونیجو گروپ کی شکل اختیار کر گیا۔ مئی 1988ء ؒ میں جنرل ضیاء ؒ الحق نے محمد خان جونیجو کو نہایت غیر مہذب طریقے سے برطرف کیا تو مسلم لیگ ایک بار پھر دو حصوں مسلم لیگ جونیجو گروپ اور کنگ پارٹی مسلم لیگ فدا محمد گروپ میں تقسیم ہو گئی، یہی فدا محمد گروپ بعد میں مسلم لیگ نواز گروپ بن گیا، 12 اکتوبر 1999ء ؒ میں جنرل پرویز مشرف نے مسلم لیگ نواز کی حکومت کو برطرف کر دیا۔ میاں نواز شریف کے ملک سے باہر چلے جانے کے بعد مسلم لیگ سے مسلم لیگ قائدِ اعظم نکلی جسے ق لیگ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ آمریت کے سائے تلے قومی اور چاروں صوبائی اسمبلیوں میں اکثریتی جماعت کے طور پر برسرِ اقتدار ہوئی۔ قائدِ اعظم کی مسلم لیگ اب کہیں نظر نہیں آتی جب کہ سب اپنے اپنے گروپ کو قائداعظم کی اصل جماعت گردانتے ہیں، عصرِ حاضر میں عوامی پارٹیوں سے جنم لیتی کنگ پارٹیاں اس بات پر فخر کرتی ہیں کہ انہیں سرکاری آشیرواد ملی ہوئی ہے، آمریت کے سائے تلے قومی اور چاروں صوبائی اسمبلیوں میں اکثریتی جماعت کے طور پر برسرِ اقتدار ہوئی۔ قائدِ اعظم کی مسلم لیگ اب کہیں نظر نہیں آتی جب کہ سب اپنے اپنے گروپ کو قائداعظم کی اصل جماعت گردانتے ہیں، عصرِ حاضر میں عوامی پارٹیوں سے جنم لیتی کنگ پارٹیاں اس بات پر فخر کرتی ہیں کہ انہیں سرکاری آشیرواد ملی ہوئی ہے لہٰذا موقع پرست سیاست دانوں کی پہلی ترجیح یہی ہوتی ہے کہ انہیں سرکار سے آشیرواد ملے اور وہ اقتدار کے مزے لوٹیں۔ اسکے علاوہ ان کا عوامی فلاحی کاموں سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ 2018ء ؒ کے انتخابات میں تصور کی گئی عوامی پارٹی پاکستان تحریکِ انصاف بھی کنگ پارٹی ثابت ہوئی، اور یہ بھی حقیقت ہے کہ اس پارٹی کو ان انتخابات میں معمولی اکثریت بھی نہیں ملی تھی لیکن سرکار نے انہیں 110 عدد کی حقیقی نشستوں کے ہوتے ہوئے مسندِ اقتدار پر بٹھایا، اور جب سرکار نے اپنی آشیرباد والا ہاتھ کھینچا تو یہ کنگ پارٹی ''دھڑام'' سے زمین بوس ہوگئی۔ پی ٹی آئی کے سربراہ عمران خان حقیقت میں اپنے آپ کو ''کنگ'' تصور کرنے لگے اور انہوں نے اپنے ہر مخالف کو پابندِ سلاسل کیا، اور شاہانہ طور طریقے اختیار کرتے ہوئے ملک کے قریبی دوست ممالک سے تعلقات کو بری طرح مجروح کیا۔ عہد رفتہ میں عمران خان کے محسن اور دستِ راست جہانگیر ترین نے اپنی سیاسی جماعت ''استحکام پاکستان پارٹی'' کے قیام کا باضابطہ اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ''ملکی ترقی کیلئے استحکام پاکستان پارٹی بنائی ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ 9 مئی کے شرپسندوں کو انجام تک پہنچایا جائے، کنگ پارٹیوں میں شامل ''پنچھی'' حکومت کسی کی بھی ہو اقتدار میں وہی نظر آتے ہیں، یہ پس پردہ قوتوں کی کرشمہ سازی ہے کہ ان پنچھیوں کو سیاست کی ایک ڈالی سے دوسری ڈالی پر بٹھا دیتے ہیں، کنگ پارٹیوں میں چھپے آمرانہ ذہن کے مالک پاکستان کو اپنی اناء ؒ کی بھینٹ چڑھا رہے ہیں جس سے ملکی سالمیت کو شدید خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔

ترقی کے بنتے بگڑتے زینے

سلیمان کھوکھر ----- چہرے

گوجرانوالہ کی صنعت وحرفت کے عروج وزوال کے باب کو بند کرنے سے قبل کچھ اور نامور صنعتوں اور صنعت کاروں کا ذکر ہو جائے۔ محلّہ بخشے والا کی سڑک پر سیٹھ عبداللہ کا کارخانہ تھا۔ ہم نے سیٹھ صاحب کو نہیں دیکھا بس جب ادھر سے گذر ہوتا تو ایک وسیع وعریض قطعہ زمین نظر آتا۔ ہمارے لڑکپن تک شائد یہاں PRODUCTION بند ہو چکی تھی بس اس کے ایک کونے میں برف خانہ البتہ موجود تھا۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران انگریز فوجوں کو سامان کی سپلائی سے انہوں نے بہت دولت کمائی۔ شہر بھر میں ان کے نام کا ڈنکا بجتا تھا کہ ان سے بڑھ کر کوئی رئیس نہیں۔ مگر سیٹھ صاحب کے ایک صاحبزادے نے مینوفیکچرنگ اور پروڈکشن کی بجائے فلم انڈسٹری کو ترجیح دی اور ناکام ہوگئے۔ کارخانہ دیگر وجوہات اور عدم توجہی کا شکار ہو کر پلاٹوں اور دکانوں میں بٹ گیا۔ سیٹھ عبداللہ ایک گم گشتہ نام بن کر رہ گیا۔ اس خاندان میں ایڈووکیٹ گل رخ ارشد کا نام باقی رہ گیا ہے۔ اسی سڑک پر قریب ہی شہر کے ایک اور معروف صنعت کار عزیز ذوالفقار کی فیکٹری "کینن میٹل ورکس" تھی۔ اپنی نوعیت کے لحاظ سے کامیاب شمار ہوتی تھی۔ عزیز ذوالفقار چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری گوجرانوالہ کے بانی تھے۔ بعد میں وہ "چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری فیڈریشن آف پاکستان" کے صدر بھی رہے۔ اس فیکٹری کے علاوہ شہر کے ایک نواحی علاقے "کھیالی" میں بھی بجلی کے پنکھوں کے "پر" بنانے کے پلانٹ بھی لگائے۔ شعروادب کے آدمی تھے۔ عنائت اللہ کے ماہوار رسالے "حکائت" میں ایک مدت تک مزاح لکھتے رہے۔ شہر میں رفیق تارڑ (سابق صدر پاکستان) سے بہت گاڑھی چھنتی تھی۔ لطیفہ گوئی دونوں کا یکساں مشغلہ تھا۔ "ڈیسنٹ موٹرز" کے بغیر گوجرانوالہ کی انڈسٹری کا ذکر ادھورا رہے گا۔ اس کے مالک مرحوم حاجی اسماعیل کھوکھر تحصیل وزیرآباد کے نواحی گاں "مدن چک" سے گوجرانوالہ آئے اور گوندلانوالہ روڈ پر اس کی بنیاد رکھی۔ ان کے چاروں بیٹے یوسف کھوکھر، حاجی یونس کھوکھر، یعقوب کھوکھر اور ایوب کھوکھر میں سے اب کوئی زندہ باقی نہیں بچا۔ دل کے دورے اس خاندان میں وباء ؒ کی صورت پھیلے۔ حاجی یونس کھوکھر شروع دن سے ہی اپنے آبائی گھر نوشہرہ روڈ پر ہی مقیم رہے، بڑے متواضع انسان تھے۔ دوستیاں خوب نبھاتے تھے۔ 90ء ؒ کی دہائی میں پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر صوبائی اسمبلی کا انتخاب لڑا مگر چند سو ووٹوں سے ہار گئے۔ مگر جب زندگی کی بازی ہارے تو ڈیسنٹ موٹرز کی سلطنت دھڑام سے گر گئی۔ اب وہاں پروڈکشن نہیں ہوتی، ہوتی بھی ہو تو بہت معمولی ہوگی۔ فیکٹری کا محل وقوع "رئیل اسٹیٹ" کے بڑا موزوں ہے۔ دیکھیں اب کس وقت یہاں پلاٹ بنیں گے۔ء ؒ لاہوری دروازہ کے اندر گوجرانوالہ کی اولین پنکھا ساز فیکٹری "ممتاز فین" کے نام سے تھی اسکے مالک حافظ ممتاز کھوکھر صاحب تھے۔ گوجرانوالہ کے شہریوں کو سب سے پہلے برقی پنکھے کا تحفہ ممتاز فین نے ہی دیا۔ ہمارے گھر میں ان کا ایک پنکھا جو اباجی نے 1965 کے لگ بھگ خریدا تھا آج بھی پوری آب وتاب کے ساتھ ایسے چل رہا ہے کہ مرمت کا محتاج ہی نہیں۔ ممتاز صاحب خود ہر مشینری پر جا کر کام دیکھتے۔ کاریگروں کے ساتھ دن بھر خود بھی محنت کرتے۔ کام کام اور کام پر یقین نے انہیں کامل بنا دیا تھا۔ عرصہ ہوا ان کے خاندان کے کسی فرد سے ملاقات نہیں ہوسکی۔ فیکٹری بھی "گذرا ہوا زمانہ آتا نہیں دوبارہ" کا گیت الاپ رہی ہے۔ محل وقوع کے لحاظ سے موبائل فون مارکیٹ کیلئے اچھی جگہ ہے۔ کسی وقت بن جائیں گی یہاں بھی دکانیں۔ اب گوجرانوالہ شہر میں چھوٹی یا بڑی، صرف وہ صنعتیں ترقی کر رہی ہیں جن کا چوری چکاری اور استحصال پر کامل ایمان ہے۔ شہر کے غیر معروف علاقے ہوں یا جی۔ٹی روڈ، گیس چوری اپنی انتہا کو پہنچی ہوئی ہے۔ "منتقلی" طے شدہ ہے اور قومی خزانہ لٹ رہا ہے۔ لوٹنے والوں میں عملے کے علاوہ چند مخصوص دلالوں کا بھی ایک ٹولہ موجود ہے۔ مثلاً جی ٹی روڈ پر ایک بہت بڑی فیکٹری ہے۔ شہر کے غیر معروف علاقے ہوں یا جی۔ٹی روڈ، گیس چوری اپنی انتہا کو پہنچی ہوئی ہے۔ "منتقلی" طے شدہ ہے اور قومی خزانہ لٹ رہا ہے۔ لوٹنے والوں میں عملے کے علاوہ چند مخصوص دلالوں کا بھی ایک ٹولہ موجود ہے۔ مثلاً جی ٹی روڈ پر ایک بہت بڑی فیکٹری ہے،، کئی ایکڑوں میں پھیلی ہوئی، کسی کو معلوم نہیں کہ یہاں کیا چیز بنتی ہے مگر دیکھتے ہی دیکھتے گوجرانوالہ ڈویژن کے ایک ہمسایہ ضلع سے آئے ہوئے ان لوگوں نے کروڑوں روپے سے بھی آگے کی جست بھری اور ارب پتی ہوگئے، محض گیس چوری کر کے۔ گوجرانوالہ چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایک سابق صدر اس فیکٹری اور محکمہ سوئی گیس کیلئے "درمیان" کا دھندہ کرتے ہیں۔ زیادہ دلچسپی سے اس کے احوال کو جانا تو معلوم پڑا کہ یہ سابق صدر صاحب شہر کی بیشتر فیکٹریوں کو یہی "خدمات" فراہم کرتے ہیں۔ ایک فیکٹری کے مالک کی تو اس وقت شہر میں دھوم مچ گئی جب اس نے بڑے "اخلاق" سے سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے 80 لاکھ کے قریب توانائی کے زمرے، میں وصول ہونے والا بل سرے سے ہی معاف کروالیا۔ اسلام میں تجارت کے اصول اس لئے طے ہوگئے کہ تب تجارت تھی، صنعت کاری نہیں تھی۔ مگر کیا تجارت کے اصول مینوفیکچرنگ کے شعبے پر عائد نہیں ہوتے؟۔ صنعت کاری جو خاندانی اور شریف لوگوں کا پیشہ تھا، جس نے ملکی ترقی کو بام عروج بخشا جب بجلی اور گیس چوروں کے ہاتھ آئی تو اس شعبے سے برکت اٹھ گئی۔ اب صنعت کار کھرب پتی اور قومی معیشت مفلس ہوگئی فیکٹری کا محل وقوع "رئیل اسٹیٹ" کے بڑا موزوں ہے۔ دیکھیں اب کس وقت یہاں پلاٹ بنیں گے۔ء ؒ لاہوری دروازہ کے اندر گوجرانوالہ کی اولین پنکھا ساز فیکٹری "ممتاز فین" کے نام سے تھی اسکے مالک حافظ ممتاز کھوکھر صاحب تھے۔ گوجرانوالہ کے شہریوں کو سب سے پہلے برقی پنکھے کا تحفہ ممتاز فین نے ہی دیا۔

ہمارے معاشی مسائل اور ان کا حل

قیوم نظامی

پاکستان کی معاشی تاریخ پر نظر ڈالیں تو یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ پاکستان نے 1950ء ؒ سے 1990ء ؒ کے دوران 40 سال قابل ستائش ترقی کی حالانکہ آزادی کے بعد پاکستان میں صنعت پسماندہ تھی۔ لاکھوں مہاجرین کا بوجھ پاکستان کو برداشت کرنا پڑا۔ 1965 اور 1971ء ؒ کی جنگوں نے پاکستان کی معیشت کو متاثر کیا۔ 1980ء ؒ کی دہائی میں پاکستان نے امریکا کی افغان وار لڑی۔ بھٹو دور میں کلیدی صنعتوں کو نیشنلائز کیا گیا۔ ان تمام مشکلات کے باوجود پاکستان کی گروتھ بھارت سے آگے تھی جو اوسط 6 فیصد رہی۔ اس معاشی کامیابی کی بنیادی وجہ فعال ریاستی ادارے اور معیاری گورننس تھی۔ ریاستی اداروں پی آئی ڈی سی، پی آئی سی آئی سی، آئی ڈی پی پی اور اے ڈی سی نے پاکستان کی زرعی اور صنعتی ترقی میں قابل رشک کردار ادا کیا۔ واپڈا نے دو بڑے ڈیم منگلا اور تربیلا تعمیر کیے۔ پلاننگ کمیشن نے بیرونی یونیورسٹیوں کے تعلیم یافتہ ماہرین کو میرٹ اور اہلیت کی بنیاد پر ریاستی اداروں کا سربراہ بنایا جنھوں نے معیشت کی ترقی میں شاندار کارنامے انجام دیے۔ پی آئی اے دنیا کی لیڈنگ ایئر لائن تھی جس کے ماہرین نے سنگاپور ایئر لائنز اور ایمریٹس ایئر لائن کی تشکیل میں رہنمائی اور معاونت کی۔ افسوس آج پی آئی اے زوال پذیر ہو چکی ہے۔ ماضی میں سول سرونٹس کو میرٹ پر نامزد کیا جاتا ان کو ذمہ داری اور اتھارٹی دی جاتی اور ان کا احتساب کیا جاتا۔ پالیسیوں کا تسلسل برقرار رہتا اور کرپشن کو کنٹرول کیا جاتا۔ 1988ء ؒ سے 1999ء ؒ تک 8 حکومتیں تبدیل ہوئیں اور 4 عام انتخابات کرائے گئے۔ کمزور حکومتیں معیشت کے سلسلے میں بر وقت دلیرانہ فیصلے نہ لے سکیں اور اپنا اقتدار بچانے میں مصروف رہیں۔ 2002ء ؒ سے 2007ء ؒ تک جنرل پرویز مشرف کے دور میں معاشی ترقی ہوئی۔ ٹیکس ریونیو تین گنا بڑھ گیا۔ برآمدات دوگنا ہوگئیں۔ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کنٹرول میں رہا۔ گروتھ کی شرح 7 فیصد رہی۔ مقامی حکومتوں کو مضبوط اور مستحکم بنایا گیا عوام کے مقامی مسائل ان کے گھر کی دہلیز پر حل ہوتے رہے۔ 2008ء ؒ سے 2023ء ؒ تک معاشی ابتری کے سال رہے۔ بنگلہ دیش، سری لنکا اور انڈیا معاشی حوالے سے پاکستان سے آگے نکل گئے۔ اس عرصے کے دوران کرپشن اور منی لانڈرنگ کے میگا سکینڈلز منظر عام پر آئے۔ معاشی گروتھ کی رفتار سست رہی۔ منصوبے غیر معمولی تاخیر کا شکار ہوئے۔ اقربا پروری اور سیاسی مفاد کے کلچر نے معاشی ترقی کو زوال پذیر کر دیا۔ پاکستان پر اندرونی اور بیرونی قرضوں کا حجم تشویش ناک حد تک بڑھ گیا۔ غربت اور بیروزگاری میں اضافہ ہوا۔ ٹیکس نیٹ وسیع نہ کیا جا سکا۔ خاندان امیر ہوگئے اور پاکستان غریب ہوگیا۔ مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی۔ پاکستان کے تمام معاشی اور انتظامی انڈیکیٹرز دنیا کے مقابلے میں بہت نیچے چلے گئے۔ ایک رپورٹ کے مطابق دس کروڑ شہری غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے ہیں۔ احتساب کے ادارے کو سیاسی انتقام کے لیے استعمال کیا گیا۔ ریاست تسلسل کے ساتھ عدم استحکام کا شکار رہی۔ بلدیاتی انتخابات کو بری طرح نظر انداز کیا گیا۔ پالیسیوں کا تسلسل جاری نہ رکھا جاسکا 18 ویں ترمیم کے بعد صوبوں کو اختیارات منتقل کرنے کے بعد بھی وفاقی حکومت کے محکمے اور اخراجات کم نہ کیے گئے۔ جن ادارہ جاتی اصلاحات کے لیے سفارشات تیار کی گئیں ان پر عمل درآمد نہ کیا جاسکا۔ سٹیٹ بنک کے سابق گورنر اور پاکستان کے نامور اکانومسٹ اور ٹیکنو کریٹ عشرت حسین کی نئی کتاب گزشتہ ماہ 'پاکستان اکنامک چیلنجز اینڈ سلوشنز' کے نام سے وین گارڈ بکس لاہور نے شائع کی ہے۔ اس کتاب میں عشرت حسین نے پاکستان کے معاشی مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا ہے اور وے فارورڈ بھی بتایا ہے۔ کاش مقتدر حلقے ان کی اس منفرد تحقیق سے فایدہ اٹھا کر پاکستان کو دیوالیہ پن سے باہر نکال سکیں۔ اس کتاب میں مارکیٹ سوسائٹی اور اکانومی پر چشم کشا باب شامل ہے جس میں سماج کے ان عوامل کو بے نقاب کیا گیا ہے جو معاشی ترقی میں رکاوٹ ہیں۔ عشرت حسین نے اپنی کتاب میں معاشی بحران کو حل کرنے کے لیے بنیادی اصول بتائے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں ریاست کو اپنے شہریوں کو معیاری بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لیے گورننس سسٹم کو مضبوط اور مستحکم بنانا ہوگا۔ غریب عوام کو ٹارگٹ کر کے اور ان کے لیے مخصوص پالیسی وضع کر کے انھیں غربت کی لکیر سے باہر نکالنا ہوگا، جیسے چین نے غربت کا مسئلہ بڑی کامرانی کے ساتھ حل کیا۔ ہمیں سائنس، ٹیکنالوجی اور ہیومن ریسورس میں سرمایہ کاری کرنی ہوگی۔ برآمدات کے میں اضافے کے لیے خصوصی اور ٹھوس اقدامات کرنے ہوں گے۔

آئین فطرت سے باتیں کریں.....!!

طلعت عباس خان

وقفہ کیوں ضروری ہے؟ اس پر بات ضرور ہوگی، چلیں ابھی اس پر بات کرتے ہیں کہ کیا پیسہ اور عہدہ انسان کو سکون دیتا ہے یا وہ ذات یہ سب کچھ بعض لوگوں کو سزا کے طور پر دیتی ہے جس کا اندازہ گزرتے وقت کے بعد ہوتا ہے۔ سیاسی حکمران، چیف جسٹس اور سپہ سالار صاحبان جو گھر جا چکے ہیں کچھ تو دنیا سے گزر چکے۔ ان میں بعض وہ بھی ہیں جنہیں اقتدار کے دوران اور بعد میں برے القابات سے نوازا جاتا ہے وہ جب ریٹائرڈ ہو کر فیملی کے ساتھ یا اکیلے یا عمرہ ادائیگی کیلئے جاتے ہیں مگر وہاں بھی برے القابات انکا پیچھا نہیں چھوڑتے۔ جیسے سابق وزیراعظم اور وزراء کو عمرے کے دوران دیکھا گیا۔ ایسا ہی منظر سابق چیف جسٹس کیساتھ دیکھا گیا جب ایک شادی ایونٹ میں انہیں ایک وکیل کی طرف سے ڈیم فنڈز کی بابت تلخ فقرے سننے پڑے.....!! پیسوں پر فقرے کسے۔ جناب نے جواب بھی دیسی زبان میں دیا۔ جس پر شرمندہ دلہن دولہا والے ہوئے۔ ایسے ہی ایک سابق چیف ریٹارمنٹ کے بعد دیار غیر میں گھر کی سیڑھی پر بیٹھے ستا رہے تھے کہ ''شیطان'' پہنچ گیا وڈیو بنائی، برے القابات سے نوازا۔ انہیں دیکھ کر عام انسان شکر ادا کرتا ہے کہ اچھا ہوا مجھے بڑے عہدے سے نہیں نواز گیا مجھے نارمل رکھا ورنہ میرے ساتھ بھی آج یہی سلوک ہو رہا ہوتا مجھے بھی یہ سزا ملتی اور برے القابات سے نوازا جاتا۔ سچ کہا ہے جزا و سزا انسان کو اس کے اعمال کی بنا پر اسی جہاں میں بھی ملتی ہے، یقیناً اگلے جہاں میں بھی ملیگی۔ لہذا بے چین رہنا اپنی نیندیں حرام کرنا ناجائز طریقے سے پیسے بنانا اور دن رات کام کرنا پلیز بند کریں۔ یہ سوچنا ہوگا کہ ہمیں پیسوں کے پیچھے بھاگنا چاہیے یا اپنی صحت اور عزت کا خیال رکھنا چاہیے۔ فطرت کہتی ہے اے انسان تم دن رات کام نہیں کر سکتے ہو۔ دنیا میں ایک ریسرچ کے بعد یہ طے بھی ہو چکا ہے کہ انسان کو آٹ

خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع میں شدید طوفان اور بارش

ضلع بنوں، لکی مروت اور کرک سب سے زیادہ متاثر ہوئے اب تک کی اطلاعات کے مطابق جانی اور مالی نقصان کی اطلاعات ہے پاک فوج کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی ہیں اور امدادی میں سرگرمیوں میں مصروف ہیں پاک فوج تمام وسائل بروئے کار لا کر سول انتظامیہ کے ساتھ اس مشکل وقت میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے زخمیوں کو ضلعی ہسپتالوں میں پاک فوج کی مدد سے منتقل کر دیا گیا ہے۔ ضلع بنوں کے سرکاری ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے

مکران میڈیکل کالج اپنی منفرد طرز تعمیر اور جداگانہ طرز تدریس

تحریر۔ چاکر بلوچ

بلوچستان کے دوسرے بڑے ضلع کیچ جسکی آبادی 14 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے مکران ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر بھی ہے جہاں نا صرف رخشان ڈویژن بلکہ دور دراز کے اضلاع سمیت ایران سیبھی لوگ ہر طرح کی ضروریات کیلئے رخ کرنے کیساتھ ساتھ علاج ومعالجہ کیلئے بھی اسی علاقے کا رخ کرتے ہیں. تربت سٹی کیدامن میں واقع معروف کیچ کور ندی اور دوسری جانب پہاڑی دامن کا خوبصورت سلسلہ جو ایرانی سرحد سے جاملتا ہے اور دوسری جانب گوادر سے آنے والا سی پیک کا ایم ایٹ روڈ ہے جو بل کھاتی کوئٹہ و دیگر علاقوں تک پہنچتی ہے، اسی سڑک کے دامن میں واقع بلوچستان کا چوتھا بڑا میڈیکل کالج ہے. جس مکران میڈیکل کالج کے نام سے موسوم کیا گیا ہے، مکران میڈیکل کالج تربت ابتداء میں کوہ مراد تربت کے دامن میں واقع ایک پرانے بلڈنگ میں تھا جہاں آج کل ٹیکنیکل کالج قائم کیا گیا ہے، مکران میڈیکل کالج تربت بلوچستان کا چوتھا بڑا میڈیکل کالج ہے، جو طبی شعبے کی ترقی کیلئے قائم کیا گیا ہے، اس سے قبل بلوچستان میں تین میڈیکل کالج قائم کیے گئے ہیں، جسمیں سب سے بڑا میڈیکل کالج بولان میڈیکل کالج ہے جو کوئٹہ میں واقعہ ہے، جبکہ دوسرا بڑا میڈیکل کالج لورالائی میڈیکل کالج ہے، جبکہ تیسرا میڈیکل کالج خضدار میڈیکل کالج ہے۔ مکران میڈیکل کالج اپنی خوبصورت بلڈنگ وعمارت اور معیاری تعلیم کے لحاظ سے مستقبل کے معماروں کی امیدوں کا محور ومرکز ہے. مکران میڈیکل کالج تربت بلوچستان کا ایک اہم اور بڑا میڈیکل کالج ہے، جو حکومت نے قائم کر کے نا صرف مکران بلکہ دور دراز جیسے آواران خاران، واشک اور گوادر سمیت حب ولسبیلہ ودیگر علاقوں کے نوجوانوں کیلئے علمی پیاس بجھانے کا دروازہ کھولا ہے. تقریباً 2 ہزار سے زائد ایکڑ اراضی پر مشتمل مکران میڈیکل کالج 2017 میں مکمل ہوگیا، اس وقت یہاں ملک کے مختلف علاقوں سے میڈیکل کے شعبہ سے وابستہ طلبہ وطالبات پڑھ رہیہیں، جبکہ اسکی ایک خاصیت یہ ہیکہ یہاں ملک کے مختلف علاقوں سے معروف میڈیکل پروفیسرز اور اساتذہ خدمات سرانجام دے رہے ہیں. مکران میڈیکل کالج اپنی منفرد طرز تعمیر میں بلوچستان کا سب سے بڑا اور خوبصورت ترین ادارہ ہے جسکی طرز تعمیر انتہائی منفرد اور خوبصورت ہے جو دیکھنے والوں کو ورطہ حیرت میں ڈالتی ہے. مکران میڈیکل کالج تربت کے پہلے پرنسپل معروف ڈاکٹر عبدالرؤف شاہ صاحب تھے، اس وقت یہاں تقریباً 6 بیچ کے طلبہ وطالبات میڈیکل کے شعبے میں زیر تعلیم ہیں، ہر بیچ میں 50 طلبہ وطالبات ہیں، جبکہ ٹوٹل طلبہ وطالبات کی تعداد 300 سو ہے۔ پہلا بیچ اپنے فائنل سال میں ہے جو یہاں سے پڑھنے کے بعد ملک وقوم کی خدمت کرسکیں گے. وفاقی وصوبائی حکومتوں کی کوشش ہیکہ وہ بلوچستان کے تعلیمی پسماندگی کو دور رکھنے کیلئے اعلی تعلیمی اداروں اور درسگاہوں کا قیام کریں، مکران میڈیکل کالج کا قیام اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، مکران میڈیکل کالج کے طلبہ وطالبات کالج کے انتظامات اور حکومتی اقدامات سے مطمئن نظر آتے ہیں. طلبہ کیلئے ایک وسیع وعریض ڈیجیٹل لائبریری ہے جس میں طلبہ وطالبات بیٹھ کر آرام سے پڑھ سکتے ہیں، طلبہ کی سہولیات کیلئے وہاں انٹرنیٹ کا سہولت بھی موجود ہے. مکران میڈیکل کالج نے ایک قلیل المدت میں بہترین ونمایاں نام کمایا ہے یہ یقیناً حکومتی ترجیحات و انتظامات کی واضح عکاسی کرتا ہے کہ حکومت تعلیمی میدان میں ٹھوس بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے. طالب علم ڈاکٹر ساجد بلوچ کا تعلق مکران ڈویژن سے ہے وہ مکران میڈیکل کالج کے پہلے بیچ کے طالب علم ہے جو شروع اور فرسٹ بیچ کے طالب علم ہیں جنکا اس سال تعلیمی کیریئر مکمل ہوگا انکے مطابق مکران میڈیکل کالج کا تعلیم معیاری ہے اور ملک کیدیگر علاقوں کے طلباء کیساتھ وہ کسی بھی طور پر اپنے آپکو کمتر نہیں سمجھتے بلکہ مقابلے کیلئے تیار ہیں. انکا کہنا ہیکہ انہوں نے مکران میڈیکل کالج میں پرامن ماحول میں تعلیم حاصل کیا ہے جہاں انہیں کوئی پریشانی کا سامنا نہیں ہوا ہے. موجودہ حکومت نے بھی اپنے تعلیم دوستی کا ثبوت دیتے ہوئے مکران میڈیکل کالج کو اپنے ترجیحات میں شامل کیا ہے اور فوری فنڈ کی فراہمی کا بندوبست بھی کیا ہے اور ملک بھر سے اچھے شہرت یافتہ پروفیسر کو اپوائنٹ کیا ہے جو کہ اپنے فیلڈ میں FCPS یافتہ ہیں۔ موجودہ حکومت کے علم دوستی کا وژن ہے کہ مکران میڈیکل کالج کے کے نئے تعمیر شدہ بلڈنگ۔ نئے کلاس روم۔ نئے ہاسٹل تعمیر کئے گے ہیں۔ مکران میڈیکل کالج آئندہ برسوں پورے علاقے میں انشائاللہ میڈیکل کے شعبے میں بہت تبدیلی لائے گا

ہندسوں کا گھورکھ دھندہ

قومی بجٹ سال 2023/24ء پیش کر دیا گیا ہے۔ بجٹ کا ٹوٹل حجم 14 ہزار 460 ارب روپے ہے۔ بجٹ میں صوبوں کو 5276 ارب روپے دیے جائیں گے، فنانس بل کے مطابق بجٹ میں دفاع کے لئے 1804 ارب مختص کئے گئے ہیں سود اور قرضوں کی ادائیگی پر 7303 ارب خرچ ہونگے۔ ایف بی آر کا ٹیکس ہدف 9200 ارب مقرر کئے گئے ہیں۔ نان ٹیکس ریونیو 2963 ارب مقرر ہیں۔ پینشن کے لئے 761 ارب روپے رکھنے کی تجویز ہے۔ سبسڈیز کی مد میں 1074 ارب روپے رکھنے کی ہے۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے لئے 450 ارب روپے مقرر کئے گئے ہیں۔ سولر پینل کی بیٹریز کی تیاری کے خام مال پر کسٹمز ڈیوٹی ختم کر دی ہے سولر پینل کی مشینری کی درآمد اور سولر پینل کے انورٹر کے خام مال پر بھی ڈیوٹی کا خاتمہ کر دیا گیا ہے۔ کوکنگ آئل اور خوردنی تیل پر سیلز ٹیکس، ٹیکسٹائل کے شعبے کے رنگ اور دیگر متعلقہ خام مال پر کسٹمز ڈیوٹی ختم کر دیا گیا سولر پینل کی مینوفیکچرنگ کے خام مال پر کسٹمز ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہیکاروبار میں آسانی اور تجارتی سہولیات بڑھایا گیا ہے تمام ضروری اشیاء ⌋ کی درآمد پر ٹیکس میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ قرآن پاک کی طبعات کے درآمدی کاغذ پر ڈیوٹی ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ملک میں 250 منی سپورٹس کمپلیکس تعمیر کرنے کا فیصلہ ہوا ہے۔ جس کے مطابق منصوبے پر 12 ارب روپے لاگت آئے گی۔ وفاق اور صوبے پچاس پچاس فیصد فنڈز خرچ کریں گے، فنانس دستاویز میں بتایا ہے کوکنگ آئل اور خوردنی تیل پر سیلز ٹیکس، ٹیکسٹائل کے شعبے کے رنگ اور دیگر متعلقہ خام مال پر کسٹمز ڈیوٹی ختم کر دیا گیا سولر پینل کی مینوفیکچرنگ کے خام مال پر کسٹمز ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہیکاروبار میں آسانی اور تجارتی سہولیات بڑھایا گیا ہے تمام ضروری اشیاء ⌋ کی درآمد پر ٹیکس میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ قرآن پاک کی طبعات کے درآمدی کاغذ پر ڈیوٹی ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ملک میں 250 منی سپورٹس کمپلیکس تعمیر کرنے کا فیصلہ ہوا ہے۔ جس کے مطابق منصوبے پر 12 ارب روپے لاگت آئے گی۔ وفاق اور صوبے پچاس پچاس فیصد فنڈز خرچ کریں گے، فنانس دستاویز میں بتایا ہے کہ پنجاب کے 36 اضلاع میں 60 منی سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیئے جائیں گے پختونخوا کے 34 اضلاع میں 50 منی سپورٹس کمپلیکس تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ سندھ کے 29 اضلاع میں 40 منی سپورٹس کمپلیکس تعمیر کرنے کا پلان ترتیب۔ دیا گیا ہے۔ بلوچستان کے 33 اضلاع میں 30 منی سپورٹس کمپلیکس تعمیر ہونگیا سلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 70 منی سپورٹس کمپلیکس تعمیر کرنے کا پلا پختونخواہ میں ضم 10 قبائلی اضلاع میں بھی کھیلوں کی سہولیات فراہم کی جائیں گی، بجٹ دستاویز میں بتایا گیا ہے۔ کہ حکومت کا ا؟ ئندہ مالی سال کے بجٹ کے ساتھ اہم قوانین متعارف کرائے جارہی ہے۔ بیرون ملک سے ا؟ نیوالوں کو ایک لاکھ ڈالر ملک میں لانے کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے ملک میں ایک لاکھ ڈالر تک لانے والوں سے آمدن کا ذریعہ نہیں پوچھا جائے گا۔ ڈالر اور دیگر کرنسی کی ذخیرہ اندوزی پر سزا دینے کیلیے قانون سازی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ غیر ملکی کرنسی کی ذخیرہ اندوزی پر قید اور جرمانے کی سزا کے لیے قانون سازی ہوگی نئے قانون کا اطلاق غیر ملکی کرنسی کی ذخیرہ اندوزی کرنے والے اداروں اور افراد پر ہوگا ڈائپرز کی مینوفیکچرنگ کے خام مال کی درآمد پر ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے۔ فاٹا میں مشینری کی امپورٹ کیلئے ٹیکس چھوٹ 30 جون 2024 تک جاری رہیگی، فنانس بل کے مطابق ملک میں تھنر کی مینوفیکچرنگ کیلئے متعلقہ خام مال پر ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے۔ آئی ٹی سے متعلقہ سامان پر ڈیوٹی فری درآمد کی اجازت ہو۔گی۔ رائس ملز کی مشینری کی درآمد پر ڈیوٹی ختم کر دی گئی گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین میں 35 فیصد اضافے کی منظوری دی گئی ہے گریڈ 17 سے 22 تک کے ملازمین کی تنخواہوں میں 30 فیصد اضافے کیا گیا ہے ریٹائرڈ ملازمین کی پینشنز میں ساڑھے سترہ فیصد اضافے کی منظوری دی گئی ہے کم سے کم اجرت 30000 قرار دے دی گئی۔ بجٹ میں زرعی شعبے کے لیے بھی بجٹ میں سہولت دی گئی ہے، تجارتی سہولتوں اور پیداواری لاگت میں کمی پر توجہ دی گئی ہے، اور سرمایہ کاری اور انڈسٹرلائزیشن کی بھی حوصلہ افزائی کی ہے۔ بجٹ میں زرعی شعبے کے لئے مراعات کا اعلان کیا ہے، اور ہیوی کمرشل وہیکلز پر کسٹم ڈیوٹی 10 سے کم کر کے 5 فیصد کر دی گئی ہے۔ ہر قسم کے بیج کی درآمد کسٹم ڈیوٹی سے مستثنی ہوگی، جھینگے اور چھوٹی مچھلی کی امپورٹ پر ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے، بجٹ میں لنڈے کے کپڑوں پر ریگولیٹری ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے، جب کہ 75 کلو واٹس سے کم زرعی ٹریکٹرز کی درآمد پر ڈیوٹی 15 فیصد کر دی گئی ہے۔ 150 ملین آمدنی والے افراد پر سپر ٹیکس عائد ہوگا. نئے بجٹ میں شیئر ہولڈرز کی سالانہ 15 کروڑ سے کم آمدن پر ٹیکس صفر ہوگا۔ بجٹ میں زرعی شعبے کے لیے بھی بجٹ میں سہولت دی گئی ہے، تجارتی سہولتوں اور پیداواری لاگت میں کمی پر توجہ دی گئی ہے، اور سرمایہ کاری اور انڈسٹرلائزیشن کی بھی حوصلہ افزائی کی ہے۔ بجٹ میں زرعی شعبے کے لئے مراعات کا اعلان کیا ہے، اور ہیوی کمرشل وہیکلز پر کسٹم ڈیوٹی 10 سے کم کر کے 5 فیصد کر دی گئی ہے۔ ہر قسم کے بیج کی درآمد کسٹم ڈیوٹی سے مستثنی ہوگی، جھینگے اور چھوٹی مچھلی کی امپورٹ پر ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے، بجٹ میں لنڈے کے کپڑوں پر ریگولیٹری ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے، جب کہ 75 کلو واٹس سے کم زرعی ٹریکٹرز کی درآمد پر ڈیوٹی 15 فیصد کر دی گئی ہے۔ 150 ملین آمدنی والے افراد پر سپر ٹیکس عائد ہوگا. نئے بجٹ میں شیئر ہولڈرز کی سالانہ 15 کروڑ سے کم آمدن پر ٹیکس صفر ہوگا، تاہم شیئر ہولڈرز کی 15 سے 30 کروڑ آمدن پر 1 فیصد، 20 سے 25 کروڑ آمدن پر 2 فیصد، 25 سے 30 کروڑ آمدن پر 3 فیصد، 30 سے 35 کروڑ آمدن پر 4 فیصد، 35 سے 40 کروڑ آمدن پر 6 فیصد، 40 سے 50 کروڑ آمدن پر 8 فیصد جب کہ 50 کروڑ روپے سے زائد آمدن پر 10 فیصد ٹیکس ہوگا، اس کے علاوہ غیر معمولی منافع کمانے والوں پر بھی اضافی ٹیکس لگے گا۔ نئے بجٹ کے مطابق اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ کمپنی کی 25 کروڑ سے زائد آمدن پر 1.25 فیصد ٹیکس ہوگا، سالانہ 25 کروڑ سے 80 کروڑ ٹرن اوور پر 20 فیصد ٹیکس ہوگا۔ ذرائع نے بتایا کہ بجٹ میں فارن ڈومیسٹک ورکرز پر 2 لاکھ روپے ایڈوانس ٹیکس عائد کرنے کی تجویز ہے، جب کہ بجٹ کے بعد مشروبات اور گاڑیوں کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا امکان ہے، پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی کی شرح بھی مزید بڑھائے جانے کا امکان ہے۔ بجٹ میں 50 ہزار روپے بینک ٹرانزکشن پر 0.6 فیصد ٹیکس عائد کیا گیا ہے، تاہم اس میں جن افراد کا نام ٹیکس پیئر لسٹ میں موجود نہیں ان پر یہ ٹیکس لگایا جائے گا، ایک روز میں 50 ہزار روپے سے زائد کی ٹرانزکشن پر ٹیکس ہوگا، جب کہ بونس شیئر پر 10 فیصد ٹیکس دینا ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بجٹ میں پیٹرولیم پروڈکٹس لیوی آرڈیننس میں بھی ترمیم کی گئی ہے، فارن ڈومیسٹک ورکرز پر 2 لاکھ روپے ایڈوانس ٹیکس عائد کرنے کی تجویز ہے، اور شیشے سے متعلق سامان پر ریگولیٹری ڈیوٹی میں اضافہ کیا گیا ہے، اور سیور کیعلاوہ بلب پر 20 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کی گئی ہے۔ ضروی اشیاء کی درآمدات پر ڈیوٹی میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا آئندہ بجٹ میں ضروی اشیاء کی درآمدات پر ڈیوٹی میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا، قرآن کی چھپائی کے لیے آرٹ کارڈ اور بورڈ ایکسائز ڈیوٹی سے مستثنی کیا گیا ہے۔ بجٹ میں فارماکمپنیز کے لیے سہولت دی گئی ہے اور فارماکمپنیز کے لیے مزید 3 ڈرگز ڈیوٹی فری ریجیم میں شامل کی گئی ہے۔ ڈائپرز اور سینیٹری نیپکنز پر بھی کسٹمز ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے۔ بجٹ میں ڈائپرز اور سینیٹری نیپکنز پر بھی کسٹمز ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے، جب کہ سولر پینلز کے لیے استعمال اشیاء ⌋ اور مشینری پر کسٹمز ڈیوٹی نہیں ہوگی، انورٹرز اور بیٹریز پر بھی کسٹمز ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے۔ آئی ٹی سے متعلق سامان پر کوئی امپورٹ ڈیوٹی نہیں ہوگی بجٹ میں آئی ٹی کے ایکسپورٹرز کے لیے بھی بجٹ میں سہولت دی گئی ہے، آئی ٹی سے متعلق سامان پر کوئی امپورٹ ڈیوٹی نہیں ہوگی، مانیٹرز اور پروجیکٹرز پر ریگولیٹری ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے۔ ----- *** -------

---

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کز جزوی طور پر ہی فعال ہیں اندرون صوبہ عوامی نمائندوں کے مطابق بلوچستان کے پچاس فیصد بنیادی مراکز صحت بند پڑے ہیں۔ جعفر آباد کے ہیڈ کوارٹر ڈیرہ اللہ یار کے ڈی ایچ کیو اسپتال میں 10 لیڈی ڈاکٹرز تعینات ہیں مگر صرف 2 ڈیوٹی سرانجام دیتی ہیں، ضلع جعفر آباد میں 5 بیسک ہیلتھ یونٹس میں سے صرف ایک ہیلتھ یونٹ میں لیڈی ڈاکٹر تعینات ہے، نوشکی میں میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال میں تینوں لیڈی ڈاکٹرز ڈیوٹی سے غائب ہیں جبکہ 4 آر ایچ سیز اور 10 بنیادی مراکز صحت میں کوئی ڈاکٹر ڈیوٹی پر موجود نہیں ہے۔ کوئٹہ کے سول ہسپتال، بولان میڈیکل کمپلیکس، فاطمہ جناح جنرل چیسٹ انسٹیٹیوٹ، شیخ زید ہسپتال کوئٹہ، بے نظیر ہسپتال، مفتی محمود میموریل ہسپتال میں ڈاکٹرز کی کمی ہے جبکہ محکمہ صحت نے دعویٰ کیا ہے کہ روزانہ ایک ہزار سے زائد افغان باشندے بھی کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں اپنا علاج کراتے ہیں والہندین کے پرنس فہد ہسپتال میں کنٹریکٹ کی بنیاد پر 3 لیڈی ڈاکٹر تعینات ہیں مگر صرف ایک ہی ڈیوٹی پر موجود ہے حب میں جام غلام قادر ہسپتال ہیل ڈاکٹرز 2 2، خواتین ڈاکٹرز 2 4، فارماسسٹس 10، ڈینٹل سرجن 9، نرسز 25، پیرامیڈیکس 36 ہیں ایڈاک پر 7 ڈاکٹر تعینات ہیں سرجن سمیت اس وقت 3 ڈاکٹرز ڈیوٹی پر موجود ہیں تفتان کے ایک بنیادی مرکز صحت میں ایک ڈاکٹر تعینات ہے جبکہ خاتون ڈاکٹر موجود نہیں ہے۔ سنجاوی میں ایک ہسپتال، پانچ بنیادی مرکز صحت میں تین میل ڈاکٹر تعینات ہیں جبکہ پانچ سال سے ایک بھی خاتون ڈاکٹر نہیں ہے۔ لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں 18 ڈاکٹرز ہیں جن میں 8 خواتین اور 13 مرد ڈاکٹرز شامل ہیں۔ لورالائی ٹیچنگ ہسپتال میں ڈاکٹرز سمیت ٹوٹل عملہ 133 افراد پر مشتمل ہے سول ہسپتال میں 23 جبکہ میڈیکل کالج لورالائی کے 20 ڈاکٹرز تعینات ہیں تاہم ضلع بھر میں اس وقت 47 ڈاکٹرز ہسپتال میں ڈیوٹیاں دے رہے ہیں سول ہسپتال ژوب میں 25 مرد ڈاکٹرز جبکہ 10 خواتین ڈاکٹرز ہیں ان میں صرف 12 مرد ڈاکٹرز اور پانچ خواتین ڈاکٹرز ڈیوٹی پر موجود ہیں سول ہسپتال اور دیہی علاقوں کیلیے مزید 13 ڈاکٹرز کو تعینات کیا گیا مگر وہ ڈیوٹی پر نہ آئے۔ بسیمہ میں 16 سرکاری صحت کے مراکز میں 13 بی ایچ یوز، 2 ایچ آر سیز اور ایک سول اسپتال ہے ان تمام مراکز میں صرف دو خواتین ڈاکٹرز موجود ہیں اوستہ محمد کے سول اسپتال میں سرجن ڈاکٹر موجود ہی نہیں جبکہ تعینات لیڈی ڈاکٹرز ڈیوٹی سے غائب ہیں لیبر اسپتال کے ڈاکٹروں کے رہائشی مکانات میں ڈاکٹروں کی بجائے منتخب ایم پی اے کے قریبی افراد رہائش پزیر ہیں جس کی وجہ سے ڈاکٹرز جائے تعیناتی پر ڈیوٹی کیلیے تیار نہیں گڈانی میں آر ایچ سی شیخ آباد میں تین مرد ڈاکٹرز، دو لیڈی ڈینٹل سرجن، تین لیڈی ڈاکٹرز جبکہ گیارہ اسٹاف ہے جبکہ بی ایچ یو شپ بریکنگ یارڈ پلاٹ 113 میں ایک مرد ڈاکٹر، ایک خاتون ڈاکٹر کے ساتھ سات افراد پر مشتمل عملہ تعینات ہے پھوٹا گوٹھ گڈانی میں ایک میل ڈاکٹر، ایک فیمیل ڈاکٹر جبکہ سات افراد پر مشتمل اسٹاف ہے سول اسپتال ہیلا میں تین مرد اور ایک لیڈی ڈاکٹر ہے صحبت پور میں سول اسپتال میں کوئی لیڈی ڈاکٹر موجود نہیں، ایم ایس سمیت 3 ایم بی ایس اوصرف ایک لیڈی ہیلتھ ورکر ہے ضلعی ہسپتال میں تعنات لیڈی ڈاکٹرز سے غائب ہیں ڈیوٹی پر

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

قیادت کا مشکور ہوں کہ انہوں نے پیپلز پارٹی میں شمولیت کے بعد بھرپور حوصلہ افضائی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہی وہ جماعت ہے جو بلوچستان اور پاکستان کو مسائل سے نکال سکتی ہے۔ بلوچستان میں پسماندگی، مایوسی کے خاتمے اور خوشحالی کی بنیاد رکھنے کے لئے جو اقدامات پیپلز پارٹی نے کئے ہیں انکی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان میں تعلیم، صحت، روزگار، انفراسٹرکچر سمیت بنیادی سہولیات کا فقدان ہے عوام میں مایوسی پائی جاتی ہے جس کا خاتمہ ان مسائل کے حل سے منسلک ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور پاکستان میں آنے والا دور پاکستان پیپلز پارٹی کا ہوگا جس کے بعد ملک میں ایک نئی شروعات ہوگی وہ دن دور نہیں جب پیپلز پارٹی کی قیادت اپنے وژن کے ذریعے ملک کو مسائل کے بھنور سے نکالنے کی بنیاد رکھے گی اور آنے والے دور میں پاکستان کو اسکا کھویا ہوا مقام اور ترقی دوبارہ دولوائے گی۔ انہوں نے کہا پیپلز پارٹی کے کارکن کے طور پر صوبے اور بالخصوص کوئٹہ شہر میں پارٹی کی مضبوطی کیلیے بھرپور محنت، پارٹی پیغام گھر گھر عام کریں گے اور صوبے کو پارٹی کا مضبوط قلعہ بنائیں گے۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کونسلر میونسپل کمیٹی سبی میر حبیب الرحمٰن رند، آل پاکستان جرنلسٹس کونسل کے مرکزی جنرل سیکرٹری سید طاہر علی نے اپنے تعزیتی بیان میں میونسپل کمیٹی ڈھاڈر کے وائس چیئرمین حاجی محمد یوسف رند کی اہلیہ کی وفات کو دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حاجی محمد یوسف رند سے ان کی اہلیہ حاجی آصف رند حاجی عامر رند حاجی لعل محمد رند کی والدہ اور حاجی داؤد رند ڈاکٹر اشتیاق رند کی ہمشیرہ کی وفات پر اظہار تعزیت کی رند قومی اتحاد کے مرکزی چیئرمین سردار زادہ میر سردار خان رند ودیگر نے کہا کہ اس دکھ اور غم کی گھڑی میں لواحقین کے ساتھ برابر کے شریک ہے اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ مرحومہ کو جوار رحمت میں اعلیٰ درجات پسماندگاں کو صبر وجمیل عطاء فرمائیں۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ل پر مارچ کے بعد پریس کلب کے سامنے دھرنا دیا جہاں رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی اپنے روایتی ہتھکنڈوں، دھونس اور دھاندلی سے کراچی کی میئرشپ پر جو قبضہ کا خواب دیکھ رہی ہے وہ کبھی بھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا کراچی کی عوام نے جماعت اسلامی کو مینڈیٹ دیا ہے اور پی ٹی آئی نے بھی جماعت اسلامی کی حمایت کی ہے میئر کراچی انشاءاللہ حافظ نعیم الرحمان ہی منتخب ہونگے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی کی تاریخ رہی ہے کہ وہ کبھی مینڈیٹ کو تسلیم نہیں کرتی کراچی میں پیپلز پارٹی اپنے تمام تر بھان متی کے کنبہ کیساتھ 173 ووٹ رکھتی ہے جبکہ جماعت اسلامی پی ٹی آئی کی حمایت کے بعد 193 ووٹ کی اکثریت کے ساتھ باآسانی میئر بنانے کی پوزیشن میں ہے مگر پیپلز پارٹی پی ٹی آئی کے ممبران کی جبری گرفتاریاں کر کے جمہوریت اور اسپورٹس میں اسپرٹس کی دھجیاں اڑا رہی ہے آج پورے پاکستان میں بیک وقت پیپلز پارٹی اور ان کے سہولت کاروں کو اس کھلی اور ننگی دھاندلی سے باز رہنے کی تلقین کر رہے ہیں اگر یہ لوگ اپنے اوچھے

سول ہسپتال میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سمیت 3 ڈاکٹر زہیں اور دو میڈیکل ٹیکنیشن ہیں تحصیل چھتر میں رورل ہیلتھ سنٹر میں صرف ایک لیڈی ڈاکٹر موجود ہے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہ کی احتجاجوں میں بھرپور شرکت کریں گے

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چستان فوری طور پر تسلیم کریں صوبائی حکومت اپنے عیاشیوں کو کم کر کے اساتذہ سمیت ان تمام سرکاری ملازمین کو مراعات دیں، کیونکہ مہنگائی میں حکومت کی جانب سے ملازمین کو تنخواہ دی جارہی ہے اس میں ملازمین کے مسائل حل نہیں ہوتے، جمعیت علما اسلام اساتذہ کے ساتھ ہے اور ان تمام جائز مطالبات کی مکمل حمایت کرتی ہے جبکہ بلوچستان میں موجودہ حکومت کی وجہ سے تمام طبقات اپنے بنیادی ضروریات سے محروم ہیں اور حکومت اپنے لیے تو وسائل پیدا کر دیتی ہے وزراء کو نوازنے کیلئے اربوں روپے فنڈز مختص کر دیتے ہیں مگر ملازمین، مزدور اور عوام کیلئے ماسوائے رسوائی کوئی اقدامات نہیں کرتی ہے بھوک ہڑتالی کیمپ میں بیٹھے اساتذہ کی طبیعت دن بدن بڑھتی جارہی ہے

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

شار بلوچستان پولیس کے بہادر اور فرض شناص پولیس افسران میں ہوتا ہے عبدالرؤف جمالی نے عوام کی جان ومال کی حفاظت اور اپنے علاقے کے حدود میں امن وامان کی صورت حال کو بہتر بنانے میں اپنا اہم کردار ادا کیا ہیاوستا محمد شہر میں ہونے والی چوری ڈکیتی میں ملوث ملزمان کے خلاف کاروائی کر کے انہیں قانون کے کٹہرے میں کھڑا کر دیا اور ان کے قبضے سے برآمد ہونے والی مسروقہ سامان جن میں زیورات نقد رقم اور موٹر سائیکل مالکان کے حوالے کر دیا

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ضیاء الدین بادینی احسان اللہ کاکڑ عبدالباری بڑیچ ملک غلام حسین بادینی ملک زیب قمبرانی علی حسن بلوچ حمید بازئی حاجی آزاد خان قمبرانی ودیگر ممبران نے کہا ہے کہ مارکیٹ فیس کوئٹہ کو ٹینڈر کرنا سبزی وفروٹ کے تاجروں کے ساتھ ظلم وزیادتی ہے مارکیٹ فیس ٹینڈر سے سبزی وفروٹ کے تاجروں کو کروڑوں کا نقصان ہوتا ہے گزشتہ 2 سالوں سے وزیر زراعت ڈائریکٹر مارکیٹنگ وچیئرمین مارکیٹ کمیٹی کے من پسند پرائیویٹ ٹھیکیدار نے سبزی وفروٹ کے تاجروں کو لوٹا اور سبزی وفروٹ کے تاجروں سے ایکٹ ورول سے کئی گناہ زائد فیس وصول کی اور تاجروں کو کروڑوں کا نقصان پہنچایا زائد فیس پھتہ کے زمرے میں آتا ہے ٹھیکیدار نے پھتے کا رقم وزیر زراعت ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور چیئرمین مارکیٹ کمیٹی میں بانٹ دئے ایکٹ ورول میں مارکیٹ فیس فی ٹن 25 روپیہ ہے لیکن ٹھیکدار فی ٹن 300 سو سے زائد وصول کر رہا ہے جس سے روکنے والا کوئی نہیں صوبائی وزیر زراعت اور ڈائریکٹر مارکیٹنگ اور چیئرمین مارکیٹ کمیٹی کی ملی بھگت سے ایک دفعہ پہر اسی پرائیویٹ ٹھیکدار کو مارکیٹ فیس 2023 24 ٹینڈر دیا جارہا ہے. جس سے سبزی وفروٹ کے تاجروں کا معاشی قتل ہوگا صوبائی حکومت وصوبائی وزیر زراعت سبزی وفروٹ منڈی ہزار گنجی کو سہولیات دینے کے بجائے لوٹنے کے چکر میں ہے جس سے ہم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے ہم سبزی وفروٹ کے تاجر اور ہزار گنجی منڈی کے آڑھتیان لاوارث نہیں اپنا حقوق کی وصولی اچھی طرح جانتے ہے ہم سبزی وفروٹ کے تاجروں پر ظلم وزیادتی نہیں کرنے دیں گے ہم ہتھکنڈوں سے باز نہیں آئے تو پورے ملک میں شدید احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

م فراہمی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں جمعیت علماء اسلام کی کال پر مختلف جماعتوں کی جانب سے میونسپل کمیٹی کی جانب سے دو ہفتوں سے شہریوں کو پینے کے پانی کی عدم فراہمی ایک احتجاجی جلوس ضلع دفتر سے ضلع امیر ڈاکٹر اے جی انصاری، مولانا عبدالجبار رند، ہیومن رائٹس کے چاکر خان جکھرانی، اے پی سی کے محمد شعبان ابڑو، اقلیتی رہنما جان پرویز مسیح، جے ٹی آئی کے تاج محمود امروٹی اور دیگر کی قیادت میں نکالا گیا مظاہرین نے تپتی گرمی میں شہر کے مختلف راستوں پر مارچ کرنے کے بعد ڈی سی چوک پر دھرنا دیا جس کے باعث ٹریفک معطل ہوگئی اس موقع پر مقررین نے کہا کہ جیکب آباد ایشیا کا گرم ترین شہر ہے شدید گرمی میں بھی شہریوں کو پانی کی فراہمی بند کر دی گئی ہے دو ارب سے زائد کی لاگت سے مکمل ہونے والی اسکیم عوام کو

لاہور، گوجرانوالہ اور کراچی کو کسی طور پر فراموش نہیں کر سکتی، صبا قمر

دوسروں کے بارے میں مثبت سوچتی ہوں اور ان کی کامیابیوں پر خوش ہوتی ہوں

لاہور (ویب ڈیسک) نامور صبا قمر نے کہا ہے کہ میں اپنی زندگی میں لاہور، گوجرانوالہ اور کراچی کو کسی طور پر فراموش نہیں کر سکتی، میں نے جتنی محنت کی ہے میری خواہش ہے اس پر بھی ایک ڈرامہ بننا چاہیے کہ کس طرح ایک لڑکی کو منزل کے حصول کے لئے جدوجہد کرنا پڑتی ہے۔ ایک انٹرویو میں صبا قمر نے کہا کہ میری پیدائش گوجرانوالہ میں ہوئی لاہور سے شوبز سرگرمیوں کا سلسلہ شروع کیا اور کراچی میں لاتعداد کامیابیاں حاصل کیں۔ انہوں نے کہا کہ ویسے تو سارا پاکستان میرا ہے لیکن یہ تینوں شہر میرے دل کے زیادہ قریب ہیں۔ صبا قمر نے کہا کہ میں ہمیشہ دوسروں کے بارے میں مثبت سوچتی ہوں اور ان کی کامیابیوں پر خوش ہوتی ہوں، اگر سب لوگ یہی سوچ اپنا لیں تو حسد کا بیج ناپید ہو جائے گا۔ نامور صبا قمر نے کہا ہے کہ میں اپنی زندگی میں لاہور، گوجرانوالہ اور کراچی کو کسی طور پر فراموش نہیں کر سکتی، میں نے جتنی محنت کی ہے

کوشش کرتا ہوں کہ اپنی غلطیوں کو نہ دہراؤں، اداکار اجے دیوگن

مجھے جرائم اور فارمولہ فلمیں پسند نہیں ہیں بلکہ صرف ایسی فلمیں پسند ہیں جو اصلاحی اور سبق آموز ہوں



ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ اداکار اجے دیوگن نے کہا ہے کہ کوشش کرتا ہوں کہ اپنی غلطیوں کو نہ دہراؤں۔ اپنے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں ہمیشہ سکرپٹ دیکھ کر فلم سائن کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے جرائم اور فارمولہ فلمیں پسند نہیں ہیں بلکہ صرف ایسی فلمیں پسند ہیں جو اصلاحی اور سبق آموز ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں سیر و تفریح کا شوقین ہوں میں بیرون ملک فلم کی شوٹنگ بہت انجوائے کرتا ہوں تاہم فیملی کے ساتھ بیرون ملک جانے کا مزہ آتا ہے۔

شہنشاہِ غزل مہدی حسن کی 11 ویں برسی (کل) منائی جائے گی

لاہور (یو این پی) برصغیر کے عالمی شہرت یافتہ غزل گائیک اور شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کی 11 ویں برسی کل (منگل) 13 جون کو منائی جائے گی۔ مہدی حسن 1927 میں بھارتی ریاست راجستھان کے ایک گاؤں لونا میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد اور چچا دھرپد گائیکی کے ماہر تھے اور مہدی حسن کی ابتدائی تربیت گھر ہی میں ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق مہدی حسن کلاونت گھرانے کی 16 ویں پیڑھی سے تعلق رکھتے تھے۔ 1947 میں مہدی حسن اہل خانہ کے ساتھ ہجرت کر کے پاکستان آ گئے اور محنت مزدوری کے طور پر سائیکلیں مرمت کرنے کا کام شروع کیا۔ اسی روایت پر عمل کرتے ہوئے انہوں نے نے مکینک کے کام میں مہارت حاصل کی اور پہلے موٹر اور اس کے بعد ٹریکٹر کے مکینک بن گئے لیکن اس کے باوجود وہ موسیقی کے خیال سے غافل نہیں رہے اور ہر حال میں اپنا ریاض جاری رکھا۔ 1950 کی دہائی ان کے لیے مبارک ثابت ہوئی جب ان کا تعارف ریڈیو پاکستان کے پروڈیوسر سلیم گیلانی سے ہوا۔ جوہر شناس نے موتی کی صحیح پہچان کی تھی چنانچہ دھرپد، خیال، ٹھمری اور دادرے کی تنگنائے سے نکل کر یہ جوہر قابل غزل کی پرفضا وادی میں آ نکلا جہاں اس کی صلاحیتوں کو جلا ملی اور 60 کی دہائی میں ان کی گائی ہوئی فیض احمد فیض کی غزل گلوں میں رنگ بھرے ہر گلی کوچے میں گونجنے لگی۔

اپنے کیریئر میں بڑی سکرین کو زیادہ انجوائے کیا' صائمہ نور

لاہور (ویب ڈیسک) لالی ووڈ سٹار صائمہ نور نے کہا ہے کہ چھوٹی اور بڑی سکرین کا الگ الگ لطف ہے، میں نے اپنے کیریئر میں بڑی سکرین کو زیادہ انجوائے کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں صائمہ نور نے کہا کہ ہماری فلم انڈسٹری میں ایسی ایسی شاہکار فلمیں بنی ہیں جنہوں نے بزنس کے ریکارڈ قائم کئے۔ اب ہماری انڈسٹری میں نئی ٹیکنالوجی بھی آ رہی ہے جس سے معیار میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ٹی وی ڈراموں میں بھی کام کیا لیکن ٹی وی سے رشتہ برقرار نہیں رہ سکا اور واپس بڑی سکرین پر آ گئی۔ چھوٹی سکرین کی بھی ڈیمانڈ لیکن مجھے بڑی سکرین پر کام کر کے زیادہ لطف آیا۔ لالی ووڈ سٹار صائمہ نور نے کہا ہے کہ چھوٹی اور بڑی سکرین کا الگ الگ لطف ہے، میں نے اپنے کیریئر میں بڑی سکرین کو زیادہ انجوائے کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں صائمہ نور نے کہا کہ ہماری فلم انڈسٹری میں ایسی ایسی شاہکار فلمیں بنی ہیں جنہوں نے بزنس کے ریکارڈ قائم کئے۔ اب ہماری انڈسٹری میں نئی ٹیکنالوجی بھی آ رہی ہے جس سے معیار میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ٹی وی ڈراموں میں بھی کام کیا لیکن ٹی وی سے رشتہ برقرار نہیں رہ سکا اور واپس بڑی سکرین پر آ گئی

سائرہ اور شہروز کو طلاق کے بعد فلم اور ایک ساتھ پروموشن کرنے پر تنقید کا سامنا

واضح رہے کہ سائرہ اور شہروز کی 2012 میں لو میرج ہوئی تھی تاہم 2020 میں ان کے درمیان طلاق ہو گئی تھی

کراچی (یو این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی طلاق یافتہ جوڑی شہروز سبزواری اور سائرہ یوسف نے طلاق کے بعد فلم کرنے اور پھر ایک ساتھ فلم کی تشہیر اور انٹرویوز دینے پر خیالات کا اظہار کیا ہے۔ ان دنوں سائرہ اور ان کے سابق شوہر شہروز آنے والی رومانوی کامیڈی فلم 'بے بی لیشس' کی پروموشن میں مصروف ہیں تاہم طلاق کے باوجود اس طرح ایک ساتھ انٹرویوز دینے اور ملاقاتوں پر سوشل میڈیا پر اداکاروں کو تنقید کا سامنا ہے۔ حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران سائرہ یوسف اور شہروز سبزواری سے میزبان نے سوال کیا کہ آپ لوگ اب حقیقی زندگی میں میاں بیوی نہیں رہے تو کیا ایک ساتھ فلم کی پروموشن میں مشکل پیش آئی؟ جواب میں شہروز سبزواری نے انکار کیا اور کہا نہیں ہمیں کوئی مشکل پیش نہیں آئی۔ اداکار کے مختصر جواب کے فوری بعد سائرہ یوسف نے کہا کہ 'میرے خیال میں ہمیں زیادہ مشکل اس لیے پیش نہیں آئی کیونکہ ہم دونوں ایک بچی کے والدین بھی ہیں، اس لیے ہمارا ایک دوسرے کے ساتھ اچھا تعلق ہے۔ اداکارہ کا مزید کہنا تھا کہ ہم اپنی بیٹی کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ مثبت سوچ اور سمجھ کا تعلق قائم کرنا چاہتے ہیں کیونکہ جیسا ہم دونوں کا آپس میں تعلق ہوگا

پاکستان کے پہلے سپر اسٹار سنتوش کمار کی 41 ویں برسی منائی گئی

لاہور (یو این پی) پاکستان فلم انڈسٹری کے پہلے سپر اسٹار موسیٰ رضا المعروف سنتوش کمار کی 41 ویں برسی منائی گئی۔ بھارتی ریاست اتر پردیش کے پڑھے لکھے خاندان سے تعلق رکھنے والے سید موسیٰ رضا نے 25 دسمبر 1925 کو لاہور میں آنکھ کھولی۔ حیدرآباد دکن کی معروف عثمانیہ یونیورسٹی سے آئی ایس سی کے امتحان میں امتیازی نمبروں سے کامیابی حاصل کرنے کے باوجود انہوں نے اعلیٰ سرکاری ملازمت کی بجائے اداکاری کا انتخاب کیا۔ 1947 میں ان کی پہلی فلم ''اہنسہ'' بڑی اسکرین کی زینت بنی۔ قیام پاکستان کے بعد انہوں نے وطن عزیز میں مستقل سکونت اختیار کر لی اور 1950 میں پنجابی فلم 'بیلی' میں جلوہ گر ہوئے۔ 1950 میں ہی سنتوش کمار کی اردو فلم ''دو آنسو'' کو پاکستان کی پہلی سلور جوبلی فلم کا اعزاز حاصل ہوا۔ پاکستان فلم انڈسٹری کے پہلے سپر اسٹار موسیٰ رضا المعروف سنتوش کمار کی 41 ویں برسی منائی گئی۔ بھارتی ریاست اتر پردیش کے پڑھے لکھے خاندان سے تعلق رکھنے والے سید موسیٰ رضا نے 25 دسمبر 1925 کو لاہور میں آنکھ کھولی۔

بھارت، جنسی استحصال کا مقدمہ، خاتون ریسلر کا حکومت پر معاملے میں خاموشی اختیار کرنے کا الزام

نئی دہلی (ویب ڈیسک) بھارت کیلئے عالمی مقابلوں میں طلائی تمغے جیتنے والی خاتون اولمپک پہلوان نے ملک کی قومی ریسلنگ فیڈریشن کے سربراہ کے خلاف جنسی طور پر ہراساں کرنے کے مقدمے کی پولیس انکوائری کی رفتار پر تنقید کی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دو مرتبہ کی اولمپین ونیش پھوگاٹ نے ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا (ڈبلیو ایف آئی) کے صدر برج بھوشن شرن سنگھ پر جنسی استحصال کا الزام لگایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر وزیر اعظم نریندر مودی کی خاموشی سے انہیں بھی تکلیف ہوئی ہے۔ ونیش پھوگاٹ ان سات خواتین ایتھلیٹس میں سے ایک ہیں جنہوں نے برج بھوشن سنگھ پر جنسی طور پر ہراساں کرنے کا الزام لگاتے ہوئے مقدمہ درج کرایا تھا۔ مودی کی حکمراں جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے وفاق سے رکن اسمبلی برج بھوشن سنگھ نے ان الزامات کی تردید کی ہے جس میں ریسلنگ فیڈریشن کے سربراہ پر خواتین ایتھلیٹس سے جنسی طور پر حد سے تجاوز کرنے، چھیڑ چھاڑ کرنے اور اکیلے ملنے سے انکار پر دھمکیاں دینے کے الزامات عائد کیے گئے تھے۔ ونیش پھوگاٹ نے اپنے پہلے انٹرویو میں کہا کہ جب سے میں نے احتجاج کرنے کی ہمت پیدا کی ہے تب سے مجھے اپنی توہین کا گہرا احساس ہوا ہے۔ گزشتہ ماہ پولیس کی جانب سے انہیں اور ساتھی پہلوانوں کو احتجاج کے مقام سے زبردستی نکال دیا گیا تھا، دہلی پولیس نے برج بھوشن سنگھ کے خلاف دو مقدمات درج کیے ہیں جن میں سے ایک پروٹیکشن آف چلڈرن فرام سیکشوئل آفینس ایکٹ کے تحت بھی شامل ہے۔

گوہر خان نے بیٹے کا نام اور تصویر شیئر کر دی

سوشل میڈیا پر والدین کے ہمراہ بچے کی تصویر کو خوب پسند کیا جا رہا ہے

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ گوہر خان اور زید دربار کے بیٹے کا نام اور پہلی تصویر سامنے آ گئی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر گزشتہ ماہ گوہر خان اور زید دربار کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی تھی، بیٹے کی پیدائش کے ایک ماہ بعد اداکارہ نے بیٹے کی تصویر اور نام مداحوں سے شیئر کیا ہے۔ گوہر خان نے شوہر کے ہمراہ بیٹے کو اٹھائے تصاویر اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ سے شیئر کی ہیں، جس کو سوشل میڈیا پر خوب پسند کیا جا رہا ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ انکے بیٹے کا نام ذیہان رکھا ہے، آپ کے پیار اور نیک تمناؤں کے اظہار پر مشکور ہوں۔ دوسری جانب گوہر خان نے بیٹے سے متعلق پرائیویسی رکھنے کی بھی اپیل کی۔

رنگ روپ کی بنیاد پر ہونے والی شادی کبھی بھی پائیدار نہیں ہوتی، شائستہ لودھی

اصل حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں رنگ روپ فرضی ہیں اور اگر کچھ اصل ہے تو وہ صرف سچا پیار ہے

لاہور (یو این پی) اداکارہ شائستہ لودھی نے کہا کہ رنگ روپ کی بنیاد پر ہونے والی شادی کبھی بھی پائیدار نہیں ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی گزارنے کے لئے ساتھی کا گورا ہونا ضروری نہیں ہے اور ہمارے معاشرے میں ایک مرد سانولی لڑکی سے زیادہ گوری لڑکی کے ساتھ شادی کرنے کو ترجیح دیتا ہے اور اس طرح بعد میں ان کی اولاد میں بھی یہ احساس کمتری جنم لیتا ہے جبکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں رنگ روپ فرضی ہیں اور اگر کچھ اصل ہے تو وہ صرف سچا پیار ہے۔

ورلڈ کپ جیتنا اور ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل کھیلنا اگلا ہدف ہے، ہیڈ کوچ

شاہین سمیت تمام بالرز کے ورک لوڈ پر نظر رکھے ہوئے ہیں، گرانٹ بریڈ برن

لاہور (یو این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈ برن کا کہنا ہے کہ میرا ہدف بھارت میں شیڈول آئی سی سی ورلڈ کپ جیتنا اور آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل کھیلنا ہے۔ لاہور میں اسپنرز کیمپ کے دوران میڈیا سے بات کرتے ہوئے ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈ برن نے کہا کہ لیگ اسپنر یاسر شاہ بھی پلان کا حصہ ہیں، جسکی بھی ٹیم میں جگہ بنتی ہوگی اسے موقع فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سری لنکا میں کنڈیشنز اسپن بولنگ کیلیے سازگار ہوں گی، ہم چاہتے ہیں کہ پاکستانی اسپنرز ان کے بیٹرز کیلیے پریشانیاں پیدا کریں۔ لاہور کی سخت گرمی میں ٹریننگ سے اسپنرز کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے کا بھرپور موقع مل رہا ہے۔ شاہین شاہ آفریدی پر ورک لوڈ کے سوال پر ہیڈ کوچ نے کہا کہ پاکستانی کرکٹرز کاؤنٹی اور لیگز کھیل رہے ہیں، پیسر سمیت تمام کھلاڑیوں کی کارکردگی اور ورک لوڈ پر نظر رکھتے ہیں

خطرات مول لینے سے کبھی نہیں ڈری: سوارا بھاسکر

دقیانوسی خیالات سے نمٹنے کا بہترین طریقہ ناکامی کے خوف سے ڈرے بغیر نئی چیزیں کر کے خطرات مول لینا ہے



ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ اداکارہ سوارا بھاسکر نے کہا ہے کہ وہ خطرات مول لینے سے کبھی نہیں ڈریں۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق سوارا بھاسکر نے کہا جب فلم انڈسٹری میں آئی تو مجھے نہیں معلوم تھا کہ یہاں کیسے چلنا ہے، لوگوں نے مجھے بہت سے مشورے دیئے کہ یہ کردار ادا کرو یہ نہ کرو، فلم میں مرکزی کردار کی بہن یا دوست کا کردار ادا نہ کرو کیونکہ اس کے بعد مجھے ایسے ہی کردار ملیں گے لیکن میرا خیال ہے کہ فلم میں مرکزی کردار ادا کرنے کے اگر یہی اصول ہیں تو کیوں نہ انہیں توڑ دیا جائے اور دقیانوسی خیالات سے نمٹنے کا بہترین طریقہ ناکامی کے خوف سے ڈرے بغیر نئی چیزیں کر کے خطرات مول لینا ہے۔

ایشیا کپ 2023، پی سی بی کا ہائبرڈ ماڈل قبول ہونیکا قوی امکان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ایشیا کپ 2023 کیلئے پاکستان کی جانب سے پیش کردہ ہائبرڈ ماڈل قبول ہونے کے امکانات مزید روشن ہو گئے۔ بھارتی خبر ایجنسی پریس ٹرسٹ آف انڈیا (پی ٹی آئی) کی رپورٹ کے مطابق بی سی سی آئی کے صدر جے شاہ کی سربراہی میں ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کی جانب سے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین نجم سیٹھی کے تجویز کردہ ہائبرڈ ماڈل کو تسلیم کرنے کے امکانات ہیں۔ ہائبرڈ ماڈل کے تحت ایشیا کپ کے ابتدائی میچ کی میزبانی پاکستان کرے گا، بقیہ میچز سری لنکا میں کرائے جائیں گے۔ پاکستان ایشیا کپ کے 4 میچز کی میزبانی لاہور کے تاریخی قذافی اسٹیڈیم میں کرے گا، بقیہ 9 میچز سری لنکا میں کھیلے جائیں گے تاہم اگر ایشیا کپ کے فائنل میں بھارتی ٹیم آتی ہے تو فائنل بھی سری لنکا میں کھیلا جائے گا۔ رپورٹ میں امکان ظاہر کیا گیا کہ اے سی سی منگل کو ہائبرڈ ماڈل قبول کرنے کا باضابطہ اعلان کرے گا تاہم ہائبرڈ ماڈل کے قبول ہونے کے بعد پاکستان کو بھی اکتوبر اور نومبر میں بھارت میں ہونے والے آئی سی سی ورلڈ کپ کھیلنے جانے میں کوئی مسئلہ نہیں ہوگا۔

ویمن فٹ بال گول کیپرز کیلئے پہلی مرتبہ ٹریننگ کیمپ کا انعقاد

لاہور (ویب ڈیسک) ویمن فٹبال گول کیپرز کے لیے پہلی مرتبہ ٹریننگ کیمپ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ گول کیپر سحر زمان نے بتایا کہ پہلے ایسا ہوتا تھا کہ ایک روز کے ٹرائلز ہوتے تھے اور ایک دن مہارت دکھانے کے بعد گھر بھیج دیا جاتا تھا اب ایک ہفتے کا کیمپ لگایا گیا ہے اس میں ہم اپنی مہارت دکھا سکتی ہیں اور آگے آ سکتی ہیں۔ طوبیٰ ادریس نے بتایا کہ میں انڈر 19 کیمپ میں شرکت کر چکی ہوں، اپنی طرز کے پہلے گول کیپنگ کیمپ میں شاندار تجربہ رہا ہے، ہمیں اب آگے آنے کا اچھا موقع فراہم کیا گیا ہے۔ کیمپ میں شامل چھ گول کیپرز میں سے تین کا تعلق گلگت بلتستان سے ہے، نائرہ امین نے بتایا کہ گلگت میں ہمیں بہت سپورٹ کیا جاتا ہے کہ آگے جائیں کھیلیں، ملک کا اور گلگت کا نام روشن کریں، لڑکیاں بہت محنت کرتی ہیں اور مایوس نہیں کرتیں۔ آئینہ مرزا نے بتایا کہ میں ہنزہ میں رہتی ہوں، ہمیں والدین اجازت دیتے ہیں کہ کھیلیں، بھائی بھی ہمیں سپورٹ کرتے ہیں کہ اپنا ٹیلنٹ دکھائیں اس لیے لڑکیاں ہر کھیل میں آ رہی ہیں۔ کوچ احسان اللہ نے بتایا کہ کیمپ لگانے کا مقصد قومی ٹیم کیلئے ٹیلنٹ تلاش کرنا ہے، لاہور کے کیمپ میں سے تین گول کیپرز کا انتخاب کیا جائیگا اور پھر 13 جون سے کراچی میں اس ریجن کی گول کیپرز کا کیمپ شروع ہوگا اور اس میں سے بھی تین گول کیپرز کا انتخاب کر کے انہیں قومی کیمپ میں بلایا جائیگا

ٹیسٹ چیمپئن میں بدترین کارکردگی، روی شاستری بھارتی ٹیم پر برس پڑے

بھارتی کھلاڑیوں کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ انہیں فرنچائز کرکٹ کھیلنی ہے یا ملک کیلئے کھیلنا ہے، بیان

نئی دہلی (ویب ڈیسک) انگلینڈ کے اوول گراؤنڈ پر ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں بری پرفارمنس پر بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ روی شاستری اپنی ترجیحات بتانی چاہئیں، اگر ان کی ترجیح فرنچائز کرکٹ ہے تو یہ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کو بھول جائیں۔ بھارتی ٹیم کے سابق کوچ نے کہا کہ کرکٹ روہیت شرما الیون پر برس پڑے۔ ایک بیان میں روی شاستری نے کہا کہ بھارتی کھلاڑیوں کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ انہیں فرنچائز کرکٹ کھیلنی ہے یا ملک کیلئے کھیلنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی ٹیم کے تمام پلیئرز کو بورڈ (بی سی سی آئی) کو فرنچائز کرکٹ کے معاملے پر سامنے آنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بی سی سی آئی کو کنٹریکٹ میں شق ڈالنی چاہئے کہ وہ کسی وقت بھی کھلاڑیوں کو فرنچائز کرکٹ سے روک سکیں۔

آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ کا شیڈول 24 گھنٹے میں آنے کا امکان

دبئی (ویب ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ون ڈے ورلڈ کپ 2023ء کا شیڈول اگلے 48 گھنٹے میں سامنے آنے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ شیڈول سے متعلق بھارتی کرکٹ بورڈ آفیشل نے میڈیا سے گفتگو کی ہے۔ بی سی سی آئی آفیشل کے مطابق آئی سی سی حکام سے اتوار کو میٹنگ شیڈول تھی جس کے بعد پیر تک ورلڈ کپ کا شیڈول جاری کر دیں گے۔ دوسری طرف بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا کہ پاکستان اور بھارت کا میچ چنئی میں ہونے کا امکان ہے۔

شہنشاہ غزل مہدی حسن کی 11 ویں برسی (کل) منائی جائے گی

لاہور (ویب ڈیسک) برصغیر کے عالمی شہرت یافتہ غزل گائیک اور شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کی 11 ویں برسی کل (منگل) 13 جون کو منائی جائے گی۔ مہدی حسن 1927 میں بھارتی ریاست راجستھان کے ایک گاؤں لونا میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد اور چچا دھرپد گائیکی کے ماہر تھے اور مہدی حسن کی ابتدائی تربیت گھر ہی میں ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق مہدی حسن کلاونت گھرانے کی 16 ویں پیڑھی سے تعلق رکھتے تھے۔ 1947 میں مہدی حسن اہل خانہ کے ساتھ ہجرت کر کے پاکستان آ گئے اور محنت مزدوری کے طور پر سائیکلیں مرمت کرنے کا کام شروع کیا۔ اسی روایت پر عمل کرتے ہوئے انہوں نے نے مکینک کے کام میں مہارت حاصل کی اور پہلے موٹر اور اس کے بعد ٹریکٹر کے مکینک بن گئے لیکن اس کے باوجود وہ موسیقی کے خیال سے غافل نہیں رہے اور ہر حال میں اپنا ریاض جاری رکھا۔ 1950 کی دہائی ان کے لیے مبارک ثابت ہوئی جب ان کا تعارف ریڈیو پاکستان کے پروڈیوسر سلیم گیلانی سے ہوا۔

واجبات نہ ملنے پر مستعفی ہاکی کے سابق ہیڈ کوچ سیگفر یڈ ایکمین کو آئندہ ہفتے ادائیگی کا امکان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان ہاکی ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ سیگفر یڈ ایکمین کو واجبات آئندہ ہفتے ادا کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ہیڈ کوچ کے واجبات سے متعلق پاکستان اسپورٹس بورڈ اور پاکستان ہاکی فیڈریشن کے معاملات طے پا گئے ہیں اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ پی ایس بی سیگفر یڈ ایکمین کے معاوضے کا چیک پی ایچ ایف کے حوالے کرے گا۔ ذرائع کے مطابق سیگفر یڈ ایکمین ایک سال کے واجبات ادا نہ کیے جانے کی وجہ سے مستعفی ہو گئے تھے، انہوں نے گزشتہ ماہ اپنے عہدے سے استعفیٰ دیا تھا۔

وفاقی دارالحکومت میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں، ریحانہ پروین

اداروں میں کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد کو یقینی بنایا جائے تاکہ تعلیمی اداروں سے کھیلوں کا نیا ٹیلنٹ سامنے آ سکے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن (ویمن ونگ) کی جنرل سیکرٹری ریحانہ پروین نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ اس ٹیلنٹ کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں کہا کہ کھیلیں صحت مند کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں اور نوجوان نسل کو معاشرتی برائیوں سے بچانے کے لیے ملک میں کھیلوں کے میدانوں کو آباد کرنے کی ضرورت ہے۔ گراس روٹ سطح پر کھیلوں کی ترقی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں ریحانہ پروین نے کہا کہ ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کی ترقی کے لئے تعلیمی ادارے ایک اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ جس طرح آج سے کئی دہائیوں قبل ان تعلیمی اداروں کے ٹیلنٹ نے ہی کھیلوں کے میدان میں دنیا پر حکمرانی کر رکھی تھی جن میں خاص ہاکی کا کھیل شامل ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد کو یقینی بنایا جائے تاکہ تعلیمی اداروں سے کھیلوں کا نیا ٹیلنٹ سامنے آ سکے۔ اسلام آباد سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن (ویمن ونگ) کی جنرل سیکرٹری ریحانہ پروین نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں بلکہ اس ٹیلنٹ کو سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

کچھ چاہیے ہوتا تو پہلے والدہ کے پاؤں دباتا پھر اللہ سے مانگتا، شعیب اختر

میری تشریح یہ ہے جیسا کٹا ہوا مرغا نہیں پڑا ہوتا ہے، اس کی گردن پڑی ہوتی ہے، ماں باپ کے سامنے ایسے ہونا چاہیے، گفتگو



راولپنڈی (ویب ڈیسک) راولپنڈی ایکسپریس شعیب اختر نے کہا ہے کہ انہیں جب بھی اللہ تعالیٰ سے کچھ چاہیے ہوتا تو وہ والدہ کے پاؤں پکڑ کے بیٹھ جایا کرتے تھے، اس طرح ان کی ہر مراد پوری ہو جاتی تھی۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے شعیب اختر نے ایک مرتبہ پھر اپنی مرحومہ والدہ سے تعلق کے بارے میں تذکرہ کیا۔ میزبان نے سوال کیا کہ دنیا آپ کو سخت مزاج اور مضبوط قسم کے انسان کے طور پر دیکھتی ہے تاہم والدہ کے معاملے میں آپ انتہائی نرم مزاج اور کمزور انسان تھے۔ جواب میں شعیب اختر نے کہا کہ قرآن کی آیت ہے کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ عجز کے ساتھ پیش آیا کرو، اپنے کاندھے جھکا کر بات کیا کرو اور آنکھیں نیچے کر کے بات کیا کرو، میری تشریح یہ ہے کہ جیسا کٹا ہوا مرغا پڑا ہوتا ہے، اس کی گردن پڑی ہوتی ہے، ماں باپ کے سامنے ایسے ہونا چاہیے۔

تلاش گمشدگی

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54400-1049666-7 بنام کبیر جان ولد مہرام بخش راستے میں جاتے ہوئے کہیں گم ہوگیا ہے جس کسی کو ملے قریبی لیٹر بکس میں ڈال دے (شکریہ)

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یہ معاہدہ نہیں ہوتا تو قوم کے ساتھ مل کر ملک کو ان مشکلات سے نکالیں گے۔ وزیراعظم نے سبزہ زار سپورٹس کمپلیکس لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 2017 میں لاہور کے 14 حلقوں میں نوجوانوں کو کھیلوں کی سہولیات کی فراہمی کے لئے سپورٹس کمپلیکس کا منصوبہ شروع کیا، 2018 کے بعد دھاندلی کی پیداوار فسطائی حکومت نے ان منصوبوں کو بند کردیا اور اس کے بعد ہمارے نیب کے عقوبت خانوں کے چکر لگنے شروع ہوئے اور پنجاب کے عوام کو صاف پانی کی فراہمی، کوڑا اٹھانے کے منصوبوں پر جواب طلبی ہوئی۔انہوں نے کہا کہ یہ وہ چار سالہ دور تھا جس میں ترقیاتی عمل ٹھپ ہوئیوزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ جمہوری کی مضبوطی کیلئے انتخابات کا بروقت انعقاد ہونا چاہیے ،تاریخ کا اعلان الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے،ہم پابندی کرینگے،انتخابات کے حوالے سے ہماری اور تحریک انصاف کی کمیٹی میں اتفاق رائے ،ہوگیا تھا پی ٹی آئی چیئرمین نے اسے ویٹو کردیا،6 جنوری 2021 کو کیپیٹل ہل میں حملہ آوروں کو قانون کے مطابق عدالتوں کی طرف سے سزائیں دی جارہی ہیں، کیا پاکستان میں ایسے عناصر کے خلاف کوئی الگ سلسلہ ہونا چاہئے ،9 مئی کے واقعات میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے تحت کارروائی ہوگی ،اگر ایک سنگین جرم ہوا ہے تو قانون اپنا راستہ خود بنائے گا، بھارت کا کشمیریوں کا زیر تسلط رکھنے کا طرز عمل بہت بڑا منفی پہلو ہے، مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے ، پاکستان اور بھارت کو اپنے لوگوں کو تعلیم ،خوراک ، روزگار مہیا کرنے اور جہالت اور غربت کا خاتمہ کرنے کی ضرورت ہے، ہمیں اپنے محدود وسائل کو ان شعبوں میں استعمال میں لانے کی ضرورت ہے، ہمیں مزید اسلحہ اور جنگی جہاز خریدنے سے فائدہ نہیں ہوگا، تنازعات کے حل کا واحد راستہ پرامن مذاکرات ہیں، ہم شمسی توانائی کے شعبہ میں ترک سرمایہ کاروں کے تعاون کے خواہشمند ہیں ،آنے والے تین سالوں میں ہم اپنی باہمی تجارت کو پانچ ارب ڈالر تک بڑھانے کی کوشش کریں گے، یہ کوئی مشکل ہدف نہیں۔دورہ ترکیہ کے دوران ''حمر گلوبل'' کو دیئے گئے انٹرویو میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کو ایک بار پھر زبردست کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، انہوں نے کسی شک وشبہ کے بغیر ثابت کیا ہے کہ وہ ایک زبردست مقابلہ کرنے والی شخصیت ہیں، وہ ایک عظیم سیاستدان اور رہنما ہیں، ترکیہ کی عوام نے ان پر غیر متزلزل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام، میری حکومت اور مجھ سمیت ہم سب بہت خوش اور اس شاندار کامیابی پر اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں، میں اپنے بھائی رجب طیب اردوان کے ساتھ بہت قربت سے مل کر کام کرنے کا متمنی ہوں تاکہ ہم اپنے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط اور تجارت، سرمایہ کاری اور باہمی روابط میں اضافہ کریں۔انہوں نے کہا کہ ہم پہلے ہی اتفاق کرچکے ہیں کہ آنے والے تین سالوں میں ہم اپنی باہمی تجارت کو پانچ ارب ڈالر تک بڑھانے کی کوشش کریں گے، یہ کوئی مشکل ہدف نہیں ہے، ہمیں امید ہے کہ ہم مل کر یہ ہدف حاصل کرلیں گے۔انہوں نے کہا کہ ترکیہ اور پاکستان دو برادر ملک ہیں، یہ یک جان دو قالب کی مانند ہیں جن کے تعلقات کی تاریخ صدیوں پرانی ہے، ترکیہ کی جنگ آزادی سے اس سے بہت پہلے سے ان تعلقات کی تاریخ ہے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خیبر پختونخوا اور پنجاب میں بارش اور طوفان کے متاثرین کی امداد کی جائے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں بارش اور طوفان کے متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام غریب خواتین کی امداد کیلئے قائم کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت ہے کہ ہر مستحق خاتون اپنے حق سے محروم نہ رہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد ہر مستحق خاتون تک ریاست کے ثمرات پہنچانا ہے۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹی آئی عمران خان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز ہوجائے گا۔ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ سیاست میں نفرت اور ملک میں عدم استحکام کے آرکیٹکٹ چیئرمین تحریک انصاف ہیں۔وزیر داخلہ نے کہا کہ 9 مئی کو ہونے والے واقعات کی تیاری پہلے سے کی گئی تھی، ساری منصوبہ بندی زمان پارک میں کی گئی۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹی آئی عمران خان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز ہوجائے گا۔ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ سیاست میں نفرت اور ملک میں عدم استحکام کے آرکیٹکٹ چیئرمین تحریک انصاف ہیں۔وزیر داخلہ نے کہا کہ 9 مئی کو ہونے والے واقعات کی تیاری پہلے سے کی گئی تھی، ساری منصوبہ بندی زمان پارک میں کی گئی۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم اپنی حفاظت کے لئے بم پروف گاڑیاں تو لیتے ہیں اور اپنی صحت کے لئے منرل واٹر بھی پیتے ہیں ہمیں سوچنا چاہیے کہ منرل واٹر صحت دیتا ہے یا وہ پاک ذات شفا دیتی ہے جو ہر چیز پر قادر ہے۔وزیراعلیٰ نے فوری طور پر وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ میں منرل واٹر کے استعمال پر پابندی عائد کرتے ہوئے کہا کہ وہ خود بھی عام پانی ہی پیش کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے تمام محکموں کے لئے یہ ہدایت بھی جاری کر دی ہیں کہ کوئی بھی وزیر یا سیکریٹری کسی سرکاری منصوبے کا افتتاح نہیں کریگا عوامی منصوبوں کا افتتاح اب عوام کرینگے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ سکول ہو یا کالج، ہسپتال ہو یا کھیل کا میدان، ہیلتھ کارڈ ہو یا گرین بس کا منصوبہ یہ سب عوام کے اپنے پیسے ہیں تو اس کا کریڈٹ لینے یا دینے کیلئے افتتاحی تقاریب پر وسائل ضائع کرنے کی بجائے سکول کا افتتاح سرکاری اداروں میں زیر تعلیم بچوں، اسپتال کا افتتاح سرکاری ہسپتالوں میں زیر علاج غریب مریضوں اور گرین بس سروس کا افتتاح پبلک ٹرانسپورٹ میں دھکے کھانی والی بہن بیٹیوں سے کروایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ یہ عوام کا پیسہ ہے اور عوام کو ہی کریڈٹ جائے۔ ہمارا کام انکے پیسے کا صحیح استعمال کرنا ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے نوجوانوں کو روزگار دینے کا

اپنا وعدہ پورا کرنے کیلئے تمام محکمہ جات کے وزراء اور سیکریٹریز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ ایک ہفتے کے اندر اندر وہ تمام اپوائنٹمنٹ آرڈرز جاری کر دئے جائیں جنکے ٹیسٹ انٹرویو اپریل تک مکمل ہوچکے ہیں ۔وزیراعلیٰ نے وزراء اور سیکریٹریوں کو یہ ہدایت بھی جاری کی ہے کہ وہ بھرتی کے عمل کی سختی سے نگرانی کریں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ بھرتیاں صاف و شفاف انداز میں میرٹ کے مطابق ہوں اور حق داروں کو انکا حق مل سکے ۔انہوں نے کہا کہ اگر نوکریوں کی فروخت سے متعلق کوئی اطلاع ملی تو متعلقہ محکمہ کے سیکریٹری اور سلیکشن کمیٹی کے اراکین کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی ۔یاد رہے کہ مختلف محکموں میں سالوں سے کئی ہزار ملازمتوں پر بھرتیاں زیر التوا ہیں ان میں تعلیم ، پبلک ہیلتھ، زراعت، لیویز، محکمہ صحت، فنانس، کالجز وغیرہ شامل ہیں بے روزگار نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے جسکے تحت وزیراعلیٰ نے بھرتیوں کے عمل میں تیزی لانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

زرداری لاہور سے دبئی روانہ ہوئے، ان کے ہمراہ بختاور بھٹو بھی بچوں اور خاوند سمیت دبئی پہنچے ہیں۔ آصف علی زرداری دو سے تین دن قیام کرنے کے بعد وطن واپس آئیں گے، سابق صدر نے کچھ عرصہ قبل آنکھ کا آپریشن کرایا تھا۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دوران عافیہ صدیقی کو زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا، بڑے شیشے کے اس پار سے ٹیلی فون ریسور پر بات ہوئی۔ جماعت اسلامی کے استقبالیہ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا کہ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کو عافیہ کے لئے جدوجہد پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ڈاکٹر فوزیہ اور عافیہ کے بچوں کو قتل کی دھمکیاں دی جارہی ہے، تیس سال سے ڈاکٹر فوزیہ یہ جدوجہد کر رہی ہے، ہماری حکمرانوں میں انچ بھی غیرت نہیں ہے کہ وہ عافیہ کی رہائی کے لئے آواز اٹھائے۔انہوں نے کہا کہ ملاقات کے دوران عافیہ صدیقی کو زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا۔ بڑے شیشے کے اس پار سے ٹیلی فون ریسور پر بات ہوئی، گوتنا نامی میں جنگی قیدیوں پر اتنا ظلم نہیں ہوا جتنا عافیہ پر ہوا ہے، عافیہ پر بے انتہا تشدد کیا گیا ہے جس سے اس کی سماعت متاثر ہوئی، انتہائی خطرناک قیدیوں کے حصے میں عافیہ صدیقی کو رکھا گیا ہے، تیس سال سے پاکستان کے کسی حکمران نے امریکی اسٹبلشمنٹ کے سامنے عافیہ کے لئے آواز نہیں اٹھائی، ڈاکٹر عافیہ کے خلاف سازش کے تحت مغالطی پھیلائے گئے ہیں، ڈاکٹر عافیہ امریکی نہیں پاکستانی شہری ہے، حکمرانوں نے ڈالروں کے عوض امریکہ کے حوالے کیا ہے، عافیہ کا کہنا تھا مجھے اس جہنم سے نکالو، ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کی چابی واشنگٹن میں نہیں اسلام آباد میں ہے، ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے رہائی کی مومنٹ پورے پاکستان کا مومنٹ بنانا چاہتا ہو، میں نے وزیراعظم اور وزیر خارجہ کو خط لکھ کر وقت مانگا ہے، ڈاکٹر عافیہ کے رہائی کے حوالے وزیراعظم اور وزیر خارجہ سے بات کرنی ہے، اگر حکومت نہ مانی تو احتجاج کرکے ان کو مجبور کرنا پڑے گا۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اتحاد نہیں کرے گی اور پنجاب میں تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، امید ہے آنے والے دنوں میں اداروں میں بیٹھے لوگ یقیناً حقائق قوم کے سامنے رکھیں گے ،انتخابات مقررہ وقت پر ہوں گے، لیول پلئنگ فیلڈ صرف میرا نہیں بلکہ 23 کروڑ عوام کا مطالبہ ہے ،مائنس نواز شریف اور باقی سب ہوں ایسا نہیں ہو سکتا ،9 مئی کے واقعات میں کن کن لوگوں نے کردار ادا کیا، منصوبہ بندی اور سہولت کاری کس نے کی ، 2017 میں نواز شریف کو سزا کس نے دلوائی اور کس نے دی کون منصوبہ ساز تھا ان چیزوں کو منطقی انجام تک پہنچ کر اور نتیجہ خیز بنا کر قوم کے سامنے نہیں لائیں گے تو کوئی فائدہ نہیں ہے ، پالیسی سازوں سے کہوں گا 9 مئی کا جو واقعہ رونما ہوا ایسا نہیں کہ واشنگ مشین میں دھل کر صاف ہو جائے ،اگر 9 مئی واقعہ کے کرداروں کو صاف کیا گیا تو اس سے بڑا واقعہ رونما ہو سکتا ہے۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے میاں جاوید لطیف نے کہا کہ ادارے کے حاضر سروس لوگ حقیقت بتائیں عمران خان کن قوتوں کا آلہ کار تھا اور کن آلہ کاروں کے کہنے پر نواز شریف کو نکالنے ،ہی پیک کو روکنے ، نیوکلیئر اور معیشت کو کمزور کرنے کے لئے سہولت کاری دی گئی ،نواز شریف کو بے گناہ ہونے کے باوجود ڈاکو چور لٹیرا کہا گیا اور ہر زبان پر لائے ،9 مئی کے واقعہ کو ایک ماہ گزر گیا ہے اس عرصہ میں ریاست نے کیا کھویا اور اداروں نے کیا سیکھا، قوم کو سچ بتائیں عمران خان نے پاکستان کو نقصان پہنچانے کے لئے جو خودکش جیکٹ پہنی اس کے سہولت کارکون ہیں، 9 مئی کے بعد دنیا میں پاکستان پر انگلیاں اٹھائی جارہی ہیں کہ سہولت کار یا خودکش جیکٹ بنانے والے کس طرح بچ سکتے ہیں، عمران خان کا مجسمہ تیار کرنے والے قوم کے سامنے نہ آئے تو ایک طبقہ سیاستدان اور دوسرا دہشتگرد سمجھے گا ،اداروں کی طرف سے بنائے گئے مجسمے کی کڑیاں عالمی قوتوں سے ملتی ہیں ،قوم کو اس کے ثبوت دکھائے جائیں، اس کی سہولت کاری کرنے والے کچھ کردار ریٹائرڈ ہو چکے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ پانامہ میں نواز شریف کو سزا دینا ظلم اور زیادتی ہے جو قوم کے ساتھ زیادتی ہے، پاکستان میں انتخابات وقت پر ہونے چاہئیں اور جو زیادتی و ظلم کا شکار کرنے والے ہیں وہ اس کا مداوا کریں ،مداوا ایسی بات سے نہ ہو کہ ادارے کے لوگ صرف یہ کہیں کہ نواز شریف سے ظلم ہوا، پالیسی سازوں سے کہوں گا 9 مئی کا جو واقعہ رونما ہوا ایسا نہیں کہ واشنگ مشین میں دھل کر صاف ہو جائے ،اگر 9 مئی واقعہ کے کرداروں کو صاف کیا گیا تو اس سے بڑا واقعہ رونما ہو سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ کوئی سمجھتا ہے کہ آدھا سچ بول کر یا وفاداری تبدیل کر کے کسی اور جماعت میں شامل ہو کر پاکستان کو چلا سکتے ہیں تو ملک نہیں چلے گا، اداروں میں جو کردار ہیں وہ معافی مانگیں اور نواز شریف کو ریڈ کارپٹ بچھا کر بلایا جائے ۔انہوں نے کہا کہ قوم کو بتایا جائے معیشت اور سی پیک کو کمزور کرنے کیلئے کس کو سہولت کاری دی گئی ، بے گناہ ہونے کے باوجود نواز شریف کو تو ڈاکو چور اور لٹیرا کہا گیا اور اس کے لئے ذہن سازی کی گئی ، جس نے دہشتگردی کی ہے اس کے حوالے سے بات کیوں قوم تک نہیں پہنچ رہی ۔انہوں نے کہا کہ استحکام پاکستان جو پارٹی بنی ہے اس میں شامل ہونے والے لوگ عمران خان کے حوالے سے سچ قوم کو بتائیں ،اگر استحکام پارٹی کے لوگ سچ نہیں بولیں گے تو انگلی اٹھے گی ۔9 مئی کے واقعہ میں ملوث لوگوں کو ثبوتوں کے باوجود چھوڑا جائے گا تو لوگوں کا عدلیہ سے اعتماد اٹھ جائے گا، عدل کے نظام سے انہیں سہولت ملتی رہے گی تو عدلیہ پر اعتماد کون کرے گا؟۔ان کی ایسی ضمانتیں کہ کوئی بھی نہیں پکڑ سکے گا تو پھر سچ بولنا پڑے گا، دفاعی اداروں کے پالیسی ساز سوچیں، قوم سوال والتجا کر رہی ہے رحم کریں، دہشتگرد اور سیاستدان کی تشریح کر ڈالیں، چھوٹے چھوٹے گروپ بنانے سے پاکستان نہیں چلے گا۔انہوں نے کہا کہ

جمہوریت میں کوئی ڈیل نہیں ہوتی عوام سے ہی ڈیل ہوتی جسے وہ منتخب کریں۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اپنے پلیٹ فارم سے اپنے انتخابی نشان پر الیکشن لڑے گی، اگر ہم نے کسی کے ساتھ سیٹ ایڈجسٹمنٹ کرنا ہوتی اب تو قومی حکومت ہے ،قومی حکومت میں رہتے ہوئے آزاد کشمیر میں ہم نے ایک دوسرے کے مخالف الیکشن لڑا ہے۔ہم کسی سے سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہیں کر رہے ہیں انتخابی اتحاد نہیں کر رہے۔ جہاں تک پنجاب کا تعلق ہے مسلم لیگ (ن) کی قیادت کو پنجاب کے لوگ جانتے ہیں، اس نے ڈیلور کیا ہے، پنجاب میں تو سیٹ ایڈجسٹمنٹ کا تصور بھی نہیں ہوسکتا۔انہوں نے کہا کہ تمام اداروں کے لوگوں سے اپیل ہے کہ پاکستان پر رحم کریں، حقیقت سے پردہ اٹھائیں، جو جو قصوروار ہے اسے سزا ملے ،حقیقت کہنے دی جائے کیونکہ وقت تھوڑا ہے ، حقیقت سے پردہ اٹھائیں اگر چہ مجھے پھانسی لگتی ہے تو پھانسی دیدیں لیکن سچ بتائیں تاکہ ملک چل سکے۔ انہوں نے تمام واقعات پر کمشن بنانے کے سوال کے جواب میں کہا کہ 9 مئی کے واقعہ پر کمشن بنا اس کا حشر سب نے دیکھا۔انہوں نے کہا کہ انتخابات مقررہ وقت پر ہوں گے، ہم کسی طور پر انتخابات کے ایک گھنٹہ آگے جانے کے حق میں نہیں ہے، انتخابات وقت مقررہ پر ہوں گے ، لیول پلئنگ فیلڈ میرا نہیں 23 کروڑ عوام کا مطالبہ ہے ۔انہوں نے کہا کہ ہم سیاسی جماعت ،سیاسی لیڈر پر پابندی اور مائنس کرنے کے حق میں تھے نہ ہیں، 9 مئی سے پہلے جو کچھ ہو رہا تھا ہم اس کے باوجود پابندی کے حق میں نہیں تھے، اب یہ واقعات ہو گئے ہیں، 23 کروڑ عوام میں سے کوئی یہ چاہے گا کہ وہ پاکستان جس کے لئے ہماری جان بھی حاضر ہے اس کے ساتھ اس طرح کا کھلواڑ ہو اور ایسا کرنے والے کو سیاسی لیڈر کہا جائے ۔انہوں نے کہا کہ اگر اداروں میں بیٹھے لوگ آئین قانون سے ماورا قدم اٹھاتے ہیں تو ریاست کو نقصان پہنچتا ہے، کسی ادارے میں ایسا ہوتا تو ہم پہلے کی طرح آواز بلند کرتے رہیں گے، انٹیلی جنس اداروں کے پاس جو ثبوت ہیں وہ بیان ہونے چاہئیں، وہ پردے میں رہتے ہوئے بیان کریں لیکن اس سے پاکستان کے اندر قومی اتحاد پیدا ہوگا اعتماد پیدا ہوگا، جب ہم انتخابات میں جائیں گے تو عوام کو حقائق کا علم ہوگا اور وہ اپنی مرضی کا انتخاب کر سکتے ہیں، امید ہے کہ آنے والے دنوں میں اداروں میں بیٹھے لوگ یقیناً حقائق قوم کے سامنے رکھیں۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی استعداد کار کھنے والے نئے پاور ٹرانسفارمر کی تنصیب سے گوجرانوالہ کے لاکھوں صارفین مستفید ہوں گے، بجلی کی لوڈشیڈنگ میں کمی آئیگی، صارفین کو بہترین وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی ممکن ہوگی اور اوور لوڈنگ کا خاتمہ ہوگا۔ اِن خیالات کا اظہار انہوں نے اروپ گرڈ اسٹیشن میں نئے پاور ٹرانسفارمر کی تنصیب کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔تقریب سے چیئرمین گیپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز محمد شعیب بٹ نے کہا کہ اروپ گرڈ اسٹیشن میں پاور ٹرانسفارمر کے اضافے سے گیپکو کے تقسیمی نظام میں مزید بہتری آئی گی اور یہ منصوبہ مستقبل میں یہ گیپکو کیلئے مسلسل ایک بہت بڑی تکنیکی و مالی بچت کا باعث بنا رہے گا۔چیف ایگزیکٹو گیپکو انجینئر محمد ایوب نے کہا کہ اس منصوبے کی تعمیر پر تقریباً 6 کروڑ روپے کی لاگت آئی ہے ریکارڈ مدّت میں مکمل ہونے والے اس منصوبے تکمیل سے گیپکو کے لائن لاسز میں کمی آئے گی مختصر عرصہ میں اس پاور ٹرانسفارمر پر لگائی گئی سرمایہ کاری وصول ہو جائے گی۔انہوں نے کہا کہ سسٹم کی اَپ گریڈیشن اور بہتری کیلئے ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری رہے گا سسٹم کی اَپ گریڈیشن سے صارفین کو خاطر خواہ ریلیف ملے گا اور اوور لوڈنگ اور کم وولٹیج کی شکایات کا خاتمہ ہوگا جبکہ گیپکو کا ڈسٹری بیوشن سسٹم بھی مستحکم ہوگا۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جس پر انہیں سخت سکیورٹی میں جیل سے پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی ہسپتال لایا گیا۔چودھری پرویز الٰہی کی اہلیہ اور بہن اطلاع ملنے پر ان سے ملاقات کے لیے ہسپتال آئیں تاہم پولیس کی جانب سے انہیں ملاقات کی اجازت نہ دی گئی ۔ہسپتال ذرائع کے مطابق پرویز الٰہی کی ای سی جی اور ایکو کارڈیو کی گئی۔اور ان کے ٹیسٹ نارمل آئے جس کے بعد ان کو دوبارہ کیمپ جیل منتقل کر دیا گیا۔ قائمقام ڈی آئی جی آپریشنز عمران کشور سمیت دیگر افسران اور پولیس کی بھاری نفری ہسپتال میں موجود رہی۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہ حکومت نے سرکاری شعبے کے ترقیاتی پروگرام کے لئے بلوچستان کے حصے میں اضافہ کیا ہے۔سرکاری شعبے کا ترقیاتی پروگرام بنیادی طور پر برآمدات، مساوات، خواتین کو بااختیار بنانے، ماحولیات اور توانائی کے شعبوں کے لائحہ عمل پر مبنی ہے جس میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو اور بحالی بھی شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ سرکاری شعبے کے پروگرام کے بجٹ کا 60 فیصد حصہ جاری ترقیاتی منصوبوں اور 40 فیصد نئی سکیموں کے لئے مختص کیا گیا ہے

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پر دلی افسوس ہوا، جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، حادثات میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا گو ہوں۔انہوں نے کہا کہ پاک افواج، پی ڈی ایم اے اور دیگر متعلقہ مقامی اداروں کی جانب سے بروقت کارروائیاں قابل تحسین ہیں، سندھ کے بعد پنجاب اور خیبر پختونخوا میں مون سون سے پہلے ہی طوفانی ہواؤں، شدید بارشوں سے ہونے والی تباہی قابل تشویش ہے، آندھی، طوفانی بارشوں اور ژالہ باری سے انسانوں، مویشیوں، کھڑی فصلوں، کمزور عمارتوں اور کچے گھروں کو شدید نقصان ہو رہا ہے۔رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم نے تمام صوبائی حکومتوں اور متعلقہ اداروں کو مزید ماحولیاتی واقعات

کیلئے تیار رہنے کی ہدایت کی ہے، ہم نے سندھ اور بلوچستان کی صوبائی حکومتوں کو سمندری طوفان بائپر جوائے کے حوالے سے بھی پیشگی ہنگامی اقدامات کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی اجازت سے مشروط ہوں گی۔ذرائع کے مطابق بجٹ میں چار ماہ کے ترقیاتی پروگرام کیلئے 300 ارب روپے سے زائد مختص کرنے کی تجویز ہے جو پہلے سے جاری ترقیاتی سکیموں پر خرچ ہوگا، صحت کارڈ کیلئے 20 ارب روپے، غیر ملکی فنڈنگ سے چلنے والوں منصوبوں کیلئے 27 ارب روپے، زراعت کیلئے 20 ارب ارب روپے، صحت اور تعلیم کیلئے کم از کم 100 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔سکول ایجوکیشن کیلئے 28 ارب، ہائر ایجوکیشن کیلئے 10 ارب، سپیشل ایجوکیشن کیلئے ترقیاتی منصوبوں کی مد میں 1 ارب روپے، اربن ڈویلپمنٹ کیلئے 12 ارب، صاف پانی اور سیوریج کے نکاس آب کی سکیموں کیلئے 7 ارب روپے، ٹرانسپورٹ کیلئے 6 ارب، ایمرجنسی سروسز کیلئے ڈیڑھ ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دینے کے لیا قدامات کا اعلان کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا مولانا عبدالواسع نے کہا کہ سابقہ حکومت نے سیاسی عدم استحکام پیدا کیا جس سے معیشت کو نقصان پہنچا، غیر یقینی صورتحال کی وجہ سے پورا ملک ایک سال مشکلات کا شکار رہا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ 24-2023 معیشت کے طویل مدتی مسائل ٹھیک کرنے کے عمل کا آغاز ہے، معیشت کو خود کفیل بنانے والے شعبے حکومتی ترجیحات میں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاست میں نفرت اور ملک میں عدم استحکام کے آرکیٹکٹ چیئرمین تحریک انصاف ہیں۔انہوں نے کہا کہ 9 مئی کو ہونے والے واقعات کی تیاری پہلے سے کی گئی تھی، ساری منصوبہ بندی زمان پارک میں کی گئی۔انہوں نے کہا جلسے میں امریکا پر الزام لگاتا، پھر معافی مانگ کر امریکا میں لابی کمپنیاں بناتا ہے، کمرے میں تاحیات ایکسٹینشن کی آفر اور باہر میر جعفر کے نعرے لگاتا ہے، اصل میں تلاش " کاندھے" اور "بیساکھی" کے سہارے کی ہے، جواب میسر نہیں۔مولانا عبدالواسع نے کہا کہ سیاستدانوں سے بات سیاستدان اور جمہوری شخص کرتا ہے، آرٹی ایس کی معاونت کی انتجا ہے، فارن فنڈنگ، ٹیریان، 190 ملین پاؤنڈ، القادر ٹرسٹ جیسے جرائم سینجات کا این آر او درکار ہے، یہ طلسماتی سہولیات اب دستیاب نہیں لیکن پوچھنا یہ تھا کہ آدھا حملہ کیسے ہوتا ہے؟

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چتان محمد سلیم کی ہدایت پر سگریٹس کی اسمگلنگ کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن کے نتیجے میں کوئٹہ کسٹمز کے موبائل سکواڈز نے کوئٹہ شہر اور مضافات میں ٹرک اور بسوں کے خفیہ خانوں سے بڑی تعداد میں غیر ملکی برانڈ کے سگریٹس برآمد کر کے قبضے میں لے لیں جس کی قیمتی 12 کروڑ روپے بنتی ہے ۔ترجمان کے مطابق کوئٹہ کسٹمز نے فیلڈ انفورسمنٹ یونٹس اور موبائل سکواڈز کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کر تے ہوئے گزشتہ دنوں کروڑوں روپے مالیت کا غیر ملکی سامان برآمد کر کے قبضے میں لے لیا جن میں نان کسٹم پیڈ گاڑیاں، سمگل شدہ کپڑا، ٹائرز، دھنیاں، ڈیزل، پان پراگ چینی اور الیکٹرانک اشیاء شامل ہیں۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گئے ۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی اور ان کی پارٹی نے ڈیفالٹ یقینی بنانے کی ہر کوشش کی، ہماری حکومت نے اس سال بھی حقیقت پر مبنی اور ذمے دارانہ بجٹ پیش کیا۔بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت کے 3 سال میں ایف بی آر کا ٹیکس ہدف پورا نہ کیا جاسکا، 2020ء میں پی ٹی آئی حکومت نے ٹیکس ہدف محض 1557 ارب روپے اکٹھا کیا، گزشتہ حکومت میں ٹیکس اہداف حصول میں ملکی تاریخ کی سب سے بڑی کمی تھی۔وزیرِ اعظم کے کوآرڈی نیٹر نے کہا کہ 2019ء میں پی ٹی آئی حکومت نے صرف 3829 ارب روپے ٹیکس ریونیو اکٹھا کیا، پی ٹی آئی حکومت نے ن لیگ کے دور حکومت کی نسبت کم ٹیکس وصول کیا، اِن دور حکومت میں پہلا موقع تھا جب ٹیکس میں منفی نمو دیکھنے میں آئی۔انہوں نے کہا کہ 2022ء میں 5260 ارب روپے کے ریکارڈ خسارے کے ساتھ مالیاتی خسارہ 3871 ارب روپے تھا، ن لیگ کی 2013ء تا 2018ء کی حکومت کے دوران اوسط سالانہ مالیاتی خسارہ صرف 1664 ارب روپے تھا۔وزیرِ اعظم کے کوآرڈی نیٹر نے کہا کہ پاکستان کو مالی سال کے دوران تباہ کن سیلابوں کا سامنا کرنا پڑا جس کے نتیجے میں 30 ارب ڈالرز کا معاشی نقصان ہوا، حکومت نے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کم کرتے ہوئے سیلاب سے بچاؤ کو ترجیح دی۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گئے ۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی اور ان کی پارٹی نے ڈیفالٹ یقینی بنانے کی ہر کوشش کی، ہماری حکومت نے اس سال بھی حقیقت پر مبنی اور ذمے دارانہ بجٹ پیش کیا۔بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی حکومت کے 3 سال میں ایف بی آر کا ٹیکس ہدف پورا نہ کیا جاسکا، 2020ء میں پی ٹی آئی حکومت نے ٹیکس ہدف محض 1557 ارب روپے اکٹھا کیا، گزشتہ حکومت میں ٹیکس اہداف حصول میں ملکی تاریخ کی سب سے بڑی کمی تھی۔وزیرِ اعظم کے کوآرڈی نیٹر نے کہا کہ 2019ء میں پی ٹی آئی حکومت نے صرف 3829 ارب روپے ٹیکس ریونیو اکٹھا کیا، پی ٹی آئی حکومت نے ن لیگ کے دور حکومت کی نسبت کم ٹیکس وصول کیا، اِن دور حکومت میں پہلا موقع تھا جب ٹیکس میں منفی نمو دیکھنے میں آئی۔انہوں نے کہا کہ 2022ء میں 5260 ارب روپے کے ریکارڈ خسارے کے ساتھ مالیاتی خسارہ 3871 ارب روپے تھا، ن لیگ کی 2013ء تا 2018ء کی حکومت کے دوران اوسط سالانہ مالیاتی خسارہ صرف 1664 ارب روپے تھا۔وزیرِ اعظم کے کوآرڈی نیٹر نے کہا کہ پاکستان کو مالی سال کے دوران تباہ کن سیلابوں کا سامنا کرنا پڑا جس کے نتیجے میں 30 ارب ڈالرز کا معاشی نقصان ہوا، حکومت نے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کم کرتے ہوئے سیلاب سے بچاؤ کو ترجیح دی۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سمیت ملک بھر کے تھانوں کو دینے کا فیصلہ کرلیا گیا وزارت داخلہ نے غیر رجسٹرڈ افغان مہاجرین کو فارن ایکٹ کے تحت گرفتار کرنے کی ہدایت کردی۔ حکام کے مطابق گرفتار کرنے والی پولیس افغان مہاجرین کو خود سرحد پر لے جا کر بے دخل کرے گی خیال رہے کہ 2006 سے 2023 تک 35 لاکھ 7 ہزار 295 افغانیوں نے رجسٹریشن کرائی، نادرا ریکارڈ کے مطابق 13 لاکھ 3 ہزار 636 افغان شہری وطن واپس گئے تاہم 7 لاکھ 42 ہزار 942 افغان شہری رجسٹریشن کی تجدید کرانے نہیں آئے

اعدا

اساتذہ قوم کے معمار ہیں انکے مسائل حل کرینگے، نور محمد دمڑ

بی اے پی کو عوام کا اعتماد حاصل، مذہبی جماعت ضلع زیارت کی ترقی نہیں چاہتے ہیں اس لئے ترقیاتی منصوبوں میں روڑے اٹکا رہے ہیں

سپیکر صوبائی اسمبلی نے اساتذہ کے مطالبات کا جائزہ لینے اور حل کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل دی گئی امید ہے جلد ہی اساتذہ کے جائز مطالبات کا نوٹیفکشن جاری ہوجائے گا

کوئٹہ (یو این اے) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سنیئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ بی اے پی کو عوام کا اعتماد حاصل ہے آنے والے انتخاب میں بھی نام نہاد مذہبی جماعت کو بھاری شکست دے کر کلین سویپ کرینگے ہمارا مشن حلقے کے عوام کے بنیادی مسائل انکی دہلیز پر حل کرنا ہے مذہبی جماعت ضلع زیارت کی ترقی، بیروزگاروں کو نہیں چاہتے ہیں اس لئے ترقیاتی منصوبوں میں روڑے اٹکا رہے ہیں، (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

بنوں، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی زاہد اکرم درانی خلیفہ از اور نورنگ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں طوفانی بارش اور آندھی کے باعث زخمی شخص کی عیادت کر رہے ہیں

کوئٹہ مالی سال 24/ 2023 کا بجٹ 16 جون کو شام 4 بجے صوبائی اسمبلی ہال میں پیش ہوگا

بجٹ صوبائی وزیر خزانہ زمرک خان اچکزئی پیش کرینگے، کل حجم 700 ارب 30 کروڑ روپے مقرر ہیں

کوئٹہ (پ ر) صوبائی حکومت کی جانب سے مالی سال 24/ 2023 کا بجٹ 16 جون کو شام 4 بجے صوبائی وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی پیش کرینگے بجٹ کا کل حجم 700 ارب 30 کروڑ روپے مقرر کیئے ہیں جس میں صحت، تعلیم اور امن امان کیلئے مختص کیا گیا ہے جبکہ اس دفعہ سب سے زیادہ خسارے کا بجٹ ہوگا جن میں 120 ارب روپے خسارہ شامل (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

بلوچستان حکومت نے وفاق کے اعلان کردہ تنخواہوں کے اضافے میں کمی کا سوچا تو سخت مزاحمت کرینگے، فضل الرحمٰن

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن کے مرکزی صدر فضل الرحمٰن کاکڑ صوبائی صدر حاجی رحمت اللہ دہوار صوبائی ترجمان حافظ غلام اللہ شاہوانی چیرمین غلام حیدر چھلگری جنرل سیکریٹری عبدالمنان ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

بلوچستان سمیت ملک بھر میں موسم خشک اور گرم رہے گا کہیں کہیں بارش کا امکان

کوئٹہ (یو این اے) ملک بھر میں موسم خشک اور گرم رہے گا کہیں کہیں تیز ہواوں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان بھی ہے بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم رہے گا جبکہ بارکھان، قلات اور خضدار میں آندھی اور بارش کا امکان ہے محکمہ موسمیات کے مطابق (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کی واحدانیت پر یقین رکھتے ہیں، مولانا غلام علی حکیمی

اسلام ہمیں محبت، خلوص، رواداری، صبر، توحید، رسالت وبھائی چارے کا درس دیتا ہے

سانگھڑ (بیورو چیف وقار بھٹی) حضرت امام مہدی علیہ السلام کی شان اقدس میں ملعون احسن باکسر کی جانب سے ہونے والی گستاخی کے خلاف ہزاروں افراد کی علماء کرام کی قیادت میں ریلی۔ تفصیلات کیمطابق گزشتہ روز علماء کرام کی زیر قیادت حضرت امام مہدی علیہ السلام کی شان اقدس میں ملعون احسن باکسر کی جانب سے ہونے والی گستاخی کے خلاف خلاف انجمن (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

چائلڈ لیبر ختم کرنے کیلئے قوانین پر عمل کیا جائے، منظور احمد

پندرہ سال سے بڑھے مزدور بچوں کیلئے ٹیکنیکل ایجوکیشن کے ادارے قائم کیے جائیں

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان کے جنرل سیکریٹری منظور احمد بلوچ نے کہا ہے کہ چائلڈ لیبر معاشرے کا ناسور ہے، غربت سمیت دیگر کئی عوامل کی وجہ سے پندرہ سال سے کم عمر کے لاکھوں بچے گھروں، فیکٹریوں، ورکشاپ اور مائنز میں مزدوری کرنے پر مجبور ہیں، قوانین پر صحیح معنوں میں عملدرآمد کر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

آمنہ پناہ نے اپنے والد کے صحافتی مشن کو آگے بڑھایا، راحیلہ حمید درانی

آمنہ پناہ ایک نفیس خاتون تھی جنہوں نے اپنے والد کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچایا

کوئٹہ (پ ر) زند اکیڈمی نوشکی کے زیر اہتمام اور کوئٹہ پریس کلب کے تعاون سے کوئٹہ میں نوائے وطن بلوچی کی ایڈیٹر آمنہ پناہ کی یاد میں ایک تعزیتی ریفرنس اور انکی کتاب کا سہ آب کی رونمائی کی تقریب کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہوئی۔ جس کی صدرات منیر علی بلوچ نے کی جبکہ تعزیتی ریفرنس میں مہمان خان سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی راحیلہ حمید درانی تھیں۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی راحیلہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

مخنت کشوں کو مشکل حالات میں تنہا نہیں چھوڑینگے بی این پی

اساتذہ اکرام کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر مشتمل مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کریں، بلوچستان نیشنل پارٹی

گزشتہ 5 دنوں سے اساتذہ اکرام تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہوئے ہیں لیکن حکومت وقت ٹس سے مس نہیں ہورہی ہے یہ عمل قابل تشویش ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر بی این پی کوئٹہ غلام نبی مری اور ضلعی سوشل میڈیا کے ممبر غلام مصطفیٰ مری نے بلوچستان اسمبلی کے سامنے گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے تادم مرگ بھوک ہڑتالی کیمپ میں جا کر پارٹی کی جانب سے اظہار یکجہتی کی اور انکے جائز تمام مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے حکومت وقت سے مطالبہ کیا ہے کہ اساتذہ اکرام (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

ہوشاب میں ایف سی بلوچستان ساؤتھ کے آواران ملیشیاء کے کوششوں سے تعمیر ہونے والی واٹر سپلائی کا افتتاح کردیا گیا

کوئٹہ (پ ر) ہوشاب کے علاقے حاصل بازار میں ایف سی بلوچستان ساؤتھ کے آواران ملیشیاء کے کوششوں سے تعمیر ہونے والی واٹر سپلائی کا افتتاح کردیا گیا۔ حاصل بازار کے مقامی لوگوں کا دیرینہ مطالبہ تھا کہ انہیں پینے کا صاف پانی فراہم کیا جائے، جس پر آواران ملیشیا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

پیپلز پارٹی کا میر علی حسن زہری کی قیادت میں ساکران جہان آباد میں گرینڈ شمولیتی پروگرام

بھوتانی برادران حب کے ترقی کے مخالف ہیں اور حب کے فنڈز ہڑپ کرتے آرہے ہیں، علی حسن زہری

حب (یو این اے) بھوتانی برادران حب کے ترقی کے مخالف ہیں اور حب کے فنڈز ہڑپ کرتے آرہے ہیں جسکی وجہ سے حب شہر کھنڈرات کا منظر پیش کررہا ہے پیپلز پارٹی حب کے صدر علی حسن زہری نے گرینڈ شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جام غلام قادر ہسپتال کیلئے فنڈ ریلیز کرایا گیا جسے ایم این اے نے احسن اقبال کو کہہ کر کینسل کرادیا یہ عوامی فنڈ تھا جس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

لاہور، شہری تعطیل کے روز نہر میں نہانے میں مصروف ہیں

پرندوں کے شکار پر پابندی کا معاملہ صوبائی حکومت کا نہیں خالصتاً وفاقی معاملہ ہے، میر داود شاہوانی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی ایڈوائزر بلوچستان یونیٹڈ عرب امارات حاجی میر داود شاہوانی نے پرندوں سے متعلق شکار پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے پابندی کو مضحکہ خیز اور اپنے اختیارات سے لاعلمی قرار دیتے ہوئے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

دکی کے مقامی کوئلہ کان میں پھنسے 2 کانکنوں کو 39 ویں روز بعد بھی نہیں نکالا جاسکا

کوئلہ کانوں میں آکسیجن، صحت کی بنیادی سہولیات سمیت کان کنوں کو کسی قسم کی آگاہی نہیں دی گئی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے علاقے دکی کے مقامی کوئلہ کان میں پھنسے 2 کانکنوں کو 39 ویں روز بعد بھی نہیں نکالا جاسکا بلوچستان کے علاقے دکی کے مقامی کوئلہ کان میں پھنسے دو کانکنوں کو آج 39 ویں روز بعد بھی نہیں نکالا جاسکا، دو کان کن ابھی تک کان میں پھنسے ہیں بلوچستان کے شمال مغربی علاقے دکی میں ایک ماہ 9 روز قبل دو کن کن کوئلے کی کان میں پھنس گئے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

حسب معمول 30 جون سے پہلے رقم وصول کرنے کیلئے مافیاز میدان میں آگئے

رقوم نکالنے کیلئے منتخب نمائندے متعلقہ آفیسران اور ٹھیکیدار مختلف علاقوں میں عارضی طور پر نالیاں اور روڈوں کے منہ کو کالا کرنے کیلئے کام کو تیز کردیئے

عوامی حلقوں نے اس سلسلے میں معزز عدالت سے اپیل کی ہے کہ وہ بجٹ کے دو مہینے پہلے جو بھی کام کیا گیا ہو اس پر سٹے لیکر متعلقہ رقوم کو کرپشن سے بچائی جائے

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں حسب معمول 30 جون سے پہلے رقم وصول کرنے کیلئے مافیاز میدان میں آگئے جن میں منتخب نمائندے متعلقہ آفیسران اور ٹھیکیدار شامل ہے جو مختلف علاقوں میں عارضی طور پر نالیاں اور روڈوں کے منہ کو کالا کرنے کیلئے کام کو تیز کردیئے یہی کام ہر سال تو رقم وصول کرنے کیلئے کرتے ہیں لیکن کام مکمل ہونے کے بعد 10 دن اس کی اصل حیثیت عوام کے سامنے آکر روڈ اور نالیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتے ہیں جو کہ رقم کا ضیاع اور متعلقہ حکام منتخب نمائندے اور ٹھیکیدار اپنے جیبوں کو بھرنے کے چکر میں ہوتے ہیں واضح ر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 45)

اسمگلنگ کے خلاف بلوچستان سمیت ملک گیر کریک ڈاون

کوئٹہ ٹرک اور بسوں کے خفیہ خانوں سے بڑی تعداد میں غیر ملکی برانڈ کے سیگریٹس برآمد کیا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان کسٹمز بلوچستان ڈاکٹر عطا بڑیچ ترجمان نے کہا ہے کہ کسٹمز کے ٹیم نے اسمگلروں کے خلاف کارروائیاں تیز کردی سگریٹس کی اسمگلنگ کے خلاف ملک گیر کریک ڈاون کے نتیجے میں کوئٹہ کسٹمز کے موبائل سکواڈز نے کوئٹہ شہر اور مضافات پر ٹرک اور بسوں میں خفیہ خانوں سے بڑی تعداد میں غیر ملکی برانڈ کے سیگریٹس برآمد کیا جس میں 21490 سٹیکر سگر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 44)

نصیر آباد میں قیامت خیز گرمی سورج سوا نیزے پر پہنچ گیا

گرمی کی شدت سے 6 مزدور 2 خواتین 3 مرد کسانوں سمیت 11 بیہوش ہوگئے

نصیر آباد (پ ر) نصیر اباد میں قیامت خیز گرمی سورج سوا نیزے پر پہنچ گیا قبولہ تمبو کے علاقے میں بھوسے کے ٹرک بھرتے ہوئے چھ مزدور 2 خواتین 3 مرد کسانوں سمیت 11 بیہوش ہوگئے جبکہ ڈیرہ بگٹی اور نصیر آباد کی سرحدی حدود کے علاقے میں گرمی لگنے سے دو افراد کے ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں شدید گرمی سے کاروبار زندگی مفلوج ہوگئی دوپہر ہوتے ہی لوگ اپنے گھروں میں محصور ہوگئے تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز سورج طلوع ہوتے ہی گرم ہواوں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 43)

واشک، رخشان یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے، عطاالرحمٰن سالانی

بسیمہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع واشک کی ترجمان عطاالرحمٰن سالانی نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا رخشان ڈویژن کے لوگوں کی پسماندگی کی وجہ بے تعلیمی ہے یہاں ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 46)

مینارٹی ڈپارٹمنٹ کا سالانہ فنڈ 50 کروڑ روپے کیا جائے، مکھی شام لعل لاسی

مینارٹی ڈپارٹمنٹ کا قیام میں لانا بلوچستان کی اقلیتی عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے معاون ثابت ہوا ہے

اوتھل (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے اقلیتی رکن صوبائی اسمبلی مکھی شام لعل لاسی نے بجٹ مشاورتی اجلاس میں تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ مینارٹی ڈپارٹمنٹ کا سالانہ فنڈ 50 کروڑ روپے کیا جائے مینارٹی ڈپارٹمنٹ کا قیام میں لانا بلوچستان کی اقلیتی عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے معاون ثابت ہوا ہے انہوں نے کہا کہ مینارٹی ڈپارٹمنٹ میں بلوچستان کے غریب اقلیتی طلباء (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 47)

شہزادی کیشوی رانی نے اپنی کلاس نرسری فرسٹ سمسٹر سیکنڈ پوزیشن حاصل کرلی

وندر (یو این اے) صحافی پون شیوانی کی شہزادی کیشوی رانی نے اسپیشل پبلک مڈل اسکول وندر سے کلاس نرسری فرسٹ سمسٹر میں امتحانات کے مقابلے میں کل 250 نمبروں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

آئی جی پولیس منی پمپس پر قیمت برقرار رکھنے کیلئے اقدامات اٹھائے، جمال شاہ کاکڑ

اگر حکومت بلوچستان کی جانب سے قیمتوں کو برقرار رکھنے کی بجائے ان کی پمپس اور دکانیں بند کی گئی تو اس سے نہ صرف بے روزگاری میں اضافہ ہوگا

بلکہ لوگوں کے گھروں کے چولہے بھی بجھ جائیں گے جس کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال کی تمام تر ذمہ داری حکومت بلوچستان پر عائد ہوگی

کوئٹہ (پ ر) سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ آئی جی پولیس اور ضلعی انتظامیہ ایرانی کے منی پمپس پر پابندی کی بجائے قیمت برقرار رکھنے کیلئے اقدامات اٹھائے، ایک طرف مہنگائی اور بے روزگاری تو دوسری جانب حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ نجی منی پیٹرول پمپس بند کرکے بے روزگاری کو مزید بڑھا خیبر پختونخوا اور پنجاب میں بارش اور طوفان کے متاثرین کی امداد کی جائے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں بارش اور طوفان (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

صوبائی بجٹ میں تنخواہوں کو 50 فیصد اضافہ کیا جائے' آل پیرا میڈیکس ہرنائی

تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا گیا تو تمام ملازمین تنظیموں اور پنشنرز سے مل کر سخت لائحہ عمل تیار کرینگے

ہرنائی (پ ر) وفاقی بجٹ اور سندھ حکومت کی جانب سے ملازمین کو 35 فیصد اور پنشنرز کو 175 فیصد تنخواہوں میں اضافے کے بعد صوبائی کابینہ حکومت اور وزیر اعلیٰ کی جانب سے ملازمین کی تنخواہوں میں 15 فیصد اور پنشنرز میں 10 فیصد اضافہ مسترد کرتے ہیں۔ تمام ملازمین تنظیموں اور پنشنرز سے مل کر سخت لائحہ عمل تیار کرینگے۔ احتجاج میں بجٹ کے دن ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 41)

ہرنائی رگڈ زٹرک اونرز ایسوسی ایشن کی جانب سے اعلان کردہ ہڑتال ختم کرنے کا اعلان

ٹرک مالکان اور ڈرائیور حضرات کوئلے کی لوڈنگ شروع کرے، بلوچستان گڈ زٹرک اونرز ایسوسی ایشن ضلع ہرنائی

ہرنائی (پ ر) حیم، ناصر میانی، محمود خان پوپلزئی، انار گل ترین، طور گل و دیگر نے پریس کلب ہرنائی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان گڈ زٹرک اونرز ایسوسی ایشن کی جانب سے مطالبات تسلیم ہونے پر اعلان کردہ ہڑتال کو ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دنوں ہرنائی کوئٹہ روڈ چیرفٹ کے مقام پر نامعلوم دہشت گردنے کوئلے سے لوڈ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 39)

پاکستانی عوام کو اگر کسی پر بھروسہ ہے تو وہ افواج پاکستان ہے، اکرم بلوچ آوارانی

پاکستان کو عدم استحکام کی مخدوش صورتحال میں دھکیلنے والی نااہل سیاسی پارٹیز ہیں

لسبیلہ (پ ر) معروف قبائلی سیاسی وسماجی شخصیت میر اکرم بلوچ آوارانی نے اپنے آفس میں نوجوانوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو عدم استحکام کی مخدوش صورتحال میں دھکیلنے والی نااہل سیاسی پارٹیز ہیں آئندہ الیکشن میں عوام سوچ سمجھ کر ووٹ دیں۔ میر اکرم بلوچ آوارانی نے ملک کی مخدوش صورتحال کا ذمہ دار سیاسی پارٹیز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 38)

حکمت اور بردباری کے ساتھ خواتین انتخابی مہم چلائیں، عالیہ منصور

حالات حاضرہ سے آگاہی اور ترجیحات کا درست تعین میڈیا کارکن کی مطلوبہ خصوصیات میں سے ہیں،

لاہور (پ ر) جماعت اسلامی ہر شعبے میں اللہ کے نظام کا نفاذ چاہتی ہے۔ جس کے لئے قرآن مکمل سرچشمہ ہدائت ہے۔ اسلامی نظام کے نفاذ کی جدوجہد میں سب سے پہلا قدم ہر شعبے میں قرآن سے رہنماء ہے۔ اس کے بعد ترجیحات کا تعین لازم ہے۔ متحرک کارکنان کے لئے حالات حاضرہ سے آگاہی لازمی عنصر ہے۔ ان خیالات کا اظہار حلقہ خواتین جماعت اسلا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 37)

میڈیا سیل حلقہ خواتین کے تحت میڈیا ورکشاپ صوبہ وسطی وشمالی پنجاب سے ثمینہ سعید، عالیہ منصور و دیگر خطاب کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر بس ٹرمینل کے فیصلے پر نظر ثانی کریں، حاجی امان اللہ حسنی

بس ٹرمینل کو اپنے پرانے جگہ پر بحال کیا جائے نہ ہوئے کی صورت میں احتجاج کرینگے' ٹرانسپورٹرز

تفتان (پ ر) قبائلی معتبر میر عبید اللہ محمد حسنی کی سربراہی میں تفتان کے قبائلی معتبرین میر حاجی امان اللہ محمد حسنی، ملک منور کشانی، حاجی خدائے رحیم محمد حسنی، حیدر علی محمد حسنی، محمد خالد محمد حسنی، شاہ جان ساسولی، بشیر احمد محمد حسنی، ظہیر احمد محمد حسنی، محمد قاسم محمد حسنی، ملک عبدالرحمٰن محمد حسنی، صدام ساسولی، نعمت ساسولی، مقبول ساسولی، سلطان محمد حسنی، عنایت اللہ محمد حسنی، ملک عبدالنور (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

صوبائی حکومت اور پولیس ہوش کے ناخن لے، عوامی حلقے

پسماندہ صوبہ کی غریب عوام کو روزگار دینے کے بجائے ان سے روزگار چھینا جارہا ہے

لورالائی (یو این اے) صوبہ بلوچستان رقبے کے حساب سے سب سے بڑا صوبہ اور پسماندگی اور غربت کے حساب سے غریب اور لاچار صوبہ ہے پورے صوبہ بلوچستان میں نہ کوئی کارخانہ اور نہ ہے کو بڑی فرمیں ہیں صوبے کی عوام کے ذرائع آمدن زمیندار یا مالداری سے وابسطہ ہے اور عرصہ دراز سے خشک سالی کا شکار رہنے کے بعد زمیندار اور مالدار دو وقت کی روٹی کے محتاج ہو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

پاکستان میڈیا کونسل کی صوبائی قیادت کا دورہ میر پور خاص

صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، نعمان شیخ

میر پور خاص (نمائندہ خصوصی) گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے مطابق پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ سندھ کے صوبائی چیئرمین نعمان شیخ اور صوبائی صدر محمود احمد قادری سندھ بھر میں جاری ممبر سازی مہم اور تنظیمی امور سے متعلق بات چیت کے سلسلے میں پاکستا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

وفاقی حکومت کی بلوچستان کیساتھ متعصبانہ رویہ کسی صورت قبول نہیں اسد بلوچ

اقتدار ہماری منزل نہیں محدود وسائل میں رہتے ہوئے بنیادی عوامی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کی اور کرتے رہینگے

سابقہ پی ایس ڈی پی میں بھی کٹ لگانا ہماری نااتفاقیوں اور چند ایک گروہی مفادات کے بھیانک شکل ہے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی صدر صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ خالی خولی اور جذباتی نعروں سے بلوچستانی عوام کے زخموں کا مداحوں ممکن نہیں اور نہ ہی زبانی جمع خرچیوں کی آڑ میں سطحی مفادات کے حصول کی مزید کوئی گنجائش موجود ہے۔ بلوچستان میں غربت بیروزگاری کے خاتمے اور باصلاحیت نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی سمیت مجموعی بنیادی مسائل کے حل کیلئے بلاتفریق عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ بلوچستان میں مختلف ادوار کے آزمائشی فارمولے ترقی و خوشحالی کے بجائے پسماندگی اور بدحالی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 42)

کوئٹہ، بی این پی عوامی کے مرکزی صدر میر اسد اللہ بلوچ سے بی این پی عوامی کے مرکزی رہنما ڈاکٹر عبید اللہ مری قدرت اللہ دری و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام دالبندین شہید حمید چوک پر مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

دالبندین (یو این اے) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام دالبندین شہید حمید چوک پر مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور جلسہ۔ جلسے سے نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر میر عاطف بلوچ ضلعی رابطہ سیکریٹری محمد بخش عمران بلوچ تحصیل ناب صدر عبدالحق بابل بلوچ تحصیل سیکریٹری غلام اللہ بلوچ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 40)

جیکب آباد میں شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل

جیکب آباد (پ ر) جیکب آباد میں شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے تھانہ محمد پور اوڈھو کی حدود گوٹھ نصر اللہ دستی میں ملزم علی جان نے فائرنگ کرکے اپنی بیوی گل خاتون کو قتل کردیا اور فرار ہوگیا۔ اطلاع پر پولیس نے پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 36)

اوستا محمد کی ترقی وخوشحالی کے لئے ہم سب کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا' ریاض حسین

خوشحال بلوچستان پیپلز پارٹی کا وژن ہے آئندہ عام انتخابات میں کامیابی حاصل کرینگے' رہنماء پی پی

اوستا محمد (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما معروف قبائلی شخصیت میر ریاض حسین ہجوانی نے کہا ہے کہ خوشحال بلوچستان پیپلز پارٹی کا وژن ہے بلوچستان کا وزیر اعلیٰ پیپلز پارٹی کا جیالا ہوگا آئندہ عام انتخابات میں اوستا محمد سے پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار زادہ میر فیصل خان جمالی بھاری اکثریت کے ساتھ کامیابی حاصل کریں گے اوستا محمد سمیت بلوچستان بھر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 35)

خاران' یونیورسٹی آف رخشان کے قیام میں تاخیر کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال

خاران (پ ر) آل پارٹیز سول سوسائٹی اور طلباء کمیٹی کے مشترکہ کال پر بازار پنچائیت کے تعاون سے یونیورسٹی آف رخشان کے قیام سے متعلق تاخیر اور احکام کی عدم دلچسپی کے خلاف شہر بھر میں مکمل شٹر ڈاون ہڑتال رہی جس سے تمام کاروباری وتجارتی مراکز بند رہے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 34)

ملازمین کو وفاق کی جانب سے دیئے گئے 35 فیصد پر عمل درآمد کی جائے' عبداللہ رند

وفاقی حکومت کی مانند بلوچستان حکومت ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کرے' صدر اپکا نصیر آباد

نصیر آباد (پ ر) اپکا نصیر آباد ڈویژن کے صدر عبداللہ رند اور جنرل سیکرٹری بابو برکت علی نے کہا ہے کہ اگر بلوچستان حکومت نیوفاق کے طرف سے دیئے 35% میں سیا یک بھی فیصد کم کرنیکی کوشش کی تو اپکا بھرپور افرادی قوت سیمقابلہ کرنیکو تیار ہے پورے بلوچستان کی حکومتی مشینری کو جام کرینگے ملازمین کیحقوق پر ڈاکہ ڈالنیکی ہرگز اجازت نہیں دی جائیگی صوبائی وزراء (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 32)

پسنی میں منشیات کی سرعام فروخت، نوجوان نسل تباہ ہونے لگی

گوادر (پ ر) پسنی میں منشیات کی سرعام فروخت، نوجوان نسل تباہ ہونے لگی، پولیس اس دھندہ کے مرکزی منشیات فروشوں کو گرفتار کرنے کی بجائے فرضی کارروائیاں کرنے میں مصروف۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ساحلی شہر پسنی میں منشیات کی سرعام فروخت سے نوجوان نسل تباہ ہونے لگی ہے، پولیس اس دھندہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 33)

لورالائی ہسپتال میں ڈاکٹر موجود نہ ہونے کی وجہ سے کرنٹ لگنے سے نوجوان زندگی کی بازی ہار گیا

مظاہرین کو ڈاکٹروں کے خلاف ایکشن لینے کی یقین دھانی پر احتجاج ختم کردیا تحصیلدار ثناء اللہ لونی

لورالائی (یو این اے) کلی شعبان میں ایک نوجوان کو سولر کا کرنٹ لگنے سے شدید متاثر حالت میں لورالائی ٹیچنگ ہسپتال لایا گیا ہسپتال میں ڈیوٹی پر ڈاکٹر موجود نہ ہونے اور کافی ٹائم انتظار کرکے بھی ڈاکٹر کے نہ آنے پر مریض زندگی کی بازی ہار گیا لواحقین نے بتایا کہ ڈیوٹی پر ڈاکٹر نہ ہونے کی وجہ سے ہمارا مریض ہمارے سامنے تڑپ تڑپ کر مرگیا انہوں نے کہا کہ لو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

مسلم باغ پی ایچ ای کے تمام ٹیوب ویل کو فنڈ نہ ملنے کے باعث بند کردیئے گئے

سیکریٹری پی ایچ ای کا جانبدارانہ رویہ کی وجہ سے 1 لاکھ سے زائد آبادی پینے کے پانی سے محروم ہیں، سردار آصف سرگڑھ

حکومت اور سیکریٹری پی ایچ ای کی جانب سے پچھلے 2 سال سے فنڈ فراہمی کے وعدے کئے جارہے لیکن تاحال نہیں مل سکا

مسلم باغ (نامہ نگار) مسلم باغ کے تمام واٹر سپلائی کو فنڈز نہ ملنے کے باعث بند کردیے گئے ہیں۔ جس کی وجہ سے عوام پینے کا پانی سے محروم ہیں۔ تفصیلات کے مطابق مسلم باغ پی ایچ ای کے ساتھ حکومت اور سیکریٹری پی ایچ ای کی جانب سے پچھلے 2 سال سے وعدے کیے جارہے تھے مگر تاحال مسلم باغ پی ایچ ای کو پیسے نہیں مل سکے۔ سال 2022 میں سیکریٹری پی ایچ ای بلوچستان کی جانب سے مسلم باغ پی ایچ ای کو 1.50 کروڑ روپے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

کوئٹہ، انٹرنیشنل پراپرٹی ایکسپو میں لوگ مختلف شہروں میں زمین کی خریداری میں مصروف ہے

پیپلز پارٹی نے ملک کو ایک بار پھر جمہوریت کی راہ پر گامزن کیا، حاجی علی مدد جتک

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر حا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

ڈیرہ مراد جمالی' کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق

نصیر آباد (پ ر) ڈیرہ مراد جمالی بابا کوٹ کے علاقے چالیس ڈپ نزدیک بھوسہ سے بھری ٹریکٹر ٹرالی پر بیٹھے شخص محمد شر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

پولیو ورکر خواتین نااہل انچارج افسران سے پریشان

نااہل انچارج ٹھنڈے کمروں میں بیٹھ کر جان پر کھیلنے والی خواتین کو بلاجواز تنگ کرتے ہیں

محنتی خواتین کو معمولی باتوں پر کام سے نکالنے کی دھمکیاں، اعلیٰ حکام